مطالعۂ قرآنِ حکیم کا

منتخب نصاب

حصّہ اوّل

نکات برائے درس وتدریس

انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی (قرآن اکیڈمی) — رجسٹرڈ
قرآن اکیڈمی، خیابانِ راحت، درخشاں، ڈیفنس، فیز VI، کراچی
فون نمبر: 4-35340022 فیکس: 35350393
ای میل: info@quranacademy.com
ویب سائیٹ: www.quranacademy.com

نام کتاب	:	منتخب نصاب (درسی) حصہ اول
مؤلف	:	حافظ انجینیر نوید احمد رحمۃ اللہ علیہ
ناشر	:	مدیر مطبوعات، انجمن خدام القرآن سندھ ، کراچی مرکزی دفتر :B-375علامہ شبیر احمد عثمانیؒ روڈ بلاک 6، گلشن اقبال ، کراچی فون : +92-21-34993436-7
ای میل	:	Publications@QuranAcademy.com
ویب سائٹ	:	www.QuranAcademy.com
طبع 01 تا 10	:	10500
طبع 11	:	شعبان المعظم1442ھ مارچ 2021ء
تعداد	:	=/1100

انتساب

اُن باہمت حضرات وخواتین کے نام

جو الفاظِ قرآنی

هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ (یونس 10:58)

پر یقین کی عملی مثال قائم کرتے ہوئے

اور حدیثِ نبوی ﷺ

خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَه (بخاری)

کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے

دنیا کی عارضی لذتوں کے مقابلے میں

آخرت کی ابدی کامیابی کے حصول کے لیے

اپنی بہترین صلاحیتیں

قرآنِ کریم کے سیکھنے اور سکھانے کے لیے

وقف کر دیں۔

فہرست

1. منتخب نصاب کا تعارف 5

2. تعارفِ قرآنِ حکیم 8

3. درسِ اوّل: سورۃ العصر[103] "لوازمِ نجات" 28

4. درسِ دوم : آیۂ بِرّ (سورۃ البقرۃ[2]: 177) "حقیقتِ بِرّ و تقویٰ" 58

5. درسِ سوم: سورۃ لقمان[31] آیات 12تا 19 "مقامِ عزیمت" 79

6. درسِ چہارم : حقیقت و اقسامِ شرک 101

7. درسِ پنجم: سورۃ حم السجدۃ[41] آیات 30-36 "حظِّ عظیم" 135

حوالہ جات:

- "مطالعہ قرآنِ حکیم کا منتخب نصاب" کتابی صورت میں جس میں منتخب نصاب میں شامل تمام مقامات کا متن اور ترجمہ موجود ہے۔
- "مطالعہ قرآنِ حکیم کا منتخب نصاب (مفصّل)" دو جلدوں میں جس میں منتخب نصاب میں شامل تمام مقامات کا متن، ترجمہ اور تفسیر موجود ہے۔
- منتخب نصاب کے تمام مقامات کے مختصر لیکن جامع دروس پر مشتمل الہدیٰ سیریز کے 44 لیکچرز پر مشتمل MP3 سی ڈی۔
- منتخب نصاب کے تمام مقامات کے تفصیلی دروس پر مشتمل 12 ویڈیو DVDs/ 2 آڈیو MP3 سی ڈی

منتخب نصاب کا تعارف

قرآنِ حکیم ایک ایسا بحر بیکراں ہے جس کا نہ کوئی متعین کنارہ ہے اور نہ گہرائی کا کوئی سراغ۔ جس طرح سمندر سے موتی نکالنے کے لیے غوطہ زنی کرنی پڑتی ہے بالکل اِسی طرح قرآنِ حکیم میں پوشیدہ علم و حکمت کے خزانے حاصل کرنے کے لیے بھی غوطہ زن ہونا شرط ہے، بقول اقبال "قرآن میں ہو غوطہ زن، اے مردِ مسلماں!"۔

اللہ کے کئی بندوں نے قرآنِ حکیم کے بحرِ ذخار میں غوطہ زنی کی اور مختلف پہلوؤں سے علم و حکمت کے موتی جمع کیے۔ کسی نے احکاماتِ قرآن کے پہلو سے ایسی آیات کو جمع کیا جن میں اوامر و نواہی کا بیان ہے ، کسی نے قرآن حکیم میں بیان شدہ تاریخی واقعات کو مرتب کیا اور کسی نے دورِ جدید کے تسلیم شدہ سائنسی انکشافات کی طرف نشاندہی کرنے والی آیات کا مجموعہ تیار کیا۔

صاحبِ تدبّر قرآن مولانا امین احسن اصلاحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے قرآنِ حکیم کی آیاتِ بینات پر دو سوالات کا جواب حاصل کرنے کے لیے غور و فکر کیا۔ پہلا سوال یہ کہ قرآنِ حکیم کی روشنی میں دینِ اسلام کا جامع تصور کیا ہے؟ اور دوسرا سوال یہ کہ دینِ اسلام کے ایک مسلمان سے عملی تقاضے کیا ہیں؟ جن مقامات پر مولانا کو اِن سوالات کے جوابات حاصل ہوئے ، اُنہیں مولانا نے جمع کیا اور اس مجموعہ کو "منتخب نصاب" کا نام دیا گیا۔ مولانا اسلامی جمعیت طلبہ کے زیرِ انتظام تربیت گاہوں میں اِس نصاب کا درس دیتے رہے۔ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اِس نصاب کو براہِ راست مولانا اصلاحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھا اور کئی بار اِس کا درس بھی دیا۔ اِس دوران محترم ڈاکٹر صاحب رحمۃ اللہ علیہ اِس نصاب میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ فہم کے اعتبار سے اضافے کرتے رہے جن سے اِس نصاب کی ایک واضح بنیاد قائم ہو گئی اور مختلف مقامات کے مضامین میں جو فاصلے تھے وہ بھی بہت حد تک دور ہو گئے۔ محترم ڈاکٹر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اِس نصاب کو چھ حصوں میں تقسیم کیا جن کے مضامین کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

منتخب نصاب حصّہ اوّل:

اِس حصّہ میں سورۃ العصر سمیت چار مقاماتِ قرآنی شامل ہیں۔ سورۃ العصر کو منتخب نصاب کی جڑ اور بنیاد کی حیثیت حاصل ہے۔اِس سورۂ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے آخرت میں خسارہ سے بچنے کے لیے چار شرائط بیان فرمائی ہیں۔ یہ شرائط ہیں ایمان لانا، اچھا عمل کرنا، مل جل کر حق بات کی تلقین کرنا اور حق کی راہ میں آنے والی آزمائشوں پر ایک دوسرے کو صبر کی تاکید کرنا۔ منتخب نصاب کے پہلے حصّہ میں شامل تمام مقاماتِ قرآنی میں یہی چار شرائط مختلف وضاحتوں اور اسالیب کے ساتھ بیان کر دی گئی ہیں،اِسی لیےاِن چاروں مقاماتِ قرآنی کو جامع اسباق قرار دیا جاسکتا ہے۔

منتخب نصاب حصّہ دوم:

منتخب نصاب کے دوسرے حصّہ کا موضوع ہے "ایمان"، یعنی آخرت کے خسارے سے بچنے کی پہلی شرط۔اِس حصّہ میں پانچ اسباق شامل ہیں جو واضح کرتے ہیں کہ ایمان کی حقیقت کیا ہے، ایمان کیسے حاصل ہوتا ہے اور ایمان کے وہ کیا نتائج و ثمرات ہیں جو انسان کے ظاہر و باطن میں نمودار ہوتے ہیں؟

منتخب نصاب حصّہ سوم:

اِس حصّہ کا موضوع ہے عملِ صالح یعنی آخرت کے خسارے سے بچنے کی دوسری شرط۔ یہ حصّہ بھی پانچ دروس پر مشتمل ہے۔اِس حصّہ میں ایک فرد کی ذاتی زندگی کے بارے میں اعمالِ صالحہ کا مضمون شروع ہوتا ہے اور پھر ایک خوبصورت تدریج کے ساتھ خاندان، معاشرہ اور بالآخر ریاست کی سطح پر اعمالِ صالحہ کے بیان پر مکمل ہوتا ہے۔

منتخب نصاب حصّہ چہارم:

منتخب نصاب کے اِس حصّہ کا موضوع ہے آخرت کے خسارے سے بچنے کی تیسری شرط یعنی تواصی بالحق جس سے مراد ہے باہم مل جل کر اور اہتمام سے حق بات کی تلقین کرنا۔ تواصی بالحق معاشرے

میں جہاد فی سبیل اللہ کا پہلا مرحلہ ہے، لہٰذا کہا جا سکتا ہے کہ منتخب نصاب کا یہ حصّہ جہاد فی سبیل اللہ سے بحث کرتا ہے۔اِس حصّہ میں بھی پانچ ہی اسباق ہیں۔

منتخب نصاب حصّہ پنجم:

منتخب نصاب کے پانچویں حصّہ کا موضوع ہے صبر و مصابرت یعنی آخرت کے خسارے سے بچنے کی چوتھی شرط۔صبر و ثبات، ہمت و جرأت اور پامردی و استقلال کی کامل ترین مثال تھے محمدؐ رسول اللہ ﷺ۔لہٰذا منتخب نصاب کے اِس حصّہ کے اسباق، دورِ نبوی ﷺ میں پیش آنے والے صبر کے مختلف مواقع سے ایک تدریج کے ساتھ بحث کرتے ہیں۔یہ حصّہ دس اسباق پر مشتمل ہے۔

منتخب نصاب حصّہ ششم:

منتخب نصاب کا چھٹا اور آخری حصّہ قرآنِ حکیم کی ایک مکمل سورۃ یعنی سورۃ الحدید کے تفصیلی مطالعہ پر مشتمل ہے۔سورۃ الحدید دینی تقاضوں کے موضوع پر قرآنِ حکیم کی جامع ترین سورۂ مبارکہ ہے۔گویا منتخب نصاب کے پہلے حصّہ کے چار اسباق کی طرح منتخب نصاب کا آخری حصّہ بھی ایک جامع سبق پر مشتمل ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلِ الْقُرْاٰنَ

اے اللہ بنادے قرآن کو

رَبِیْعَ قُلُوْبِنَا --- وَ --- نُوْرَ صُدُوْرِنَا

ہمارے دلوں کی بہار اور ہمارے سینوں کا نور

وَجِلَآءَ اَحْزَانِنَا --- وَ --- ذَھَابَ ھُمُوْمِنَا وَغُمُوْمِنَا

اور ہمارے دکھوں کا مداوا اور ہمارے تفکرات و غموں کا دور کرنے والا

تعارفِ قرآنِ حکیم

1) قرآنِ حکیم کیا ہے؟

قرآنِ حکیم اصل میں اللہ کی کتاب ہے لیکن نزول کے اعتبار سے یہ اللہ کا کلام ہے۔ اللہ کے پاس قرآنِ حکیم کتابی صورت میں محفوظ ہے:

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ (البروج85:21-22)

"بلکہ وہ عزت والا قرآن ہے جو ایک محفوظ تختی میں لکھا ہوا ہے"۔

وَ اِنَّهٗ فِيْۤ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ (الزخرف43:4)

"اور وہ ہمارے پاس لوحِ محفوظ میں بڑے رتبہ کی اور حکمت بھری کتاب ہے"۔

اِسی لیے قرآنِ حکیم اپنے آپ کو بار بار کتاب کہتا ہے جیسے:

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ (البقرة2:2)

"یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں"۔

تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ (یوسف12:1، الشعراء26:2، القصص28:2)

"یہ واضح کتاب کی آیات ہیں"۔

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ (الزمر39:1، الجاثیة45:2، الاحقاف46:2)

"اِس کتاب کا اتارا جانا ہے اُس اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے کمالِ حکمت والا"۔

قرآنِ حکیم اللہ کا کلام اِس معنی میں ہے کہ اِس کا نزول نبی اکرم ﷺ پر تحریری صورت کے بجائے کلام کی صورت میں ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ التوبۃ9 آیت 6 میں قرآنِ حکیم کو اپنا کلام قرار دیا:

وَ اِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ

"اور اگر کوئی مشرک تم سے پناہ کا طلب گار ہو تو اُس کو پناہ دو یہاں تک کہ وہ اللہ کا کلام سن لے"۔

سورۃ الحاقۃ[69] آیت 40 اور سورۃ التکویر[81] آیت 19 میں اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ کے الفاظ کے ذریعے قرآنِ حکیم کو رسولِ ملک حضرت جبرائیل علیہ السلام کا قول کہا گیا کیوں کہ اللہ کا کلام اُنہی کے ذریعے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا۔

قرآنِ حکیم کے برعکس تورات تحریری صورت میں نازل فرمائی گئی۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ كَتَبْنَا لَهٗ فِي الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ (الاعراف7:145)

"اور ہم نے اُن (یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام) کے لیے ہر بات تختیوں میں لکھ دی تھی"۔

2) قرآنِ حکیم کی عظمت کا کیا مقام ہے؟

- قرآنِ حکیم کی عظمت کی اصل وجہ یہ ہے کہ یہ اللہ کا کلام ہے۔کلام متکلم کی صفت اور اُس کی جملہ صفات کا مظہر ہوتا ہے۔اِسی لیے کلام اللہ کی وہی تاثیر ہے جو تاثیر تجلیِ ذاتِ باری تعالیٰ کی ہے۔اِس حقیقت کو سورۃ الحشر[59] آیت 21 اور سورۃ الاعراف[7] آیت 143 کے تقابلی مطالعے سے سمجھا جا سکتا ہے۔سورۃ الحشر[59] آیت 21 میں ارشاد ہوا:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝۲۱

"اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے دبا اور پھٹا جاتا ہے اور یہ باتیں ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ فکر کریں"۔

وَ لَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَ كَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْۤ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَ لٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۝۱۴۳ (الاعراف7:143)

"اور جب موسیٰ علیہ السلام ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت پر (کوہِ طور پر) پہنچے اور اُن کے رب نے اُن سے کلام کیا تو کہنے لگے کہ اے اللہ! مجھے (اپنا جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار (بھی) کروں۔اللہ نے فرمایا کہ تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے، ہاں پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو اگر یہ اپنی جگہ قائم رہا تو تم مجھے

دیکھ سکو گے۔ جب اُن کے رب نے پہاڑ پر تجلی ڈالی تو اُس کو کر دیا ریزہ ریزہ اور موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو کر گر پڑے"۔

معلوم ہوا کہ پہاڑ پر جو اثر اللہ کی ذات کی تجلی پڑنے سے ہوا، وہی اثر اُس وقت بھی ظاہر ہوتا اگر اس پر قرآن نازل کر دیا جاتا۔ سورۃ الحشر 59 آیت 21 میں یہ بھی واضح کر دیا گیا کہ در حقیقت یہ ایک مثال ہے جو اللہ لوگوں کے غور و فکر کے لیے بیان فرما رہا ہے۔ گویا قرآنِ حکیم کی عظمت کا اصل مقام صرف اللہ ہی کے علم میں ہے جس کا یہ کلام ہے یا اِس کا ادراک کسی درجے میں نبی کریم ﷺ کو حاصل ہوا جن کے مبارک قلب پر قرآنِ حکیم نازل ہوا۔

- اللہ کا کلام ہونے کی وجہ سے ہی قرآنِ حکیم، صاحبِ قرآن یعنی نبی کریم ﷺ کا ایک ایسا معجزہ ہے جس کا مقابلہ بندوں کا کلام نہیں کر سکتا۔ عربی زبان کا مقولہ ہے:

كَلَامُ الْمَلِكِ مَلِكُ الْكَلَامِ

"بادشاہ کی بات، باتوں کی بادشاہ ہوتی ہے"۔

یہی وجہ ہے کہ قرآنِ حکیم میں اعتراض کرنے والوں کو للکارا گیا کہ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ قرآنِ حکیم اللہ کا کلام نہیں بلکہ اِسے محمد ﷺ نے خود سے بنا لیا ہے تو پھر مقابلہ میں اِس جیسا کلام پیش کر کے دکھائیں۔ اِرشاداتِ باری تعالیٰ ہیں:

اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾

(الطور 52: 33-34)

"کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اِس کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے؟ بات یہ ہے کہ یہ (اللہ پر) ایمان نہیں رکھتے۔ پس اِنہیں چاہیے کہ اِس جیسا کلام بنا کر لے آئیں اگر یہ (اپنے اعتراض میں) سچے ہیں"۔

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَ لَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾ (بنی اسرائیل 17: 88)

"(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے کہ اگر تمام انسان اور جنات جمع ہو جائیں اِس بات پر کہ اِس قرآن جیسا

کلام بنالائیں تو وہ اِس جیسا کلام نہ لا سکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہی کیوں نہ ہوں"۔

جب معترضین اِس چیلنج کا جواب نہ دے سکے تو اللہ نے فرمایا کہ پورا قرآن لانا ممکن نہ ہو تو دس سورتیں ہی لے آؤ:

اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰىہُ ؕ قُلۡ فَاۡتُوۡا بِعَشۡرِ سُوَرٍ مِّثۡلِہٖ مُفۡتَرَیٰتٍ وَّ ادۡعُوۡا مَنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۱۳﴾ (ھود11:13)

"کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اِس کو اپنی طرف سے بنالیا ہے؟ کہہ دیجیے بنا کر لے آؤ اِس طرح کی بنائی ہوئی دس سورتیں اور (اِس کے لیے) بلالو جن کو تم بلا سکتے ہو اللہ کے سوا اگر تم (اپنے اعتراض میں) سچے ہو"۔

جب اعتراض کرنے والے مقابلہ میں دس سورتیں بھی پیش نہ کر سکے تو اللہ نے آخری بات ارشاد فرمادی کہ چلو ایک ہی سورۃ بنا کر دکھادو:

اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰىہُ ؕ قُلۡ فَاۡتُوۡا بِسُوۡرَۃٍ مِّثۡلِہٖ وَ ادۡعُوۡا مَنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۳۸﴾ (یونس10:38)

"کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اِس کو اپنی طرف سے بنالیا ہے؟ کہہ دیجیے بنا کر لے آؤ اِس طرح کی ایک سورت اور (اِس کے لیے) بلالو جن کو تم بلا سکتے ہو اللہ کے سوا اگر تم (اپنے اعتراض میں) سچے ہو"۔

وَ اِنۡ کُنۡتُمۡ فِیۡ رَیۡبٍ مِّمَّا نَزَّلۡنَا عَلٰی عَبۡدِنَا فَاۡتُوۡا بِسُوۡرَۃٍ مِّنۡ مِّثۡلِہٖ ۪ وَ ادۡعُوۡا شُہَدَآءَکُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنۡ لَّمۡ تَفۡعَلُوۡا وَ لَنۡ تَفۡعَلُوۡا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیۡ وَ قُوۡدُہَا النَّاسُ وَ الۡحِجَارَۃُ ۚ اُعِدَّتۡ لِلۡکٰفِرِیۡنَ ﴿۲۴﴾ (البقرۃ2:23-24)

"اور اگر تم شک میں ہو اِس (کتاب) کے بارے میں جو ہم نے اپنے بندے (حضرت محمد ﷺ) پر نازل فرمائی ہے تو اِسی طرح کی ایک سورۃ تم بھی بنالاؤ اور اللہ کے سوا جو تمہارے مددگار ہوں اُن کو بھی بلالو اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر تم نے ایسا نہیں کیا اور تم ہرگز ایسا کر بھی نہ سکو گے تو ڈرو اُس آگ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے، جو تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے "۔

- سورۃ الحشر[59] آیت 21 کے علاوہ قرآنِ حکیم نے جن مقامات پر اپنی عظمت بیان کی ہے اُن میں سے چند یہ ہیں:

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَ قُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ (الزمر[39]:23)

"اللہ نے نازل فرمائی ہے بہترین بات، یہ ایسی کتاب ہے جس کے مضامین ملتے جلتے (اور) دہرائے جاتے ہیں، اِس سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اُن لوگوں کے جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے، پھر اُن کے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کی یاد کی طرف (متوجہ) ہو جاتے ہیں"۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ۬ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ (یونس[10]:57-58)

"لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے کہ یہ (قرآن) اللہ کے فضل اور اُس کی مہربانی سے (نازل ہوا) ہے تو چاہیے کہ لوگ اِس پر خوشیاں منائیں، یہ اُس (مال و اسباب) سے کہیں بہتر ہے جو لوگ جمع کرتے ہیں"۔

كَلَّاۤ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ (عبس[80]:11-16)

"دیکھو یہ (قرآن) نصیحت ہے، پس جو چاہے اِسے یاد رکھے، قابلِ ادب ورقوں میں (لکھا ہوا) ہے، جو بلند مقام پر رکھے ہوئے نہایت پاکیزہ ہیں، (اور ایسے) لکھنے والے کے ہاتھوں میں ہے، جو عزت والے نیکوکار ہیں"۔

اَلرَّحْمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾ (الرحمٰن[55]:1-4)

"(اللہ جو) نہایت مہربان ہے۔ اُسی نے قرآن سکھایا۔ انسان کو پیدا کیا۔ اُسے بیان کرنے کی

صلاحیت دی"۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿۷۶﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۷﴾ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَ تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾

(الواقعة56: 75-82)

"پس نہیں! میں قسم کھاتا ہوں تاروں کے ڈوبنے کے مقامات کی۔ اور اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے۔ یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے۔ (جو) کتاب محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے۔ اِس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں۔ پروردگارِ عالم کی طرف سے اتارا گیا ہے۔ کیا تم اِس کلام سے انکار کرتے ہو؟ اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ تم اِسے جھٹلاتے ہو؟"

- عظمتِ قرآن کے موضوع پر نبی اکرم ﷺ کے کئی ارشادات ہیں۔ اُن میں سے ایک خطبہ یہ ہے:

عظمتِ قرآن بزبانِ صاحبِ قرآن ﷺ

حضرت حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دفعہ مسجد میں گیا تو لوگ (دُنیوی) باتوں میں مشغول تھے تو میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور اُن سے کہا کہ اے امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ ! کیا آپ نہیں دیکھتے کہ لوگ (دُنیوی) باتوں میں مشغول ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ کیا واقعی لوگ ایسا کر رہے ہیں؟ میں نے جواب دیا: ہاں۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

اَمَا اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ اَلَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ فَقُلْتُ مَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ كِتَابُ اللهِ فِيْهِ نَبَاءُ مَا كَانَ قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ وَهُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ مَنْ تَرَكَهٗ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدٰى فِيْ غَيْرِهٖ اَضَلَّهُ اللهُ وَهُوَ حَبْلُ اللهِ الْمَتِيْنُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيْمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ وَهُوَ الَّذِيْ لَا تَزِيْغُ بِهِ الْاَهْوَآءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْاَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَآءُ وَلَا يَخْلَقُ عَلٰى كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا تَنْقَضِيْ عَجَآئِبُهٗ هُوَ الَّذِيْ لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ اِذْ سَمِعَتْهُ حَتّٰى قَالُوْا: اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْۤ اِلَى الرُّشْدِ

فَأَمَّا بِهٖ مَنْ قَالَ بِهٖ صَدَقَ وَمَنْ عَمِلَ بِهٖ أُجِرَ وَمَنْ حَكَمَ بِهٖ عَدَلَ وَمَنْ دَعَا اِلَيْهِ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ[1]

"سن لو! میں نے اللہ کے رسول ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ ایک بڑا فتنہ آنے والا ہے! میں نے عرض کیا! اے اللہ کے رسول ﷺ! اِس فتنہ سے نجات پانے کا ذریعہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ کی کتاب"۔ اِس میں تم سے پہلی امتوں کے (سبق آموز) واقعات ہیں اور تمہارے بعد کی اطلاعات (یعنی اعمال واخلاق کے مستقبل میں ظاہر ہونے والے دُنیوی واخروی نتائج) بھی ہیں اور تمہارے درمیان جو مسائل پیدا ہوں گے اُن کا حکم اور فیصلہ (عادلانہ حل) موجود ہے، وہ فیصلہ کن کلام ہے (یعنی دنیا اور آخرت میں فیصلے اِس کی بنیاد پر ہوں گے) اور وہ فضول بات نہیں ہے، جو سرکشی کی وجہ سے اِس کو چھوڑے گا اللہ تعالیٰ اُس کو توڑ کے رکھ دے گا اور جو قرآن کے بغیر ہدایت تلاش کرے گا، اللہ اُس کو گمراہ کر دے گا (یعنی وہ ہدایت سے محروم رہے گا)۔ قرآن ہی اللہ کی مضبوط رسّی (یعنی اللہ سے تعلق کا مضبوط وسیلہ) ہے اور وہی حکمت بھرا ذکر ہے اور وہی صراطِ مستقیم ہے، وہی حق مبین ہے جس کے اتباع سے خیالات کجی سے محفوظ رہتے ہیں اور زبانیں اِس میں تحریف نہیں کر سکتیں (یعنی جس طرح پچھلی کتابوں کو محرّفین نے کچھ کا کچھ پڑھ کر اُن کو تبدیل کر دیا اِس طرح قرآن میں کوئی تحریف نہیں ہو سکے گی) اور علم والے کبھی اِس کے علم سے سیر نہیں ہوں گے (یعنی قرآن میں تدبّر کا عمل اور حقائق ومعارف کی تلاش کا سلسلہ ہمیشہ ہمیش جاری رہے گا اور کبھی ایسا وقت نہیں آئے گا کہ قرآن کا علم حاصل کرنے والے محسوس کریں کہ ہم نے علم قرآن پر پورا عبور حاصل کر لیا ہے بلکہ اُن کے علم کی طلب اور بڑھتی جائے گی) اور وہ (قرآن) کثرتِ تلاوت سے کبھی پرانا نہیں ہوگا (یعنی جس طرح دنیا کی دوسری کتابوں کا حال ہے کہ بار بار پڑھنے کے بعد اُن کے پڑھنے میں آدمی کو لطف نہیں آتا، قرآنِ مجید کا معاملہ بالکل برعکس ہے یہ جتنا پڑھا جائے گا اور جتنا اِس میں تدبّر و تفکر کیا جائے گا اتنا ہی اِس کے لطف و لذت میں اضافہ ہوگا) اور اِس کے عجائب

---

(1) سنن الترمذی، کتاب فضائل القرآن عن رسول اللہ، باب ما جاء فی فضل القرآن، و سنن الدارمی، کتاب فضائل القرآن، باب فضل من قرء القرآن

(یعنی دقیق ولطیف حقائق اور معارف) کبھی ختم نہیں ہوں گے۔ قرآن کی یہ شان ہے کہ جب جنات نے اِس کو سنا تو بے اختیار پکار اٹھے:

اِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا عَجَبًا ۙ یَّهۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ (الجن72: 1-2)

"ہم نے دل کو متاثر کرنے والا قرآن سنا ہے جو رہنمائی کرتا ہے بھلائی کی طرف پس ہم اِس پر ایمان لے آئے"۔

جس نے قرآن کے مطابق بات کہی اُس نے سچی بات کہی اور جس نے قرآن پر عمل کیا وہ مستحقِ اجر وثواب ہوا جس نے قرآن کے مطابق فیصلہ کیا اُس نے عدل کیا اور جس نے قرآن کی طرف دعوت دی اُس کو صراطِ مستقیم کی ہدایت نصیب ہو گئی"۔

3) قرآنِ حکیم کیوں نازل ہوا؟

- قرآنِ حکیم نوعِ انسانی کی روحانی تسکین کے لیے نازل ہوا۔ اللہ ہمارا رب ہے۔ اُس نے جہاں ہماری مادّی ضروریات کی تسکین کا سامان کیا ہے وہیں ہماری روحانی ضروریات کو بھی پورا کیا ہے۔ بقول جگر مرادآبادی:

؎ جھوٹی ہے ہر ایک مسرت روح اگر تسکین نہ پائے

روح اللہ کے پاس سے آئی ہے، اِس کے اندر اللہ کی قربت کا شدید میلان ہے اور اِس کی تسکین اللہ کے ذکر اور اُس کی اطاعت سے ہوتی ہے۔ قرآنِ حکیم نوعِ انسانی کی روحانی ضرورت پوری کرنے یعنی اُس کے لیے ہدایت کے طور پر نازل ہوا۔ Potentially قرآنِ حکیم هُدًی لِّلنَّاسِ (البقرة2: 185) یعنی ہر انسان کے لیے ہدایت ہے۔ البتہ اِس سے ہدایت صرف طلبگاروں کو ملتی ہے یعنی یہ هُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ہے (البقرة2: 2)۔

- قرآنِ حکیم ذریعۂ حصول ثواب و برکت بھی ہے لیکن اِس کے یہ فوائد ضمنی ہیں۔ ہمیں اِس کتاب سے بطورِ کتابِ ہدایت استفادہ کرنا چاہیے۔

4) قرآنِ حکیم کب نازل ہوا؟

قرآنِ حکیم دو مراحل میں نازل ہوا۔ در منثور میں علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور جامع البیان میں امام طبری نے رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ پہلے مرحلہ میں قرآنِ حکیم لیلۃُ القدر میں لوحِ محفوظ سے دُنیوی آسمان تک ایک ہی دفعہ میں نازل کیا گیا اور پھر دوسرے مرحلہ میں دُنیوی آسمان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وقفہ وقفہ سے نازل کیا جاتا رہا۔ نزولِ قرآن کے پہلے مرحلہ کو انزال اور دوسرے کو تنزیل کہا جاتا ہے۔ دوسرا مرحلہ 610 تا 632ء تک جاری رہا۔

5) قرآنِ حکیم کہاں نازل ہوا؟

قرآنِ حکیم سرزمینِ حجاز یعنی مکہ، مدینہ اور اِن شہروں کے اطراف کے علاقہ میں نازل ہوا۔ البتہ سورۃ البقرۃ 2 کی آخری دو آیات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج کی شب آسمان پر عطا کی گئیں۔

6) قرآنِ حکیم کیسے نازل ہوا؟

قرآنِ حکیم کا نزول نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلبِ مبارک پر ہوا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَإِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللّٰهِ (البقرۃ 2: 97)

"(اے نبی) کہہ دیجیے کہ جو کوئی دشمن ہو احضرت جبرائیل علیہ السلام کا (تو وہ سن لے) کہ اُنہوں نے تو (اِس قرآن) کو نازل کیا ہے آپ کے قلبِ مبارک پر اللہ کے حکم سے"۔

قرآنِ حکیم کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مادّی وجود نے نہیں بلکہ روح الامین یعنی جبرائیل علیہ السلام سے روحِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصول کیا بقول جگر مرادآبادی:

؎ نغمہ وہی ہے نغمہ کہ جس کو روح سنے اور روح سنائے

7) قرآنِ حکیم کے کتنے نام ہیں؟

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الاتقان فی علوم القرآن" میں قرآنِ حکیم کے 55 نام نقل کئے ہیں مثلاً القرآن، المصحف، الکتاب، الفرقان، الھدٰی، النور، الموعظہ، الذکر،

المھیمن، الحکیم، العزیز، المبین، العلی، الکریم، المجید، احسن الحدیث وغیرہ۔

8) قرآنِ حکیم کس زبان میں نازل ہوا؟

قرآنِ حکیم دیہات کی خالص عربی زبان میں نازل ہوا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ لَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّهُمۡ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِىۡ يُلۡحِدُوۡنَ اِلَيۡهِ اَعۡجَمِىٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيۡنٌ ۝ (النحل16: 103)

"اور ہمیں معلوم ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ اِس (پیغمبر ﷺ) کو ایک شخص سکھلا جاتا ہے، جس شخص کی طرف اِس کی نسبت کرتے ہیں اُس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ قرآن صاف عربی زبان میں ہے"۔

نَزَلَ بِهِ الرُّوۡحُ الۡاَمِيۡنُ ۝ عَلٰى قَلۡبِكَ لِتَكُوۡنَ مِنَ الۡمُنۡذِرِيۡنَ ۝ بِلِسَانٍ عَرَبِىٍّ مُّبِيۡنٍ ۝

(الشعراء26: 193-195)

"اِس (قرآن) کو روح الامین لے کر اترے ہیں (اے نبی ﷺ) آپ کے قلبِ مبارک پر، واضح عربی زبان میں تاکہ آپ ہو جائیں خبردار کرنے والوں میں سے"۔

9) قرآنِ حکیم کا اُسلوب کیا ہے؟

قرآنِ حکیم کا اُسلوب تقریری ہے۔ قرآنِ حکیم کی ہر سورۃ اللہ تعالیٰ کا ایک خطبہ ہے۔ خطیبانہ اُسلوب کی درج ذیل اہم خصوصیات قرآنِ حکیم کی بڑی سورتوں میں نمایاں طور پر نظر آتی ہیں:

i. ابتدائی اور آخری حصّہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔
ii. تحویلِ خطاب ہوتا ہے یعنی مخاطبین بدلتے رہتے ہیں اور کبھی حاضر کو غائب یا کبھی غائب کو حاضر تصور کر کے گفتگو کی جاتی ہے۔
iii. سوالات و اعتراضات کو بیان کیے بغیر اِس انداز میں جواب دیا جاتا ہے کہ سننے والا سوالات و اعتراضات کو خود ہی سمجھ لیتا ہے۔
iv. خطیب کا مقام و مرتبہ، پاکیزہ کردار اور پختہ یقین بیان میں دلیل کا کام دیتا ہے۔

قرآنِ حکیم کا اسلوب نہ عام نثر کا سا ہے اور نہ ہی شاعرانہ۔ قرآنِ حکیم میں اِس بات کی زوردار نفی کی گئی کہ قرآنِ حکیم شاعری ہے۔ سورۃ یٰس 36 آیت 69 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝

"اور ہم نے اُن (پیغمبر) کو شعر گوئی نہیں سکھائی اور نہ وہ اُن کو شایانِ شان ہے یہ تو محض نصیحت اور واضح قرآن ہے"۔

وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۝ (الحاقہ 69:41)

"اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں لیکن تم لوگ بہت ہی کم ایمان لاتے ہو"۔

10) قرآنِ حکیم کی ترتیب وتدوین کس طرح ہوئی؟

- قرآنِ حکیم کی ترتیب دو اعتبارات سے ہے۔ ایک ہے ترتیبِ نزولی جس کے اعتبار سے پہلی سورۃ العلق ہے جس کی ابتدائی پانچ آیات پر پہلی وحی مشتمل تھی۔ دوسری ہے ترتیبِ تلاوت جس کے اعتبار سے پہلی سورۃ الفاتحہ ہے۔
- ترتیبِ تلاوت کے اعتبار سے قرآنِ حکیم کی تدوین نزول کے ساتھ ساتھ ہوتی رہی جس کے حسبِ ذیل مراحل ہیں:

i. قرآنِ حکیم نبی اکرم ﷺ کے سینۂ مبارک میں محفوظ کر دیا گیا اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ آپ ﷺ ہر سال رمضان میں نازل شدہ قرآن کا ترتیب کے ساتھ دورہ فرماتے رہے۔ حیاتِ مبارکہ کے آخری سال میں آپ ﷺ نے دو بار حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ دورۂ قرآن فرمایا (۱)

ii. نبی اکرم ﷺ نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی کثیر تعداد کو قرآنِ حکیم حفظ کروایا۔

iii. آپ ﷺ سورتوں اور آیات کے مقام کے تعین کے ساتھ قرآنِ حکیم کی کتابت بھی کراتے رہے۔ یہ کتابت پتھر کی پتلی تختیوں، چمڑے کے پتلے ٹکڑوں، درخت کی چھالوں اور چوڑی ہڈیوں پر کی جاتی رہی۔ البتہ آپ ﷺ کے دور میں مکمل قرآنِ حکیم، ایک کتابی نسخے کی صورت میں جمع نہیں کیا گیا۔

iv. حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں قرآنِ حکیم کو کتابی صورت میں یکجا کیا

(۱) صحیح البخاری، کتاب فضائل القرآن، بَاب كَانَ جِبْرِيْلُ يَعْرِضُ الْقُرْآنَ عَلَى النَّبِيِّ

گیا۔ یہ عظیم کام حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی قیادت میں ایک کمیٹی نے کیا۔

v. حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ہی کی قیادت میں ایک کمیٹی نے قرآنِ حکیم کو قریش کے لہجہ کے مطابق ایک رسم الخط میں تحریر کیا اور اِس کی سات نقول اہم شہروں میں بطور Reference رکھوادی گئیں۔

vi. قرآنِ حکیم قیامت تک کے لیے محفوظ ہے کیوں کہ اِس کی حفاظت اللہ نے اپنے ذمہ لے رکھی ہے:

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ ۝ (الحجر 15:9)

"بے شک ہم ہی نے یہ "ذِکر" اتارا ہے اور ہم ہی اِس کی حفاظت کرنے والے ہیں"۔

ہر دور میں لاکھوں افراد کا حافظِ قرآن ہونا، حفاظتِ قرآن کا ایک حیرت انگیز ذریعہ ہے۔

11) قرآنِ حکیم کی ترکیب و تقسیم کیا ہے؟

- قرآنِ حکیم کی سب سے چھوٹی اکائی آیت ہے۔ آیات کی تعداد 6236 ہے۔ جن فقہا کے نزدیک "بِسۡمِ اللّٰہِ" کا کلمہ ہر سورۃ کا جزو ہے، اُن کے نزدیک اس کلمہ کی شمولیت سے آیات کی تعداد زیادہ ہو جاتی ہے۔ دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آیات کی ترکیب سے سورتوں کو مرتب کیا جاتا رہا۔ سورتوں کی تعداد 114 ہے۔ بعد ازاں سورتوں کی ترکیب سے منازل یا احزاب کا تعین کیا گیا جن کی تعداد 7 ہے۔ اِس تعداد کی حکمت یہ ہے کہ روزانہ ایک منزل کی تلاوت کی جائے تاکہ ایک ہفتہ میں تلاوتِ کلامِ پاک کی تکمیل ہو سکے۔ آیات اور سورتوں کی طرح منازل کا تعین بھی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بذاتِ خود فرمایا۔

- دورِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد سورتوں کو رکوعوں میں تقسیم کر دیا گیا تاکہ نماز کی ایک رکعت میں کسی بڑی سورۃ کا اتنا حصّہ تلاوت کیا جا سکے جس میں ایک مضمون کی تکمیل ہوتی ہو۔ رکوعوں کی کل تعداد 558 ہے۔ اِسی طرح پورے قرآنِ حکیم کو 30 پاروں میں تقسیم کیا گیا تاکہ ایک ماہ میں تلاوتِ کلامِ پاک کی تکمیل ہو سکے۔

- پچھلی صدی کے آغاز میں مولانا امین احسن اصلاحی رحمۃ اللہ علیہ کے استاد مولانا حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ علیہ

نے اِس نکتہ پر غور کیا کہ قرآنِ حکیم میں مکی اور مدنی سورتیں ایک ساتھ کیوں نہیں ہیں۔ اِس غور و فکر کے دوران اُن پر انکشاف ہوا کہ قرآنِ حکیم میں مکی اور مدنی سورتوں کے 7 گروپ ہیں۔ ہر گروپ کے شروع میں ایک یا ایک سے زائد مکی سورتیں ہیں اور پھر ایک یا ایک سے زائد مدنی سورتیں ہیں۔ ہر گروپ کا ایک خاص مرکزی موضوع ہے۔ اِن سات گروپس کی تفصیلات کچھ اِس طرح سے ہیں:

گروپ	مکی سورتیں	تعداد	مدنی سورتیں	تعداد	موضوعات
پہلا	الفاتحة	1	البقرة-المائدة	4	احکاماتِ شریعت
دوسرا	الانعام-الاعراف	2	الانفال-التوبة	2	ایمان بالرسالت
تیسرا	یونس-المؤمنون	14	النور	1	ایمان بالرسالت
چوتھا	الفرقان-السجدة	8	الاحزاب	1	ایمان باللہ
پانچواں	سبا–الاحقاف	13	محمد-الحجرات	3	ایمان باللہ
چھٹا	ق–الواقعه	7	الحدید-التحریم	10	ایمان بالآخرت
ساتواں	الملك-الاخلاص	46	الفلق-الناس	2	ایمان بالآخرت

12) قرآنِ حکیم کے فہم سے کیا مراد ہے؟

فہمِ قرآنِ حکیم کے مختلف پہلو ہیں:

- **تذکّر اور تدبّر**:

فہمِ قرآن کے اِن دونوں پہلوؤں کا ذکر سورۃ ص[38] کی آیت 29 میں وارد ہوا:

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَ لِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾

"(یہ قرآن) ایک بابرکت کتاب ہے جو ہم نے آپ ﷺ پر نازل کی ہے تاکہ لوگ اِس کی آیات پر تدبّر کریں اور سمجھ دار لوگ اِس سے نصیحت حاصل کریں"۔

تذکر کے معنی ہیں یاد دہانی حاصل کرنا یا نصیحت اخذ کرنا۔ قرآن مجید کی کسی سورۃ یا آیت پر سرسری غور و فکر کر کے اُس میں بیان کیے گئے مضامین کا لبِّ لباب یعنی Central

Ideaاور اخلاقی و عملی ہدایت (Moral Lesson) سمجھ لینا اور اُس سے یہ بنیادی رہنمائی حاصل کرنا کہ کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا" تذکّر بالقرآن" کہلاتا ہے۔تذکّر بالقرآن کی ضرورت ہر انسان کو ہے خواہ وہ عوام میں سے ہو یا خواص میں سے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ تذکّر کے اعتبار سے قرآنِ حکیم انتہائی آسان اور واضح کتاب ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ لَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝ (القمر 54:17،22،32،40)

"اور ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو یاد دہانی کے لیے تو کوئی ہے جو اِس سے یاد دہانی حاصل کرے"۔

تذکّر کے اعتبار سے قرآن حکیم اِس لیے آسان ہے کہ اِس کا موضوع اور اساسی مضامین فطرتِ انسانی کے جانے پہچانے ہیں اور سلیم الطبع انسان کو اپنے باطن کی آواز محسوس ہوتے ہیں۔ پھر قرآنِ حکیم کا طرزِ استدلال بڑا ہی فطری و سادہ اور اِس کی زبان فصاحت و بلاغت کی معراج ہونے کے باوجود عام طور پر انتہائی آسان ہے۔مشکل مضامین کو سبق آموز واقعات اور دل نشین مثالوں کے ذریعہ آسان بنادیا گیا ہے۔اگر اتنی عربی سیکھ لی جائے جس سے براہِ راست قرآنِ مجید کا ترجمہ سمجھا جاسکے تو اِس سے کسی درجہ میں تذکر کا حق ادا ہو جاتا ہے۔ سمجھ سمجھ کر آیاتِ قرآنی کی تلاوت سے اللہ تعالیٰ اور اُس کے احکامات کی یاد دہانی اِسی طرح حاصل ہوتی ہے جس طرح کسی دوست کا تحفہ یا نشانی دیکھ کر وہ دوست یاد آجاتا ہے۔

تدبّر کے معنی ہیں گہرا غور و فکر۔قرآنِ حکیم کے کسی حصّہ پر گہرا غور و فکر کر کے اِس کے مضامین میں پوشیدہ حکمت و فلسفہ کو سمجھ لینا "تدبّر فی القرآن" کہلاتا ہے۔ " تذکّر " کے اعتبار سے قرآن مجید جس قدر آسان ہے "تدبّر" کے پہلو سے اتنا ہی مشکل۔ بلاشبہ قرآنِ مجید ایک ایسی وسیع و عمیق کتاب ہے کہ پوری زندگی کھپا کر بھی تدبّر کا حق ادا نہیں کیا جا سکتا۔اِس سمندر میں اترنے والوں کو معلوم ہوتا ہے کہ نہ اس کی گہرائیوں کا اندازہ ممکن ہے

اور نہ ہی اِس کے کناروں کا سراغ مل سکتا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ حضراتِ مفسرین نے قرآن حکیم کے علم و حکمت کی گہرائیوں میں غوطہ زنی کے لیے پوری پوری زندگیاں صرف کرنے اور ضخیم سے ضخیم تفاسیر لکھنے کے باوجود اِس بات کا دعویٰ نہیں کیا کہ اُنہوں نے تدبّر قرآن کا حق ادا کر دیا یا اِنہیں فہم قرآن پر عبور حاصل ہو گیا۔

تدبّر قرآن کی کٹھن منزل تک رسائی کے لیے ضروری ہے کہ انسان اپنی پوری زندگی تعلیم و تعلّمِ قرآن کے لیے وقف کر دے۔ اِس کے لیے عربی زبان کے قواعد کا پختہ اور گہرا علم، عربی ادب کا ستھرا ذوق، عربی زبان کی فصاحت و بلاغت کا عمیق فہم، نظم قرآن اور اِس کی حکمت پر گہری نظر، احادیثِ مبارکہ اور قدیم صحفِ آسمانی کا تفصیلی مطالعہ اور پچھلے دور کے مفسرین کی کاوشوں پر ایک تحقیقی نگاہ ضروری ہے۔ پھر ہر دور کے جدید علوم کا مطالعہ بھی کرنا پڑے گا تاکہ اِن علوم کے ذریعہ پیدا ہونے والے اشکالات کا مدلل جواب دیا جا سکے اور نئے نئے مسائل کا قرآن و سنت کی روشنی میں حل پیش کیا جا سکے۔

تدبّر قرآن مشکل ضرور ہے لیکن اِس کی اہمیت و ضرورت اپنی جگہ ایک حقیقت ہے کیوں کہ اِس کی وجہ سے:

i. قرآنِ حکیم کے مضامین کی حکمت و عجائبات سمجھ میں آتے ہیں جن سے انسان کا ایمان شعوری سطح پر پہنچ جاتا ہے اور وہ یقینِ قلبی حاصل ہوتا ہے جس سے اِس کتاب کی عظمت دل میں بیٹھ جاتی ہے۔

ii. معاشرے کے ذہین اور سوچنے سمجھنے والے عناصر کو، جو از خود معاشرے کی قیادت کے منصب پر فائز ہوتے ہیں، قرآنِ حکیم کی تعلیمات سے متاثر کیا جا سکتا ہے اور اُن کے ذہنوں میں اٹھنے والے یا جدید علوم کی وجہ سے پیدا ہونے والے سوالات کا جواب دیا سکتا ہے۔

iii. مختلف شعبہ ہائے زندگی سے متعلق جدید نظریات اور تمدنی ارتقاء کے نتیجے میں تشکیل پانے والے اداروں کے صحیح و غلط اجزاء کو چھانٹ کر علیحدہ کیا جا سکتا ہے اور

عصر حاضر کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے قرآن وسنت کی روشنی میں اسلام کا عادلانہ اور قابل عمل نظام مرتب کیا جاسکتا ہے۔

اِسی لیے ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ :

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوۡنَ الۡقُرۡاٰنَ اَمۡ عَلٰی قُلُوۡبٍ اَقۡفَالُہَا ﴿۲۴﴾ (محمد47:24)

"تو کیا وہ قرآن پر تدبّر نہیں کرتے یا دلوں پر لگے ہوئے ہیں اُن کے تالے؟"

- **محکم اور متشابہ آیات** :

قرآنِ حکیم میں کچھ آیات کا مفہوم بہت سادہ اور عام فہم ہے۔ یہ وہ آیات ہیں جن میں احکامات یعنی اوامر ونواہی (Dos & Don'ts) بیان کیے گئے ہیں۔ اِنہیں محکمات کہا جاتا ہے۔ ہمارے غور وفکر کا ارتکاز انہیں آیات پر ہونا چاہیے۔ کچھ دوسری آیات ہیں جن کے مضامین کی اصل حقیقت اللہ ہی جانتا ہے اور اِسے سمجھنے سے ہماری عقلیں عاجز ہیں۔ ایسی آیات کو متشابہات کہا جاتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ہُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ مِنۡہُ اٰیٰتٌ مُّحۡکَمٰتٌ ہُنَّ اُمُّ الۡکِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِہٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِیۡنَ فِیۡ قُلُوۡبِہِمۡ زَیۡغٌ فَیَتَّبِعُوۡنَ مَا تَشَابَہَ مِنۡہُ ابۡتِغَآءَ الۡفِتۡنَۃِ وَ ابۡتِغَآءَ تَاۡوِیۡلِہٖ ۚ وَ مَا یَعۡلَمُ تَاۡوِیۡلَہٗۤ اِلَّا اللّٰہُ ۘ وَ الرّٰسِخُوۡنَ فِی الۡعِلۡمِ یَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا بِہٖ ۙ کُلٌّ مِّنۡ عِنۡدِ رَبِّنَا ۚ وَ مَا یَذَّکَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ﴿۷﴾ (آلِ عمران3:7)

"وہی تو ہے (اللہ) جس نے آپ پر کتاب نازل کی جس کی بعض آیتیں محکم ہیں (اور) وہی اصل کتاب ہیں اور بعض متشابہ ہیں۔ تو جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ متشابہات کے پیچھے پڑ جاتے ہیں تاکہ فتنہ برپا کریں اور اُن آیات کی مرادِ اصلی کا پتہ لگائیں حالانکہ اُن کی مرادِ اصلی اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جو لوگ علم میں پختگی رکھتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم اُن پر ایمان لائے۔ یہ سب آیات ہمارے رب کی طرف سے ہیں اور نصیحت تو عقلمند ہی قبول کرتے ہیں"۔

گویا جن کے دلوں میں ٹیڑھ ہوتا ہے وہ آیاتِ متشابہات کو غور و فکر کا موضوع بناتے ہیں اور اِن کے مضامین کی عقلی توجیہات کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ درست روش یہ ہے کہ ہم ایمان بالغیب کا اظہار کرتے ہوئے اِن آیات کی حقانیت کی بھی صدقِ دل کے ساتھ تصدیق کریں اور اللہ سے دعا کرتے رہیں:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ (آلِ عمران3:8)

"اے اللہ جب تو نے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اُس کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر دینا اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، بے شک تو بڑا عطا فرمانے والا ہے"۔

- **تاویلِ خاص اور تاویلِ عام:**

قرآنِ حکیم کی آیات اکثر و بیشتر کسی خاص پس منظر میں اور کسی شانِ نزول کے ساتھ نازل ہوئی ہیں۔ آیات کا اُن کے پس منظر اور شانِ نزول کی روشنی میں سمجھنا تاویلِ خاص کہلاتا ہے۔ البتہ چوں کہ قرآنِ حکیم ہر دور کے لیے ہدایت ہے، باالفاظِ قرآنی:

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ (الانبیاء21:10)

"ہم نے تمہاری طرف ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں تمہارا تذکرہ ہے کیا تم نہیں سمجھتے؟"

لہٰذا قرآنِ حکیم کی آیات میں ایک عمومی مفہوم بھی ہوتا ہے جس کا فہم تاویلِ عام کہلاتا ہے۔ تاویلِ خاص کے ساتھ ساتھ تاویلِ عام کا فہم، قرآنِ حکیم کی عظمت کا نقش دل پر قائم کرتا ہے اور یہ محسوس ہوتا ہے کہ قرآنِ حکیم وہ "کتابِ زندہ" ہے جو ہر دور کے مسائل کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرتی ہے۔

- **عقائد اور اوامر و نواہی کا فہم:**

قرآنِ حکیم میں عقائد اور زندگی کے مختلف شعبہ جات کے حوالے سے جو اوامر و نواہی دیے گئے ہیں، اِن کے فہم کے لیے ہمیں احادیث مبارکہ، سنت نبوی ﷺ، اقوال و آثارِ

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلفِ صالحین رحمۃ اللہ علیہم کی تعلیمات اور عمل سے رہنمائی لینی چاہیے تاکہ ہم انکارِ حدیث اور استخفافِ سنت کے فتنہ سے محفوظ رہ سکیں، بقولِ شاعر:

؎ زاجتہادِ عالمانِ کم نظر اقتداء بر رفتگاں محفوظ تر

- **سا ئنسی حقا ئق کا فہم:**

قرآنِ حکیم میں بعض سائنسی حقائق بھی بیان کیے گئے ہیں یا اُن کی طرف اشارے کیے گئے ہیں۔اُن کے فہم کے لیے ہمیں جدید سے جدید تحقیقات سے اِستفادہ کرنا ہوگا۔

- **قرآن حکیم کااصل فہم:**

قرآنِ حکیم کا اصل فہم تو اِسی صورت میں حاصل کیا جاسکتا ہے جبکہ دینِ حق کے غلبے کے لیے اِسی طرح کی جدوجہد کی جائے جس طرح کی جدوجہد کے دوران مختلف معاملات میں رہنمائی کے لیے قرآنِ حکیم نازل ہوتا رہا۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ الَّذِیۡنَ جَاهَدُوۡا فِیۡنَا لَنَهۡدِیَنَّهُمۡ سُبُلَنَا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۶۹﴾

(العنکبوت29:69)

"جو لوگ ہماری راہ میں جہاد کرتے ہیں ہم انہیں ضرور اپنے راستوں کی ہدایت دیتے ہیں"۔

مولانا مودودی رحمۃ اللہ علیہ نے "تفہیم القرآن" کے مقدمہ میں اِس نکتہ کی خوب وضاحت فرمائی ہے:

"لیکن فہمِ قرآن کی اِن ساری تدبیروں کے باوجود آدمی قرآن کی روح سے پوری طرح آشنا نہیں ہونے پاتا جب تک کہ عملاً وہ کام نہ کرے جس کے لیے قرآن آیا ہے۔یہ محض نظریات اور خیالات کی کتاب نہیں ہے کہ آپ آرام دہ کرسی پر بیٹھ کر اسے پڑھیں اور اِس کی ساری باتیں سمجھ جائیں۔یہ دنیا کے عام تصورِ مذہب کے مطابق ایک نِری مذہبی کتاب بھی نہیں ہے کہ مدرسے اور خانقاہ میں اِس کے سارے رموز حل کر لیے جائیں۔یہ ایک دعوت اور تحریک کی کتاب ہے۔اِس نے آتے ہی ایک خاموش طبع اور نیک نہاد انسان کو گوشۂ عزلت سے نکال کر خدا سے پھری ہوئی دنیا کے مقابلہ میں لا کھڑا کیا۔باطل کے خلاف اِس سے آواز اٹھوائی اور وقت کے علمبردارانِ کفر و فسق و ضلالت سے اِس کو

لڑادیا۔ گھر گھر سے ایک ایک سعید روح اور پاکیزہ نفس کو کھینچ کھینچ کر لائی اور داعیٔ حق کے جھنڈے تلے اِن سب کو اکٹھا کیا۔ گوشے گوشے سے ایک ایک فتنہ جو اور فساد پرور کو بھڑکا کر اٹھایا اور حامیانِ حق سے اِن کی جنگ کرائی۔ ایک فردِ واحد کی پکار سے اپنا کام شروع کر کے خلافتِ الٰہیہ کے قیام تک پورے 23 سال یہی کتاب اِس عظیم الشان تحریک کی رہنمائی کرتی رہی اور حق و باطل کی اِس طویل و جاں گسل کشمکش کے دوران ایک ایک منزل اور ایک ایک مرحلہ پر اِسی نے تخریب کے ڈھنگ اور تعمیر کے نقشے بتائے۔ اب بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ سرے سے نزاعِ کفر و دین اور معرکۂ اِسلام و جاہلیت کے میدان میں قدم ہی نہ رکھیں اور اِس کشمکش کی کسی منزل سے گزرنے کا آپ کو اتفاق ہی نہ ہوا ہو اور پھر محض قرآن کے الفاظ پڑھ پڑھ کر اِس کی ساری حقیقتیں آپ کے سامنے بے نقاب ہو جائیں۔ اِسے تو پوری طرح آپ اُسی وقت سمجھ سکتے ہیں جب اِسے لے کر اٹھیں اور دعوت الی اللہ کا کام شروع کریں اور جس جس طرح یہ کتاب ہدایت دیتی جائے اِسی طرح قدم اٹھاتے چلے جائیں۔ تب وہ سارے تجربات آپ کو پیش آئیں گے جو نزولِ قرآن کے وقت پیش آئے تھے"۔

13) قرآنِ حکیم کے ایک مسلمان پر کیا حقوق ہیں؟

i. ایمان و تعظیم یعنی دل کی گہرائیوں سے ماننا کہ قرآنِ حکیم اللہ کا کلام ہے۔
ii. تلاوت یعنی آداب کے ساتھ روزانہ قرآنِ حکیم پڑھنا۔
iii. فہم یعنی قرآنِ حکیم کو سمجھنا اور اِس پر غور و فکر کرنا۔
iv. عمل یعنی قرآنِ حکیم کے احکامات پر انفرادی زندگی میں عمل کرنا اور اجتماعی زندگی میں ان کے نفاذ کے لیے کوشش کرنا۔
v. تبلیغ یعنی قرآنِ حکیم کی تعلیمات دوسروں تک پہنچانا۔

درسِ اوّل:

سورۃ العصر "لوازمِ نجات"

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَ الْعَصْرِ ۙ﴿۱﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ﴿۲﴾ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۬ۙ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿۳﴾

ترجمہ:

وَ الْعَصْرِ ۙ﴿۱﴾ ... قسم ہے تیزی سے گزرتے ہوئے زمانے کی ... اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ﴿۲﴾ بے شک تمام انسان واقعی خسارے میں ہیں ... اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ... سوائے اُن کے جو ایمان لائے ... وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ... اور جنہوں نے اچھے عمل کیے ... وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ... اور باہم مل کر حق کی تاکید کی ... وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ... اور باہم مل کر صبر کی تلقین کی۔

تمہیدی نکات:

1. منتخب نصاب کے حصّہ اوّل کا درسِ اوّل سورۃ العصر کے تفصیلی بیان پر مشتمل ہے۔
2. سورۃ العصر قرآنِ حکیم کی مختصر ترین سورتوں میں سے ایک ہے۔ قرآنِ حکیم کی سورتوں اور آیات کا حجم (Size) توقیفی امور میں سے ہے یعنی اِس کے تعین کا کوئی قاعدہ نہیں اور یہ نبی کریم ﷺ کے بتانے پر موقوف ہے۔ قرآنِ حکیم کی کوئی سورۃ تین آیات سے کم پر مشتمل نہیں۔ نیز تین آیات پر مشتمل تین ہی سورتیں ہیں العصر، الکوثر اور النصر۔ ایک رکعت میں سورۃ الفاتحۃ[1] کے بعد قرآنِ حکیم کی تلاوت کا کم سے کم نصاب بھی تین ہی آیات پر مشتمل ہے۔
3. زمانۂ نزول کے اعتبار سے سورۃ العصر قرآنِ حکیم کی اوّلین سورتوں میں سے ایک ہے۔ قرآنِ حکیم کی ترتیبِ نزولی اور ترتیبِ مصحف یعنی ترتیبِ تلاوت مختلف ہیں، البتہ دونوں کا تعین خود اللہ

تعالیٰ نے فرمایا ہے ۔قرآن حکیم کی جو سورتیں ابتدائی دور میں نازل ہوئیں وہ انتہائی محکم (Profound)، جامع لیکن مختصر ہیں۔البتہ ترتیبِ تلاوت کے اعتبار سے یہ قرآن حکیم کے بالکل آخری حصّہ میں ہیں ۔ نزول کے اعتبار سے جو سورتیں بعد میں نازل ہوئیں وہ ابتدائی سورتوں کی تشریح وتفصیل پر مشتمل ہیں۔اِس اُسلوب کا ذکر سورۃ ھود[11] کی پہلی آیت میں اِس طرح سے کیا گیا:

كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝

"(قرآنِ حکیم)وہ کتاب ہے جس کی آیات (دلائل سے) محکم کی گئیں پھر اُن کی وضاحت کی گئی ایک داناو باخبر ہستی (یعنی اللہ) کی طرف سے"۔

4. سورۃ العصر کی عظمت کا اندازہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے شدّتِ تاثر پر مبنی دو اقوال سے کیا جاسکتا ہے:

لَوْ تدبّر النَّاسُ هٰذِهِ السُّوْرَةَ لَوَسِعَتْهُمْ(۱)

"اگر لوگ اِس سورۃ پر غور کریں تو وہ اِسی میں پوری رہنمائی اور کامل ہدایت پالیں گے"۔

لَوْ لَمْ يُنَزَّلْ مِنَ الْقُرْاٰنِ سِوَاهَا لَكَفَتِ النَّاسُ(۲)

"اگر قرآنِ حکیم میں سوائے اِس سورہ ٔمبارکہ کے اور کچھ بھی نہ نازل ہوتا تو صرف یہ سورۃ ہی لوگوں (کی ہدایت) کے لیے کافی ہوتی"۔

اِس قول سے یہ مغالطہ لاحق نہیں ہونا چاہیے کہ معاذ اللہ سورۃ العصر کے علاوہ بقیہ قرآن محض اضافی ہے اور اُس کے نزول کی ضرورت نہ تھی۔ درحقیقت قرآنِ حکیم سورۃ العصر میں بیان شدہ ہدایت کے نکات کی تشریح ہے اور نوعِ انسانی کے لیے اللہ تبارک وتعالیٰ کی حد درجہ رحمت و شفقت کا مظہر ہے۔اِس کا اندازہ کسی درجہ میں ہمیں اِس مثال سے ہو سکتا ہے کہ ایک شفیق استاد کوئی بات اپنے طلبہ کو ذہن نشین کرانا چاہتا ہے تو طرح طرح کے اسالیب، مثالوں اور واقعات سے اُس کی وضاحت کرتا ہے۔ گویا یہ اللہ کی رحمت اور کرم ہے کہ اُس نے تفصیلی

---

(۱) تفسیر ابن کثیر، سورۃ العصر

(۲) تفسیر محمد عبدہ رحمۃ اللہ علیہ

ہدایت کے لیے ہمیں مکمل قرآنِ حکیم جیسی نعمت عطا فرمائی۔سورۃ العصر کی اہمیت حضرت ابو مدینہ دارمی کے اِس قول سے بھی ہوتی ہے:

كَانَ الرَّجُلانِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا الْتَقَيَا لَمْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَقْرَأَ أَحَدُهُمَا عَلَى الآخَرِ: وَالْعَصْرِ إِنَّ الإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ، ثُمَّ يُسَلِّمَ أَحَدُهُمَا عَلَى الآخَرِ(۱)

"نبی اکرم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے دو حضرات ایسے تھے کہ جب باہم ملاقات فرماتے تو اُس وقت تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہوتے جب تک اُن میں سے ایک دوسرے کو سورۃ العصر نہ سنالیتا۔اِس کے بعد ہی اُن میں سے ایک دوسرے کو الوداعی سلام کہتا"۔

5. سورۃ العصر قرآن مجید کے مقصد نزول کے اعتبار سے جامع ترین سورۃ ہے۔قرآن مجید کا مقصد نزول اور اِس کی تعلیمات کا موضوع ہے "ہدایت"۔ہدایت اِس دنیا میں انسان کے لیے سب سے بڑی نعمت ہے۔ہدایت ہے تو دنیا کی دوسری نعمتوں کا استعمال بھی درست ہوگا اور انسان کے لیے فوز و فلاح اور ترقیٔ درجات کا باعث بنے گا۔ہدایت نہ ہونے کی صورت میں بڑی سے بڑی نعمت کا استعمال غلط رخ پر ہوگا اور انسان کی جواب دہی کو مشکل تر کر دے گا۔ سورۃ العصر میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اختصار لیکن حد درجہ جامعیت کے ساتھ انسانوں کے لیے ہدایت یعنی فوز و فلاح کا راستہ اور ابدی خسارے سے نجات کی راہ بیان فرمادی ہے۔ایسے محسوس ہوتا ہے کہ پورا قرآنِ حکیم ہدایت کا شجرِ طیبہ ہے اور سورۃ العصر اِس کا بیج۔جس طرح بیج میں پورا درخت پنہاں ہوتا ہے اِسی طرح سورۃ العصر میں پورا قرآنِ حکیم موجود ہے۔

6. قرآنِ حکیم کی آخری منزل کی سورتوں میں سے اکثر کا موضوع ہے انذارِ آخرت اور سورۃ العصر اِس موضوع کا نقطۂ عروج ہے۔اِس سورۃ کی دوسری آیت میں ایک عام قاعدہ بیان کر دیا گیا کہ تمام کے تمام انسان خسارے میں ہیں۔خسارے سے بچنے کے لیے قرآنِ حکیم میں عام طور پر دو

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی، باب قطعة من المفقود

شرائط کا ذکر کیا جاتا ہے یعنی ایمان اور عملِ صالح، لیکن اِس سورۃ کی تیسری آیت میں چار شرائط کا ذکر کیا گیا ہے۔ گویا عملِ صالح کی وضاحت کی گئی کہ اِس میں نہ صرف خود حق پر ڈٹے رہنا بلکہ حق کی تبلیغ کرنا اور اِس کے نتیجہ میں سامنے آنے والے ردِّ عمل کو برداشت کرنا بھی شامل ہے۔

7. ادبی اعتبار سے سورۃ العصر "سہلِ ممتنع" کا شاہکار ہے یعنی ایک ایسا ادب پارہ ہے جس میں انتہائی دقیق و اعلیٰ علمی مضامین نہایت سادہ الفاظ میں بیان کر دیے گئے ہیں، گویا دریا کو کوزے میں بند کر دیا گیا ہو۔ بقولِ شاعر:

؎ گنجینۂ معنی کا طلسم اِس کو سمجھیو
جو لفظ کہ غالب میرے اشعار میں آوے

غالب کے اشعار کے لیے یہ دعویٰ درست ہو یا نہ ہو لیکن اللہ کے کلام کے لیے یہ بات صد فیصد درست ہے۔

8. سورۃ العصر کو اساسی مباحثِ قرآن کے لیے اشاریہ (Index) بھی قرار دیا جا سکتا ہے کیوں کہ اِس سورۃ میں وارد چھ کلمات یعنی العصر، خسر، ایمان، عملِ صالح، تواصی بالحق اور تواصی بالصبر قرآنِ حکیم کے جملہ مضامین کے عنوانات ہیں۔ قرآنِ حکیم میں بیان کیے گئے تاریخی حقائق و واقعات کے لیے جامع عنوان ہے "العصر"۔ لفظ "خسر" انسانوں کے دُنیوی و اخروی خسارے کا عنوان ہے جس کی تفصیل قرآن میں جا بجا بیان ہوئی۔ توحید، رسالت، آخرت وغیرہ سے متعلق عقائد کا بیان اور انسان کے فکر و عمل پر ان کے ذریعہ مرتب ہونے والے اثرات کے بیان پر مشتمل ایمانی مباحث کے لیے عنوان کی حیثیت لفظ "ایمان" کو حاصل ہے۔ "عملِ صالح" کی اصطلاح بنیادی انسانی اخلاقیات سے لے کر حقوق اللہ، حقوق العباد، عبادات، معاملات اور جملہ احکاماتِ شریعت کا احاطہ کرتی ہے۔ تواصی بالحق عنوان ہے دعوت، تبلیغ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے مباحث کا۔ اِسی طرح جہاد و قتال فی سبیل اللہ اور اِن کے ضمن میں صبر و مصابرت کی تلقین پر مشتمل مضامین تواصی بالصبر کے ذیل میں شمار کیے جا سکتے ہیں۔ "ایمان"، "عملِ صالح"، "تواصی بالحق" اور "تواصی بالصبر" کی اصطلاحات کی وضاحت قرآنِ حکیم میں جس

تفصیل کے ساتھ وارد ہوئی ہے، اُسی کا کسی درجہ میں مطالعہ، ہم منتخب نصاب کے دروس کے ذریعہ کریں گے۔

سورۂ مبارکہ پر غور و فکر

قرآنِ حکیم پر غور و فکر کے دو درجے:

قرآنِ حکیم پر غور و فکر کے دو درجے ہیں یعنی تذکّر اور تدبّر۔ تذکّر سے مراد ہے قرآنِ حکیم کے کسی حصّہ پر سرسری غور کر کے اُس میں بیان کیے گئے مضامین کا لبِّ لباب یعنی Central Idea اور اخلاقی و عملی ہدایت یعنی Moral & Practical guidance کو سمجھ لینا۔ تدبّر کا مفہوم ہے قرآنِ حکیم کے کسی حصّہ پر گہرا غور و فکر کر کے اِس کے مضامین میں پوشیدہ حکمت و فلسفہ کو سمجھ لینا۔

تذکر کے اعتبار سے قرآنِ مجید ایک بہت آسان اور واضح کتاب ہے۔ اِس حقیقت کو سورۃ القمر[54] میں چار مرتبہ بیان کیا گیا:

وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝ (آیات: 17، 22، 32، 40)

"اور ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو یاد دہانی کے لیے تو کوئی ہے جو اِس سے یاد دہانی حاصل کرے"۔

تدبّر کے پہلو سے قرآنِ مجید ایک ایسی وسیع و عمیق کتاب ہے کہ پوری زندگی کھپا کر بھی تدبّر کا حق ادا نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ حکیم پر تدبّر نہ کرنے والوں کو بڑے سخت انداز میں جھنجھوڑا ہے:

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۝ (سورۃ محمد 47: 24)

"تو کیا وہ قرآن پر تدبّر نہیں کرتے یا دلوں پر تالے لگ رہے ہیں"۔

سورۃ العصر پر غور و فکر بطریقِ تذکّر

سورۃ العصر کی تین آیات پر اگر سرسری غور و فکر کیا جائے تو پانچ امور بالکل واضح طور پر محسوس ہوتے ہیں:

1. اِس سورۃ میں زورِ کلام بہت نمایاں ہے اور انتہائی تاکیدی اُسلوب میں اِس حقیقت سے خبردار کیا گیا ہے کہ ہر انسان شدید ترین خسارے سے دوچار ہونے والا ہے سوائے اِس کے کہ وہ نجات کی

چار شرائط پوری کردے۔ یوں تو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی فرمائی ہوئی ہر بات اپنی صداقت اور حقانیت پر بذاتِ خود دلیلِ کامل ہے لیکن اللہ نے قسم کھا کر سورۃ العصر میں بیان شدہ حقیقت کو زورِ کلام اور حد درجہ تاکید عطا کردی ہے۔ پھر دوسری آیت میں لفظ "اِنَّ" (بے شک) اور "فِیْ" سے قبل "لام تاکید" کے استعمال نے تو پورے مضمون کو انتہائی مؤکد کر دیا ہے۔

2. اِس سورۂ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے انسان کی کامیابی و ناکامی کا اصل معیار واضح فرمایا ہے۔ ہر انسان کے سامنے کامیابی اور ناکامی کا ایک معیار ضرور ہوتا ہے، اِسی کے مطابق وہ اپنے لیے مقصدِ زندگی کا انتخاب کرتا ہے اور پھر اِسی کے اعتبار سے اُس کی دنیا کی زندگی کی محنت و مشقت اور جدوجہد کا رخ متعین ہوتا ہے۔ ہم اگر تاریخِ انسانی پر غور کریں، اپنے گرد و پیش کا جائزہ لیں اور خود اپنے اندر جھانک کر دیکھیں تو محسوس ہوگا کہ اکثر و بیشتر انسانوں کے سامنے کامیابی و ناکامی کا معیار مال و دولت، زمین و جائیداد، حیثیت و وجاہت، اقتدار و دبدبہ، عزت و شہرت وغیرہ ہیں۔ انسانوں کی اکثریت ان ہی چیزوں کے حصول کے لیے اپنی ساری محنت و مشقت صرف کرتی ہے۔ جس کے پاس یہ چیزیں ہوں اُسے کامیاب سمجھا جاتا ہے اور جس کے پاس نہ ہوں اُسے ناکام۔ بعض اوقات تو حلال و حرام اور جائز و ناجائز کی تمیز ختم کرکے ان چیزوں کو حاصل کرنے کے لیے پورا زور صرف کر دیا جاتا ہے۔ پھر ان چیزوں کے حامل انسان کی دنیا میں عزت کی جاتی ہے خواہ وہ سیرت و کردار کے اعتبار سے کتنا ہی گھٹیا ہو اور غریبوں، بے کسوں اور یتیموں کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی خواہ وہ سیرت و کردار کی کیسی ہی بلندی پر ہوں۔

دنیا میں عام طور پر جن چیزوں کو کامیابی و ناکامی کا معیار سمجھا گیا ہے اُن میں سے سب سے زیادہ اہمیت روپیہ پیسہ اور مال و دولت کے حصول کو دی جاتی ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ ہمیں اکثر انسان امتحانِ زندگی میں مال کی محبت کی وجہ سے ناکام ہوتے نظر آتے ہیں۔ اِسی لیے سورۃ العصر میں اللہ نے کامیابی و ناکامی کا معیار بتایا لیکن اِس سے قبل سورۃ التکاثر میں اور اِس کے بعد سورۃ الھمزۃ میں مال و دولت کو محبوب رکھنے والوں کے لیے شدید وعیدیں بیان کیں۔

سورۃ العصر میں یہ عظیم حقیقت سامنے آتی ہے کہ انسان کی کامیابی کا انحصار چار شرائط پر ہے یعنی ایمان، عملِ صالح، تواصی بالحق اور تواصی بالصبر۔ جس شخص نے یہ شرائط پوری کیں وہ کامیاب ہے خواہ وہ کسی محل میں رہنے والا بادشاہ ہو یا کسی جھونپڑی میں بسنے والا فقیر۔ اِس کے برعکس جو ایسا نہیں کرتا وہ ایک ناکام، نامراد اور خائب و خاسر انسان ہے چاہے اُس کے پاس قارون کی سی دولت ہو یا فرعون و نمرود کی سی بادشاہی۔ اِسی طرح وہی شخص کامیاب اور بامراد ہے جو مطلوبہ شرائط پوری کرتا ہے خواہ وہ مال و دولت کے اعتبار سے تہی دست ہو، اُسے فاقوں کا سامنا ہو، اُس کے پاس سر چھپانے کے لیے جگہ نہ ہو، دنیا میں غیر معروف اور گمنام ہو اور کوئی اُسے پوچھتا تک نہ ہو۔

مندرجہ بالا حقیقت کو تسلیم کرنا آسان لیکن اِس پر دل کا ٹھک جانا بہت مشکل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہر ملاقات میں ایک دوسرے کو یہ سبق سنایا کرتے تھے تاکہ بار بار اِس کی یاد دہانی ہوتی رہے۔ البتہ جس انسان کا دل اِس حقیقت پر ٹھک جائے، اُس کی زندگی میں انقلاب آجاتا ہے۔ دنیا کا ساز و سامان جسے وہ پہلے اہم ترین سمجھتا تھا اب انتہائی حقیر نظر آنے لگتا ہے اور اُس کی نگاہ میں دنیا و مافیھا کی حقیقت اللہ کی رضا اور آخرت کی نعمتوں کے مقابلہ میں مچھر کے پر سے بھی کم ہو جاتی ہے۔

3. اِس سورۃ میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہماری نجات کے لیے چار شرائط بیان فرمائی ہیں۔ نجات کے حصول کے لیے چاروں شرائط ضروری ہیں اور کسی ایک کو بھی ساقط نہیں کیا جا سکتا۔ قرآن حکیم اللہ کا کلام ہے۔ یہ کسی شاعر کا کلام نہیں کہ اِس میں کچھ الفاظ کا اضافہ محض زیبِ داستاں کے لیے یا ردیف و قافیہ کی ضرورت کے تحت یا صرف مبالغہ آمیزی کی خاطر کر دیا گیا ہو۔ اگر ان چاروں چیزوں میں سے کسی ایک کو بھی ساقط کر دیا تو نجات کی ذمہ داری قرآنِ حکیم پر نہیں رہے گی ۔ بالکل ایسے ہی جیسے اگر کوئی ماہر معالج کسی مریض کو چار ادویات پر مشتمل نسخہ لکھ کر دے اور مریض اپنی مرضی سے کسی ایک دوا کو کم کر دے تو اب اُس نسخہ کی ذمہ داری معالج پر نہیں ہو گی بلکہ خود مریض پر ہو گی۔

آج مسلمانوں کی ایک عظیم اکثریت محض نسلی مسلمان ہونے اور ایمان کے صرف زبانی اقرار کی وجہ سے خود کو جنت کا حق دار سمجھتی ہے اور غیر مسلموں کو انتہائی حقارت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بقولِ اقبال:

؎ خبر نہیں کیا ہے نام اِس کا خدا فریبی کہ خود فریبی
عمل سے فارغ ہوا مسلماں بنا کے تقدیر کا بہانہ

تقدیر نے ہمیں مسلمانوں کے ہاں پیدا کیا اور محض اِسی بنیاد پر ہم نجات کی امید لگائے بیٹھے ہیں۔ عمل کو ترقیٔ درجات کا ذریعہ اور اضافی نیکی سمجھتے ہیں۔ حق کی دعوت دینا اور اِس راہ کی مشکلات کو برداشت کرتے ہوئے صبر و استقامت کا مظاہرہ کرنا تو ہمارے فرائض کی فہرست ہی سے خارج ہے۔ ضرورت اِس بات کی ہے کہ مسلمانوں کے ذہنوں میں یہ بات کوٹ کوٹ کر ڈالی جائے کہ نجات کے لیے عمل صالح ناگزیر ہے اور اِس سے آگے بڑھ کر حق کی دعوت دینا اور اِس راہ کی تمام مشکلات پر ثابت قدم رہنا نجاتِ اخروی کے لیے لازمی و لابدی ہے ۔ جب تک یہ حقیقت ذہنوں میں راسخ نہیں ہوتی ہماری بے عملی، جمود اور عمل سے گریز اور فرار کی روش کا خاتمہ نہیں ہو سکتا۔

4. اِس سورۃ میں کامیابی کی بلند ترین منازل یا فوز و فلاح کے اعلیٰ مراتب کا نہیں بلکہ ناکامی سے بچنے اور نجات حاصل کرنے کے لیے کم از کم اور ناگزیر شرائط کا بیان ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ تمام انسانوں کو ناکام قرار دے رہا ہے۔ کامیاب صرف وہ ہیں جو چاروں شرائط پوری کریں۔ گویا یہاں اے ون یا اے گریڈ میں کامیاب ہونے کا نہیں بلکہ محض آخری درجے میں پاس ہونے کے لیے ان تقاضوں کا بیان ہے جن کے بغیر نجاتِ اخروی کی توقع ہی نہیں۔ ہاں جو ان تقاضوں کی ادائیگی میں زیادہ سے زیادہ قربانی دے گا اور عزیمت کی راہ اختیار کرے گا، اُس کے درجات بلند ہوتے چلے جائیں گے۔

5. غور کیا جائے تو محسوس ہو گا کہ سورۃ العصر میں دراصل ایک معقول اور صاحبِ کردار انسان کی روش اور طرزِ عمل کا بیان ہے۔ ایک معقول آدمی وہ ہے کہ جب اُس کے سامنے کوئی بات رکھی

جائے تواُسے سنے، مصلحتوں اور تعصبات سے بالاتر ہو کر اُس پر غور کرے اور اگر دل گواہی دے کہ بات درست ہے تواُسے مان لے۔ مان لینے کے بعد معقول طرزِ عمل یہ ہے کہ اُس پر عمل کرے۔ پھر دوسروں سے محبت اور خلوص کا تقاضا ہے کہ وہ بات اُن تک بھی پہنچائے۔ اِس بات کی تبلیغ کے دوران اگر کوئی دقت پیش آئے یا کسی کی ناراضگی کا اندیشہ ہو تو پامردی اور استقلال کا ثبوت دیتے ہوئے اِس بات کو بیان کرتا رہے۔ اگر مندرجہ بالا مراحل میں سے کسی ایک کو بھی اختیار نہ کیا تو ایسا انسان بزدل اور کمزور سیرت و کردار کا حامل کہلائے گا۔

سورۃالعصر پر غور و فکر بطریقِ تدبّر

آیت 1:

وَالْعَصْرِ ۝١

قسم ہے تیزی سے گزرتے ہوئے زمانے کی

- اِس آیت میں حرف "وَ" قسم کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ قسم کھائی جاتی ہے کسی شے کی تاکہ اُسے اپنی بات پر گواہ بنایا جائے اور اُس سے اپنی بات میں زور پیدا کیا جائے۔ اِس آیت میں اللہ نے زمانے کو گواہ بنا کر یہ حقیقت بیان فرمائی ہے کہ انسانوں کی اکثریت گھاٹے اور خسارے میں ہے۔ زمانہ قوموں کے عروج و زوال کا بہترین گواہ ہے۔ زمانہ مسلسل چل رہا ہے، مستقبل کو حال اور حال کو ماضی بنا رہا ہے اور قوموں کی عبرت آموز تاریخ کا مشاہدہ کرتے ہوئے اپنے اندر سمیٹ رہا ہے۔ ہزاروں تہذیبیں اِس کے سامنے وجود میں آئیں، اپنے نقطۂ عروج کو پہنچیں، اُن کے حاملین نے "مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً" (کون ہم سے قوت میں زیادہ ہے) کا نعرہ لگایا اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے زوال سے دوچار ہوئیں اور قعرِ مذلت میں جا گریں۔
- تاریخ انسانی پر اگر ہم غور کریں تو یہ حقیقت بڑی نمایاں ہے کہ اِس دنیا میں آنے والوں کی اکثریت نے بدی کا راستہ اختیار کر کے عارضی لذتوں کے عوض ہمیشہ ہمیش کے خسارے یعنی جہنم کی آگ کا

سودا کر لیا۔ یہ ہی حقیقت "پہاڑی کے وعظ" (Sermon on the Mount) میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یوں بیان فرمائی:

"تنگ دروازے سے داخل ہو کیوں کہ وہ دروازہ جو چوڑا ہے اور وہ راستہ جو کشادہ ہے، ہلاکت کو پہنچاتا ہے اور اُس سے داخل ہونے والے بہت ہیں اور وہ دروازہ جو تنگ ہے اور وہ راستہ جو سکڑا ہے، زندگی کو پہنچاتا ہے اور اُس کے پانے والے تھوڑے ہیں"۔ (۱)

- اِس آیت میں لفظ "عصر" کا استعمال ایک تنبیہ اور انذار کا رنگ لیے ہوئے ہے۔ لفظ "زمانہ" بھی عربی زبان ہی کا ہے اور اِسی معنی میں لفظ "دھر" بھی استعمال ہوتا ہے لیکن لفظ "عصر" زمانے کے تیزی سے گزرنے کے پہلو کو نمایاں کرتا ہے۔ گویا یہ لفظ انسان کو جھنجوڑ کر غفلت سے بیدار کر رہا ہے کہ وقت بڑی تیزی کے ساتھ گزر رہا ہے۔ تمہاری اصل پونجی یہ وقت اور مہلتِ عمر ہے جو بڑی سرعت سے ختم ہو رہی ہے۔ اگر تم نے اِس کا مفید استعمال کر کے اپنی شخصیت کی تعمیر نہ کی اور آخرت کے لیے توشہ فراہم نہ کیا تو پھر تمہیں ابدی ہلاکت اور تباہی سے دوچار ہونا پڑے گا، بقول شاعر: ؏

غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے منادی
گردوں نے گھڑی عمر کی اِک اور گھٹادی

گھڑی کی ٹک ٹک تجھے تیری موت کے قریب سے قریب تر کر رہی ہے۔ ایک حدیث کے مطابق روزِ قیامت انسان کو سب سے زیادہ افسوس اپنی دنیا کی زندگی کی اُن ساعتوں پر ہو گا جو غفلت میں بیت گئیں:

لَيْسَ يَتَحَسَّرُ اَهْلُ الْجَنَّةِ اِلَّا عَلٰى سَاعَةٍ مَرَّتْ بِهِمْ لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰى فِيْهَا (۲)

"جنت میں جانے کے بعد اہل جنت کو دنیا کی کسی چیز کا بھی افسوس نہیں ہو گا سوائے اُس گھڑی کے جو دنیا میں اللہ کے ذکر کے بغیر گزر گئی ہو"۔

---

(۱) Sermon on the Mount (Matthew Ch: 7, V: 13-14)

(۲) شعب الایمان للبیھقی، فصل فی ادامۃ ذکر اللہ، باب لیس یتحسر اھل الجنۃ...، عَنْ مُعَاذِ بن جَبَلٍ ؓ

عقل مند انسان وہ ہے جو فوراً ہوش میں آئے اور تیزی سے گزرنے والے اور انتظار نہ کرنے والے وقت کو مطلوبہ اعمال میں لگا کر قیمتی بنائے۔

- امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے سورۃ العصر کی تفسیر میں ایک بزرگ کا قول نقل کیا کہ:

"میں نے سورۃ العصر کا مطلب ایک برف فروش سے سمجھا جو بازار میں آواز لگا رہا تھا کہ رحم کرو اُس شخص پر جس کا سرمایہ گھلا جا رہا ہے، رحم کرو اُس شخص پر جس کا سرمایہ گھلا جا رہا ہے۔ اُس کی یہ بات سن کر میں نے کہا یہ "وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝" کا مطلب۔ عمر کی جو مدت انسان کو دی گئی ہے وہ تیزی کے ساتھ برف کے گھلنے کی طرح گزر رہی ہے۔ اِس کو اگر ضائع کیا یا غلط کاموں میں صرف کیا تو یہی انسان کا خسارہ ہے"۔

وقت کی قدر نہ کرنے والے انسان کی مثال اُس طالب علم کی سی ہے جو کمرۂ امتحان میں تو بیٹھا ہو لیکن اپنا وقت پرچہ حل کرنے کے بجائے کسی اور کام میں لگا رہا ہو۔

آیت 2:

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ ... بے شک تمام انسان واقعی خسارے میں ہیں

- اِس آیت میں لفظ انسان پر داخل ہونے والا "ال" لامِ جنس ہے جس کی وجہ سے اِس لفظ کا اطلاق پوری نوعِ انسانی پر ہوتا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ آیت 3 میں اُن لوگوں کا ذکر جمع کے صیغہ میں ہے جو آیت 2 میں بیان شدہ وعید سے محفوظ رہیں گے۔
- اِس آیت میں لفظ "خسر" ایک وسیع معنی میں استعمال ہوا ہے۔ عام طور پر اِس لفظ کے معنی کیے جاتے ہیں گھاٹا یا نقصان اور اِس سے ذہن میں چند ہزار یا چند لاکھ کے نقصان کا تصور پیدا ہوتا ہے۔ لیکن قرآنِ حکیم میں یہ لفظ ایسی کامل تباہی و بربادی کے لیے آیا ہے جس کی تلافی ناممکن ہے۔ خسارے سے دوچار ہونے والے لوگ وہ ہوں گے جو جہنم کا نوالہ بنیں گے اور کوئی فدیہ، لین دین، سفارش اور رحم کی اپیل اُن کے لیے فائدہ مند نہ ہو گی۔ قرآنِ حکیم اِس لفظ کو کامیابی کا مفہوم رکھنے والے متعدد الفاظ مثلاً فوز، فلاح، رشد، سعادت وغیرہ کی کامل ضد کی حیثیت سے استعمال کرتا ہے۔

لفظ "خسر" ایک ایسے امتحان میں ناکامی کا عنوان ہے جس کے متبادل کے لیے کوئی ضمنی امتحان نہیں کہ اُس کے ذریعہ سے سابقہ ناکامی کی تلافی کی جاسکے۔ قرآنِ حکیم میں یہ حقیقت بار بار بیان کی گئی کہ روزِ قیامت ناکام قرار پانے والے انسان، اللہ سے بار بار درخواست کریں گے کہ ہمیں ایک اور موقع دیا جائے اور ایک بار پھر دنیا میں بھیج دیا جائے۔ اب ہم نیک بن کر رہیں گے لیکن اللہ کی طرف سے بڑی سختی کے ساتھ اِس درخواست کو رد کر دیا جائے گا۔ سورۃ المؤمنون[23] آیات 106 تا 108 میں بیان ہوا:

قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَ كُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَ لَا تُكَلِّمُوْنِ ۝

"(جہنمی) کہیں گے اے ہمارے رب! ہم پر ہماری نحوست غالب آگئی اور ہم رستے سے بھٹک گئے۔ اے ہمارے رب! ہمیں اِس (جہنم) میں سے نکال دے۔ اگر ہم پھر (نافرمانی) کریں تو ظالم ہوں گے۔ اللہ فرمائے گا کہ اِسی میں ذلت کے ساتھ پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو"۔

سورۃ فاطر[35] آیت 37 میں یہ حقیقت اِس طرح وارد ہوئی:

وَ هُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ اَوَ لَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَ جَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۝

"وہ (نافرمان لوگ) اُس (جہنم) میں چلائیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہمیں نکال دے تاکہ ہم نیک عمل کیا کریں بر خلاف اُس عمل کے جو ہم نے پہلے کیا۔ (اللہ فرمائے گا) کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہیں دی تھی کہ اُس میں سبق حاصل کر لیتا سبق حاصل کرنے والا اور تمہارے پاس آیا تھا خبر دار کرنے والا۔ تو اب مزہ چکھو۔ پھر ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہوگا"۔

- اِس آیت میں لفظ "خسر" کے ذریعہ نوعِ انسانی کے جس المیے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اُس کا صحیح فہم ہمیں اُس وقت حاصل ہوتا ہے جب ہم دنیا و آخرت کی زندگی میں اُن مشکلات و مصائب

کو سامنے رکھتے ہیں جن سے دوچار ہونا تقریباً ہر انسان کا مقدر ہے۔

حیاتِ دنیا میں ہر انسان کے لیے شدید مشکلات و مصائب کا باعث دو اسباب ہیں:

i. **حیوانی یا جبلی تقاضے:** ہر انسان کو اپنی اور اپنے خاندان کی بنیادی ضروریات غذا، لباس، مکان، علاج، تعلیم وغیرہ کے بندوبست کے لیے صبح سے لے کر شام تک کمر توڑ دینے والی مشقت سے گزرنا پڑتا ہے۔ یہ تقاضے اِس قدر زور دار ہیں کہ ہر انسان اپنے گھر کے آرام وسکون کو چھوڑ کر باہر نکلتا ہے اور سردی و گرمی کی سختیاں، مالک یا افسرانِ بالا کی جھڑکیاں یا کاروباری متعلقین کی بحث و نزاع برداشت کرتا ہے۔ اُسے معلوم ہوتا ہے کہ شادی کرنے سے ذمہ داریوں کا بوجھ اور بڑھ جائے گا لیکن زور آور جنسی خواہشات کی تسکین کے لیے وہ شادی کرتا ہے جس سے اُس کی مشقت میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے۔ بیوی اور بچوں کی ذمہ داریاں اُس کے دن کا چین اور رات کا آرام ختم کر دیتی ہیں۔ بعض اوقات دولت مند لوگوں کی بظاہر چمکدار زندگی کو دیکھ کر عوام کو یہ مغالطہ لاحق ہوتا ہے کہ شاید اُنہیں کوئی دکھ ہی نہیں لیکن اُن کے دکھ غرباء کے دکھوں سے زیادہ اذیت ناک اور تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ خوب سے خوب تر کی تلاش میں اور مختلف مفادات کی رسہ کشی میں جو مشقت اُنہیں اٹھانی پڑتی ہے، جن الجھنوں (Conflicts) کا اُنہیں سامنا کرنا پڑتا ہے اور پھر جس طرح کی مایوسیوں (Frustrations) سے دوچار ہو کر وہ کئی نفسیاتی اور ذہنی امراض کا شکار ہوتے ہیں، اِس کا اندازہ ایک عام طبقہ کا فرد نہیں کر سکتا۔

ii. **احساسات و جذبات:** پہلی قسم کی مشکلات میں تو انسان بار برداری کے جانوروں سے مشابہہ ہے کہ وہ بھی دن بھر محنت کرتے ہیں، تب انہیں پیٹ بھرنے کے لیے چارہ دیا جاتا ہے۔ لیکن اِس دنیا میں انسان کی مشکلات کی وجہ وہ احساسات اور جذبات ہیں جو دیگر مخلوقات میں نہیں۔ اِن احساسات کی وجہ سے انسان کی دُنیوی زندگی کی مشقت بقیہ مخلوقات کے مقابلہ میں کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ اولاد کے مستقبل کی فکر، اُن کی تعلیم اور شادیوں کے بارے میں سوچ بچار، اعزہ واقرباء کے دکھ اور درد، کسی عزیز کی بیماری، کسی کی موت کا صدمہ، بعض افسوناک حادثات یا واقعات کا اثر، ناکام آرزوئیں اور منصوبے،

دوسروں کی طرف سے آنے والے طنز کے تیر، حاسدین اور دشمنوں کی طرف سے سازشیں وغیرہ نہ صرف اُس کی مشقت کو بڑھاتی ہیں بلکہ اُس کے لیے باعث اذیت ورنج بھی ہوتی ہیں۔اِس حقیقت کو قرآنِ حکیم میں اِس طرح بیان کیا گیا:

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ ؕ (البلد90:4)

"ہم نے انسان کو بڑی مشقت میں پیدا کیا ہے"۔

اگر معاملہ دنیا ہی کے رنج والم کا ہوتا تو نوعِ انسانی کا یہ المیہ اتنا شدید نہ ہوتا لیکن اِس المیہ کا سخت ترین مرحلہ تو موت کے بعد سامنے آئے گا۔بقول ابراہیم ذوق ؏

اب تو گھبرا کہ یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

ایک حدیثِ نبوی ﷺ ہے:

كُلُّ النَّاسِ يَغْدُوْا فَبَايِعٌ نَّفْسَهٗ فَمُعْتِقُهَا اَوْ مُوْبِقُهَا(۱)

"ہر انسان صبح کرتا ہے اور اپنی جان کو مشقت میں لگا کر بیچتا ہے پھر اُسے جہنم کی آگ سے بچالاتا ہے یا جہنم کا ایندھن بنا دیتا ہے"۔

انسان نے اپنے پیٹ کی خاطر دن بھر محنت کی۔اب اگر اِس دوران وہ حلال وحرام کی تمیز کرتا رہا اور شریعت کی تعلیمات کا پاس کیا تو جہنم سے نجات کا پروانہ لے کر آیا، دوسری صورت میں دن بھر کمر توڑ مشقت بھی کی اور سر پر جہنم کے انگاروں کا ٹوکرا بھی بھر کر لایا۔سورۃ الانشقاق84 کی آیت 6 میں اِس حقیقت کو یوں بیان کیا گیا:

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ

"اے انسان تو یقیناً مشقت میں ہے اور مشقت جھیلتے جھیلتے تجھے اپنے رب کی طرف جانا ہے اور اُس سے ملاقات کرنی ہے"۔

انسان کی مشقتوں کا نقطۂ عروج (Climax) یہ ہے کہ یہاں ساری تکالیف جھیل کر اُسے

(۱) صحیح مسلم، کتاب الطھارۃ، باب فضل الوضوء، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ ؓ

روزِ قیامت اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونا ہے اور ایک حدیث مبارکہ کے مطابق پانچ باتوں کی جواب دہی کرنی ہے:

لَا تَزُوْلُ قَدَمُ ابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عِنْدِ رَبِّهٖ حَتّٰى يُسْئَلَ عَنْ خَمْسٍ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَ اَفْنَاهُ وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَ اَبْلَاهُ وَمَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَ اَنْفَقَهٗ وَمَاذَا عَمِلَ فِيْمَا عَلِمَ(۱)

"روزِ قیامت ابنِ آدم کے قدم ہل نہ سکیں گے اپنے ربّ کے پاس سے جب تک اُس سے پانچ باتوں کے بارے میں پوچھ نہ لیا جائے۔ زندگی کے بارے میں کہ کہاں لگادی، جوانی کے بارے میں کہ کہاں کھپادی، مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا اور جو علم حاصل کیا اُس پر کتنا عمل کیا"۔

اگر مندرجہ بالا سوالات کے جوابات میں شرمندگی ہوئی تو پھر ہمیشہ ہمیش کے لیے اُسے دردناک اور اذیت بخش عذاب سے دوچار ہونا ہے اور سورۃ الحج 22 آیت 11 میں اِسی صورتِ حال کا بیان ہے کہ:

خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ

"وہ گھاٹے میں رہا دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور وہی ہے بالکل واضح خسارہ"۔

سورۃ الکھف 18 آیات 103 اور 104 میں یہ مضمون اِس طرح بیان کیا گیا:

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۝ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ۝

"(اے نبی) اِن سے کہہ دیجیے کیا ہم تمہیں بتائیں کہ اپنے اعمال کے اعتبار سے سب سے زیادہ خسارے میں رہنے والے کون ہیں؟ وہ لوگ جن کی ساری محنتیں بھٹک کر رہ جائیں دُنیوی زندگی کے لیے اور اور وہ یہ سمجھ رہے ہیں کہ ہم کامیاب ہو گئے"۔

---

(۱) سنن ترمذی، کتاب صفة القيامة و الرقائق و الورع عن رسول الله، باب ما جاء فی شان الحساب و القصاص، عن ابن مسعودؓ

سورۃ الزمر 39 آیت 15 میں فرمایا گیا:

قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَ اَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۵﴾

"(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے کہ اصل نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان میں ڈالا قیامت کے دن کے حوالے سے ۔ جان لو! یہی ہے کھلا نقصان"۔

- جو لوگ خسارے کی اِس صورتِ حال کا شعور رکھتے ہیں، اُن کے احساسات کا نقشہ قرآنِ حکیم میں اِس طرح کھینچا گیا:

اِنَّ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ خَشْیَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ الَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ یُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَ الَّذِیْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا یُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ الَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَاۤ اٰتَوْا وَّ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَ هُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾

(المومنون 23: 57-61)

"جو لوگ اپنے رب کے خوف سے ڈرتے ہیں۔ اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے۔ اور جو دے سکتے ہیں وہ دیتے ہیں اور اُن کے دل اِس بات سے ڈرتے رہتے ہیں کہ ان کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ یہی لوگ نیکیوں میں جلدی کرتے ہیں اور یہی ان کے لیے آگے نکل جاتے ہیں"۔

یُسَبِّحُ لَهٗ فِیْهَا بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّ لَا بَیْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَ اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ اِیْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ۬ یَخَافُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْهِ الْقُلُوْبُ وَ الْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾

(النور 24: 36-37)

"اُن (مساجد) میں صبح و شام اُس کی تسبیح کرتے ہیں ایسے لوگ جنہیں ان کی تجارت اور لین دین غافل نہیں کرتے اللہ کے ذکر سے اور نماز قائم کرنے سے اور زکوۃ دینے سے۔ وہ اُس دن سے ڈرتے ہیں جب اُلٹ دیئے جائیں گے دل اور آنکھیں"۔

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ۝ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَ وَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ۝ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ۧ (الطور 52:28-26)

"اور (اہلِ جنت) ایک دوسرے کی طرف رخ کر کے آپس میں گفتگو کریں گے۔ کہیں گے کہ اِس سے پہلے ہم اپنے گھر میں (اللہ سے) ڈرتے رہتے تھے۔ تو اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں لُو کے عذاب سے بچا لیا۔ اِس سے پہلے ہم اُس سے دعائیں کیا کرتے تھے۔ بیشک وہ احسان کرنے والا مہربان ہے"۔

آیت 3:

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا... سوائے اُن کے جو ایمان لائے ... وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ... اور جنہوں نے اچھے عمل کیے ... وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ... اور باہم مل کر حق کی تاکید کی... وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۧ اور باہم مل کر صبر کی تلقین کی۔

- اِس آیت میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے خسارے سے بچنے کے لیے چار شرائط بتائی ہیں۔ یہ آیت اِس اعتبار سے اہم ہے کہ اِس میں ہمیں اپنی نجات کے لیے امید کی کرن نظر آتی ہے ورنہ دوسری آیت میں تو بقول امام رازی رحمۃ اللہ علیہ اللہ نے پوری نوعِ انسانی کے خسارے کا فیصلہ بیان فرما کر "شدید وعید" سنا دی ہے۔ خسارے سے بچنے کے لیے شرائط حسب ذیل ہیں:

(1) ایمان (2) عمل صالح (3) تواصی بالحق (4) تواصی بالصبر

آیئے اب ہم ان میں سے ہر ایک شرط کو اور اُن کے مابین ربط کو سمجھتے ہیں۔

1. ایمان

- ایمان کا لفظ ء م ن سے بنا ہے۔ اَمَنَ - یَأْمَنُ کے معنی ہیں امن میں ہونا۔ بابِ افعال میں اٰمَنَ - یُؤْمِنُ کے معنی ہیں امن دینا۔ اِسی باب سے لفظ ایمان مصدر ہے۔ لفظ ایمان کے بعد جب "ب" کا صلہ لگے تو معنی ہوں گے تصدیق کرنا یا اعتماد کرنا۔ اِسی طرح اگر اِس لفظ کے بعد "ل" کا صلہ آجائے تو معنی ہوں گے کسی کی بات مان لینا۔ ایمان کا لفظ جب ہم دینی اصطلاح کے طور پر استعمال کرتے ہیں تو اِس کے معنی ہیں تَصْدِيْقٌ بِمَا جَاءَ بِهِ النَّبِيُّ

اِجْمَالًا وَّ تَفْصِيْلاً (ہر اُس بات کی تصدیق کرنا جو نبی نے پیش کی خواہ وہ مختصر ہو یا مفصل)۔ گویا اصطلاحی طور پر کائنات کے اصل اور اساسی حقائق کے بارے میں انبیاء کرام علیہم السلام کی دی ہوئی خبروں کو تسلیم کرنے اور ان کی تصدیق کرنے کا نام ایمان ہے۔

- ایمان کے دو درجے ہیں۔ ایک قانونی ایمان یعنی اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ (زبان سے اقرار) اور دوسرا حقیقی ایمان یعنی تَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ (دل سے تصدیق)۔
- قانونی ایمان کے حوالے سے مندرجہ ذیل نکات قابلِ ذکر ہیں:
  - دنیا میں کسی شخص کے صاحبِ ایمان ہونے کا فیصلہ قانونی ایمان کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ حقیقی ایمان کا تعلق دل سے ہے اور ہم کسی کے دل کا حال نہیں جان سکتے۔

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا (النساء4:94)

"اور نہ کہو اُس کو جو تمہیں سلام پیش کرے کہ تم مؤمن نہیں ہو"۔

بخاری اور معجم الکبیر للطبرانی میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دستہ مجاہدین کا بھیجا، جن میں حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ جب وہ موقع پر پہنچے تو سب لوگ بھاگ گئے اور صرف ایک شخص رہ گیا، جس کے پاس بہت مال تھا۔ اُس نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے سامنے کہا: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه، مگر حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے یہ سمجھ کر کہ یہ شخص دل سے نہیں بلکہ محض جان و مال بچانے کے لیے زبان سے کلمہ پڑھ رہا ہے، اُس کو قتل کر دیا۔ حاضرین میں سے ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آپ نے برا کیا۔ ایک ایسے شخص کو قتل کر دیا جس نے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی شہادت دی تھی۔ جب یہ لوگ مدینہ واپس آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ واقعہ سنایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو بلا کر سخت تنبیہ فرمائی اور فرمایا کہ روزِ قیامت تمہارا کیا جواب ہو گا جب یہ کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تمہارے مقابلہ میں دعویدار ہو گا۔[1]

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الدیات، باب قول اللہ تعالیٰ ومن یقتل مؤمنا متعمدًا ... و المعجم الکبیر للطبرانی، باب۳، رقم۱۲۲۱۰

- قانونی ایمان کا عمل سے کوئی تعلق نہیں، لہٰذا یہ نہ گھٹتا ہے اور نہ بڑھتا ہے۔ اِسی کے بارے میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ:

الایمان ھو الاقرار و التصدیق و ایمان اھل السماء و الارض لا یزید و لا ینقص[1]

"ایمان اقرار اور تصدیق کا نام ہے آسمان و زمین والوں کا ایمان نہ کم ہوتا ہے نہ زیادہ"۔

- کوئی شخص خواہ کتنا ہی گناہ گار ہو لیکن جب تک وہ دین کی بنیادی باتوں کی زبان سے تصدیق کرتا ہے اُسے مسلمان سمجھا جائے گا، اُسے اسلامی ریاست کی شہریت حاصل ہو گی اور وہ مسلم معاشرے کی تمام سہولتوں کا حق دار ہو گا۔
- اگر کسی شخص کے دل میں نبی کی لائی ہوئی تعلیمات پر یقین ہو لیکن وہ کسی مصلحت کی بنا پر زبان سے اقرار نہیں کر رہا تو وہ قانونی اعتبار سے کافر ہے۔ فرعون اور اُس کے سرداروں کے بارے میں قرآنِ حکیم نے فرمایا:

وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ (النمل 27:14)

"انہوں نے انکار کیا (معجزات کا) جبکہ اُن کے جی یقین کر چکے تھے"۔

- حقیقی ایمان کے حوالے سے چند اہم نکات درج ذیل ہیں:

- قانونی ایمان دنیا میں تو مفید ہے لیکن آخرت میں کسی کے صاحبِ ایمان ہونے کا فیصلہ حقیقی یعنی قلبی ایمان کی بنیاد پر کیا جائے گا کیوں کہ اللہ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ہے اور وہ جانتا ہے کہ کس کے دل میں ایمان ہے۔
- آخرت میں حقیقی مومن قرار پانے کے لیے زبانی اقرار کے ساتھ دل میں یقین ہونا بھی لازم ہے۔ اگر کوئی شخص صرف زبان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائی ہوئی تعلیمات کا اقرار کرتا ہے لیکن اُسے ان تعلیمات پر دل سے یقین حاصل نہیں تو وہ منافقت کے مرض میں مبتلا ہے۔ منافقین کے بارے میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

---

[1] الفقہ الاکبر

الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَ لَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ (المائدۃ5:41)

"وہ زبان سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے لیکن اُن کے دل ایمان نہیں لائے"۔

- حقیقی ایمان گھٹتا بھی اور بڑھتا بھی ہے جس کا اظہار انسان کے عمل میں ترقی یا کمی سے محسوس ہوتا ہے۔اِس حوالے سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے:

اَلْاِیْمَانُ قَوْلٌ وَّعَمَلٌ وَیَزِیْدُ وَیَنْقُصُ (۱)

"ایمان قول و عمل کا مجموعہ ہے اور بڑھتا ہے اور گھٹتا ہے"۔

- امت کی موجودہ زبوں حالی اِس بات پر گواہ ہے کہ ہماری اکثریت ایمانِ حقیقی سے محروم ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱۳۹ (آلِ عمران3:139)

"تم ہی غالب ہو گئے بشرطیکہ مومن ہو"۔

ایمانِ حقیقی سے ہماری محرومی پر ایک اور دلیل ہماری اکثریت کی بے عملی بھی ہے کیونکہ ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِّمَا جِئْتُ بِهٖ (۲)

"تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک اُس کی خواہشِ نفس اُس شریعت کے تابع نہ ہو جائے جو میں لایا ہوں"۔

- ایمانِ حقیقی کے حصول کے لیے ہم حسبِ ذیل ذرائع اختیار کر سکتے ہیں:

i. صحبتِ صادقین یعنی سچے اور راست باز لوگوں کی رفاقت اختیار کرنا۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝۱۱۹ (التوبۃ9:119)

"اے اہلِ ایمان اللہ کی نافرمانی سے بچو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ"۔

---

(۱) فتح الباری، کتاب الایمان، باب بنی الاسلام علی خمس

(۲) شرح السنۃ، کتاب الإیمان، باب رد البدع والأهواء عن عبد الله بن عمرو بن العاصؓ

صادقین سے مراد کون لوگ ہیں اِس کی وضاحت سورۃ الحجرات[49] آیت 15 میں اِس طرح بیان ہوئی:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝

"مومن تو بس وہ ہیں جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لائے، پھر شک میں نہ پڑے اور اُنہوں نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ۔ یہی لوگ سچے ہیں"۔

نیوٹن کا قانونِ تجاذب (law of gravitation) ہے کہ ہر جسم دوسرے جسم کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ بالکل اِسی طرح یہ بھی حقیقت ہے کہ ہر انسان دوسرے انسان پر اپنی سوچ اور اپنے عمل کے ذریعہ اثرانداز ہوتا ہے۔ ایک صاحبِ یقین شخص اپنی گفتگو، طرزِ عمل اور سیرت و کردار کے ذریعہ دوسرے انسان کو بھی یقین کی دولت عطا کرتا ہے۔ لہٰذا ایسے حضرات کے ساتھ تعلقات رکھنا اور اُن کی صحبت اختیار کرنا جن کے خلوص و اخلاص پر اعتماد ہو اور جن کے طالبِ آخرت ہونے پر کوئی شبہ نہ ہو، انسان کو ایمانِ حقیقی کی دولت سے سرفراز کرتا ہے۔

ایک حدیثِ مبارکہ میں صحبتِ صالح و غیر صالح کو مثالوں سے واضح فرمایا گیا:

اِنَّمَا مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالْجَلِيْسِ السَّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ، اِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَاِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ، وَاِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحاً طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيْرِ، اِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَاِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيْحاً خَبِيْثَةً[1]

"بے شک نیک ساتھی کی اور برے ساتھی کی مثال ایسی ہے جیسے کستوری اٹھانے والا اور آگ کی بھٹی دھونکنے والا۔ پس کستوری اٹھانے والا یا تو

(۱) صحیح المسلم، کتاب البر و الصلۃ، باب استحباب مجالسۃ الصالحین ... عن ابی موسیٰؓ

تجھے (کستوری) عطیہ دے دے گا یا تو خود اُس سے خرید لے گا (یہ دونوں صورتیں نہ ہوں تب بھی) یا یہ کہ تو اُس سے پاکیزہ خوشبو پالے گا اور بھٹی دھونکنے والا یا تو تیرے کپڑے جلادے گا، یا پھر تو اُس سے بدبودار بو پائے گا"۔

صحبتِ صالح تُرا صالح کند　　صحبتِ طالع تُرا طالع کند

ii. سلفِ صالحین کی سیرت کا مطالعہ بھی انسان کے دل میں یقین پیدا کرتا ہے۔ صالحین میں سے جو لوگ ابھی بقیدِ حیات ہیں، اُن کی صحبت تو اُن کی محافل میں اخلاص نیت اور عمل کے ارادے کے ساتھ شرکت سے حاصل ہو جاتی ہے۔ البتہ اگر ہم اُن پاکباز ہستیوں کی صحبت حاصل کرنا چاہیں جو اب اِس دنیا میں نہیں ہیں تو اُن کی سیرت اور اُن کے ایثار و قربانی کے واقعات کے مطالعہ سے یہ نعمت بھی مل سکتی ہے۔ جب ہم انبیاء کرام علیہم السلام اور بالخصوص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کے حالات و واقعات پڑھتے ہیں، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی قربانیوں کے تذکرے ہمارے مطالعہ میں آتے ہیں، بعد کے سلف صالحین کے پاکیزہ سیرت و کردار کا بیان ہمارے علم میں آتا ہے تو ہم خود کو اُسی ماحول میں موجود پاتے ہیں اور گویا اُن کی صحبت سے سرفراز ہوتے ہیں۔ اُن کا زندگی گزارنے کا انداز ہمارے دلوں میں یہ حقیقت جاگزیں کرتا ہے کہ اصل زندگی آخرت کی ہے اور عقل مند وہ ہے جو اِس دنیا میں مسافروں کی طرح رہ کر اصل محنت آخرت کی نعمتیں حاصل کرنے کے لیے کرے۔

iii. ایمانِ حقیقی کے حصول کا آسان ذریعہ تو صالحین کی صحبت ہے لیکن اِس کا اصل اور مؤثر ترین ذریعہ قرآنِ حکیم ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (الحدید 57:9)

"وہی ہے اللہ جو نازل کرتا ہے اپنے بندے (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر واضح آیات تاکہ وہ نکال لائیں تمہیں اندھیروں سے روشنی میں اور بے شک اللہ تم

پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے"۔

اِس آیت میں اندھیروں سے مراد بے یقینی، شرک، کفر والحاد، مادیت، حرص وہوس کی غلامی کے اندھیرے ہیں۔ نور سے مراد ہے ایمانِ حقیقی۔ سورۃ التغابن[64] کی آیت 8 میں قرآنِ حکیم کے لیے بھی لفظ "نور" آیا ہے:

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِیْٓ اَنْزَلْنَا

"پس ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسول پر اور اُس نور پر جو ہم نے نازل فرمایا"۔

قرآن از خود نور ہے اور در حقیقت اِسی سے نورِ ایمان حاصل ہوتا ہے۔ گویا ایمانِ حقیقی کے حصول کا ذریعہ ہے قرآنِ حکیم کی واضح آیات پر غور وفکر۔ آیت کے معنی ہوتے ہیں نشانی۔ جس طرح کسی دوست کی دی ہوئی نشانی دیکھ کر وہ دوست یاد آجاتا ہے، اِسی طرح آیت کے ذریعہ انسان کے قلب میں موجود ایمان تازہ اور شعور کی سطح پر اجاگر ہو جاتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے قرآن کی اِن واضح آیات کی تلاوت کے ذریعہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دلوں کو نورِ ایمان سے اِس طرح منور کیا کہ وہ شرک، الحاد اور مادہ پرستی سے تائب ہو گئے۔ توحید اُن میں سرایت کر گئی، اُن کی نگاہ میں دنیا کی حقیقت مچھر کے پر سے بھی کم ہو گئی، فکرِ آخرت اُن پر طاری ہو گئی اور رسالت کو وہ نوعِ انسانی کے لیے ایک عظیم رحمت سمجھنے لگے۔ بقول مولانا ظفر علی خان: ؏

ایمان نہیں وہ جنس جسے لے آئیں دکانِ فلسفہ سے
ڈھونڈھے سے ملے گی عاقل کو یہ قرآں کے سیپاروں میں

سورۃ الانفال[8] آیت 2 میں قرآن کی تاثیر بیان کی گئی:

اِذَا تُلِیَتْ عَلَیْهِمْ اٰیٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِیْمَانًا

"اور جب اُن پر اُس کی آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو یہ اُن کے ایمان کو بڑھا دیتی ہیں"۔

ایک حدیث مبارکہ میں نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ:

اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ تَصْدَءُ كَمَا يَصْدَءُ الْحَدِيْدُ اِذَا اَصَابَهُ الْمَاءُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ وَمَا جِلَاءُهَا قَالَ كَثْرَةُ ذِكْرِ الْمَوْتِ وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ(۱)

"دلوں پر بھی زنگ آجاتا ہے جیسے لوہے پر زنگ آتا ہے جب کہ اُس پر پانی پڑتا ہے۔ دریافت کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ دلوں پر سے زنگ اتارنے کا ذریعہ کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ کثرت سے موت کی یاد اور قرآن حکیم کی تلاوت"۔

2. عملِ صالح

- ہر ایسا فعل جو کسی ارادے سے، خاص مقصد کے تحت اور محنت و مشقت کے ساتھ کیا جائے عمل کہلاتا ہے۔ عمل اچھا بھی ہو سکتا ہے اور برا بھی۔ اچھے عمل کو "عملِ صالح" کہتے ہیں۔
- کسی عمل کے صالح ہونے کے لیے تین شرائط ہیں:

i. حسنِ نیت یعنی عمل کے پیچھے جذبۂ محرکہ صرف اور صرف اللہ کی رضا کی طلب اور آخرت کے اجر کا حصول ہو۔

ii. عمل معروف کے دائرے میں آتا ہو۔ اگر کوئی فرد نیک نیتی کے ساتھ منکر کا ارتکاب کرے تو یہ عمل صالح نہیں ہوگا۔ مثلاً کوئی شخص مالدار لوگوں سے اِس لیے مال چھینے تاکہ غرباء کی مدد کر سکے تو یہ جائز نہیں ہے۔

iii. وہی عمل درحقیقت صالح ہے جو سنتِ نبوی ﷺ کے خلاف نہ ہو۔ مثلاً اگر کوئی شخص نماز کی ہر رکعت میں نیک نیتی کے ساتھ دو کے بجائے تین سجدے کرے تو اُس کا یہ عمل، صالح نہیں بلکہ بدعت کہلائے گا۔

3. تواصی بالحق

- لفظ تواصی کا مادہ ہے و ص ی۔ اِسی مادہ سے وصیت بنتا ہے جس کے معنی ہیں ایسی بات جو تاکید سے کہی جائے۔ تواصی کے معنی ہوتے ہیں ایسی بات جو پورے زور و شور سے بیان کی جائے

(۱) شعب الایمان للبیھقی، فصل فی إدمان تلاوۃ القرآن، ۱۹۵۸، عن ابن عمرؓ

اور اِس کے لیے باہمی اشتراک یعنی اجتماعیت کا اہتمام کیا جائے:

وَ لْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (آلِ عمران3:104)

"چاہیے کہ تم میں سے ایک جماعت ہو جو خیر کی طرف بلائے، نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور یہ ہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں"۔

- حق وسیع مفہوم کا حامل لفظ ہے جس کے بنیادی طور پر چار مفاہیم ہیں:

i. وہ شے جو حقیقتاً موجود ہو۔ ii. وہ شے جو عقلاً مسلم ہو۔

iii. وہ بات جو اخلاقاً واجب ہو۔ iv. وہ بات جو بامقصد ہو۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ (الحج22: 6) "اِس لیے کہ اللہ ہی اصل حق ہے" کی روشنی میں نظری اعتبار سے سب سے بڑا حق اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذاتِ مبارکہ ہے۔ اور عملی اعتبار سے سب سے بڑا حق یہ ہے کہ زمین اللہ کی ہے لہٰذا اِس پر اللہ کی حاکمیت نافذ ہونی چاہیے:

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ (یوسف12:40)

"حکومت تو بس ایک اللہ ہی کی ہے۔ اُس کا حکم ہے کہ اُس کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو"۔

تواصی بالحق کے ذیل میں چھوٹی چھوٹی اخلاقی نصیحتیں بھی آتی ہیں لیکن اِس کی چوٹی یہ ہے کہ پورے کے پورے نظام پر اللہ کے دین کے غلبہ کیے لیے آواز بلند کی جائے اور اللہ کے اِس حق کو حاصل کرنے کے لیے مال و جان سے بھرپور جدوجہد کی جائے:

وَ جَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ (الحج22:78)

"اور اللہ (کی راہ) میں جہاد کرو جیسا کہ اُس کے لیے جہاد کرنے کا حق ہے۔ اُس نے تمہیں چُن لیا ہے"۔

4. تواصی بالصبر

- لفظ صبر کا مادہ ہے ص ب ر۔ اِس کے لغوی معنی ہیں جھیلنا، برداشت کرنا یا خود کو روکنا۔ اصطلاحی طور پر صبر کے معنی ہیں ناخوشگوار حالات میں استقامت کے ساتھ ڈٹے رہنا، مخالف

قوتوں سے الجھنا اور اپنے موقف و مشن سے پیچھے نہ ہٹنا۔

- صبر کی دو اقسام ہیں یعنی حادثات پر صبر کرنا اور کسی مقصد کی خاطر صبر کرنا۔

i. **حادثات پر صبر کرنا:** حادثات اللہ کی طرف سے ذریعۂ آزمائش ہوتے ہیں۔اِن پر اللہ سے اجر کی امید کے ساتھ فوری صبر کرنا صبرِ جمیل کہا جاتا ہے۔ ویسے صبر تو ہر انسان کو کرنا پڑتا ہے کیوں کہ مرثیوں، ماتم، نالہ و فریاد، بال نوچنے، گریبان پھاڑنے اور سر پر خاک ڈالنے سے حادثات کی تلافی نہیں ہو جاتی لیکن یہ سب کرنے کے بعد کا صبر ،انسان کو اجر سے محروم کر دیتا ہے۔دانشمندی کا تقاضا ہے کہ صبرِ جمیل کیا جائے۔

ii. **کسی مقصد کی خاطر صبر کرنا:** مقصد مثبت بھی ہو سکتا ہے اور منفی بھی، البتہ ہر مقصد کے حصول کے لیے صبر و استقامت ناگزیر ہے۔مثبت مقصد کے لیے بھی صبر کی دو صورتیں ہیں۔ایک اعمالِ صالحہ کے لیے صبر کرنا یعنی نیکی پر کاربند رہنے کے لیے یا گناہ سے بچنے کے لیے صبر کرنا۔ مثلاً فجر کی نماز کی ادائیگی کے لیے روزانہ اپنی نیند کو قربان کرنا پڑتا ہے۔اِسی طرح اگر انسان ضرورت مند ہو اور اُس کے لیے حرام کمائی کا حصول ممکن ہو تو خود کو اِس سے روکنا بغیر صبر کے ممکن نہیں۔دوسرا ہے تواصی بالحق کے لیے صبر کرنا۔ کسی بھی انسان کو حق کی تبلیغ کے مشن سے ہٹانے کے لیے طنز و تشدد بھی کیا جاتا ہے، لالچ بھی دی جاتی ہے اور سودے بازی کی پیشکش بھی کی جاتی ہے۔صبر یہ ہے کہ اپنی منزل اور اپنے ہدف کے تعین کے بعد انسان پوری ثابت قدمی سے اِس کی طرف پیش قدمی جاری رکھے۔ کوئی مخالفت، کوئی رکاوٹ، کوئی تشدد، اُسے اپنے مقصد اور اپنی منزلِ مقصود کی جانب پیش قدمی سے روک نہ سکے، کوئی طمع، کوئی لالچ یا کسی اعتبار سے مرغوباتِ نفس کی کوئی کشش اُس کی راہ میں حائل نہ ہو سکے اور نہ ہی سودے بازی کی کوئی پیشکش اُسے باطل کے ساتھ سمجھوتے پر آمادہ کر سکے۔

- تواصی بالصبر کا مفہوم ہے کہ حق کی راہ میں جدوجہد کرنے والوں کو مختلف امتحانات اور

آزمائشوں پر ڈٹے رہنے اور ثابت قدمی کے ساتھ جدوجہد جاری رکھنے کی تلقین کی جائے۔

ایمان اور عمل صالح کا باہمی تعلق :

قانون کی سطح پر ایمان اور عمل جدا ہو سکتے ہیں لیکن حقیقت کی سطح پر یہ دونوں لازم وملزوم ہیں۔اِس کی وجہ یہ ہے کہ کسی انسان کا عمل اُس کے قلبی یقین کا اظہار ہوتا ہے۔ شدید پیاس لگی ہو لیکن کوئی بھی انسان ایسا پانی نہیں پی سکتا جس کے بارے میں اُسے علم ہو جائے کہ اِس میں زہر ہے۔اُسے یقین ہے کہ زہر اُس کی زندگی کے لیے خطرناک ہے۔ تمام سانپ زہریلے نہیں ہوتے لیکن انسان ہر سانپ سے بچنے کی کوشش کرتا ہے۔ بجلی کا تار اگر کہیں سے کھلا ہو اور علم ہو کہ اِس میں کرنٹ ہے تو آدمی اِس سے بچتا ہے۔ یہ سب باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ جس چیز پر یقینِ قلبی ہو اُس کا اظہار لازماً عمل سے ہوتا ہے ۔اِس حقیقت کو نبی اکرم ﷺ نے مندرجہ ذیل ارشادات کے ذریعہ واضح فرمایا:

وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ قِيلَ وَمَنْ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الَّذِي لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَايِقَهُ(۱)

"اللہ کی قسم وہ مومن نہیں ہے، اللہ کی قسم وہ مومن نہیں ہے، اللہ کی قسم وہ مومن نہیں ہے۔ پوچھا گیا کون اے اللہ کے رسول ﷺ ؟تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ شخص جس کی ایذا رسانیوں سے اُس کا ہمسایہ چین میں نہ ہو"۔

لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ (۲)

"جو امانت کی پاسداری نہیں کرتا اُس کا ایمان ہی نہیں، جو وعدہ پورا نہیں کرتا اُس کا کوئی دین نہیں"۔

لَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ (۳)

"زانی، زنا نہیں کرتا جبکہ وہ حالتِ ایمان میں ہو اور شرابی، شراب نہیں پیتا جبکہ وہ حالتِ ایمان

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الْأَدَبِ، باب إِثْمِ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَايِقَهُ عَنْ اَبِي شُرَيْحٍ ؓ

(۲) مسند احمد، کتاب بَاقِي الْمُكْثِرِينَ، باب مُسْنَدُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ، ۱۱۹۳۵

(۳) صحیح البخاری، کتاب الحدود، باب لا یشرب الخمر عن ابی ہریرۃ ؓ وصحیح مسلم، کتاب الایمان، باب بَيَانِ نُقْصَانِ الْإِيمَانِ بِالْمَعَاصِي ... عن ابی ہریرۃ ؓ

میں ہو اور چور، چوری نہیں کرتا جبکہ وہ حالتِ ایمان میں ہو"۔

عمل صالح اور تواصی بالحق کا باہمی تعلق:

- فطرت کا عام اصول "کوئی شے نہ ماحول سے متاثر ہوئے بغیر رہ سکتی ہے نہ اِسے متاثر کئے بغیر" اخلاقیات میں زیادہ شدت سے کارفرما ہے۔ جس طرح برف اپنے ماحول کو سرد اور آگ اپنے گردو پیش کو گرم کرتی ہے، اِسی طرح ایک باعمل انسان اپنے پاکیزہ سیرت و کردار سے لازماً معاشرے میں نیکی اور بھلائی کو فروغ دے گا۔ گویا عملِ صالح کا فطری نتیجہ ہے تواصی بالحق۔ البتہ اگر کوئی معاشرہ بالکل ہی مردہ ہو چکا ہو اور پاکیزہ کردار کے اثرات محسوس نہ ہوں تو پھر بھی تواصی بالحق کا سلسلہ جاری رکھنا چاہیے تاکہ:

i. (Best defence is offence) اقدام بہترین دفاع ہے کے اصول کی روشنی میں خود کو معاشرے کے برے اثرات سے محفوظ رکھا جاسکے۔

ii. آخرت میں جواب دہی کے وقت شرمندگی سے بچا جاسکے، جیسا کہ سبت کے قانون میں زیادتی کرنے والوں کو باز رکھنے والوں نے کہا تھا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ (الاعراف7: 164) ہم تمہیں برائی سے روک رہے ہیں تاکہ روزِ قیامت تمہارے رب کے سامنے عذر پیش کر سکیں کہ اے اللہ! ہم تیری نافرمانیوں کو روکنے کی اپنی سی کوشش کر رہے تھے۔

iii. اِس امید پر کہ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ (الاعراف7: 164) یعنی شاید نافرمانی کرنے والے باز آجائیں اور کسی بات کا اُن پر اثر ہو ہی جائے۔

- باعمل انسان کے لیے تواصی بالحق اِس لیے بھی ضروری ہے کہ انسان کی شرافت و مروت کا لازمی تقاضا ہے کہ جو اپنے لیے پسند کرے وہی اپنے بھائی کے لیے بھی پسند کرے۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ(۱)

"تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لیے وہی کچھ پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے"۔

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب مِنَ الْإِيمَانِ أَنْ يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ، عن انسؓ

- تواصی بالحق ایک انسان کی اللہ کے حوالے سے غیرت و حمیت کا تقاضا ہے۔ جس طرح فرمانبردار بیٹا اپنے والد کی توہین برداشت نہیں کر سکتا اِسی طرح تابعدار بندے کا اپنے رب کی نافرمانی کو دیکھ کر خون کھولنے لگتا ہے۔
- ختمِ نبوت کی وجہ سے اب تواصی بالحق، امتِ مسلمہ کا مقصدِ تاسیس طے کر دیا گیا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ تَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ (آلِ عمران 3:110)

"(مسلمانو!) تم بہترین امت ہو جو لوگوں (کی رہنمائی) کے لیے پیدا کی گئی ہے۔ تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو"۔

تواصی بالحق اور تواصی بالصّبر کا باہمی تعلق :

- تواصی بالصبر کے مرحلے کا پیش آنا نہ صرف تواصی بالحق کا لازمی نتیجہ بلکہ قطعی ثبوت ہے دعوت کے مبنی بر حق ہونے کا۔ عربی زبان کا مقولہ ہے کہ اَلْحَقُّ مُرٌّ "سچ کڑوا ہوتا ہے"۔ اگر معاشرہ میں ظلم و ستم اور جبر و استحصال ہے تو ایسا کرنے والے عناصر محسوس کریں گے کہ دعوتِ حق اُن کے مفادات پر تیشہ بن کر گر رہی ہے۔ اب وہ اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے ضرور دعوتِ حق کی مخالفت کریں گے۔ گویا تواصی بالحق کے نتیجہ میں صبر کے مرحلہ کا آنا، ناگزیر ہے۔
- جتنا بڑا حق ہو گا اتنا ہی اِس کا اعلان اور تسلیم کرانا صبر آزما ہو گا۔ تواصی بالحق کا مقصد محض وعظ و نصیحت نہیں بلکہ برائی اور ظلم کا بالفعل مٹا دینا ہوتا ہے۔ حدیثِ مبارکہ ہے:

مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَ ذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ(۱)

"تم میں سے جو کوئی کسی برائی کو دیکھے پس اُسے چاہیے کہ اِسے اپنے ہاتھ سے روک دے، پھر اگر وہ اِس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنی زبان سے روک دے، پھر اگر وہ اِس کی بھی طاقت

(۱) صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب بَيَانِ كَوْنِ النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ مِنَ الْاِيْمَانِ ... عن ابی سعیدؓ

نہ رکھتا ہو تو اپنے دل میں اِسے برا سمجھے اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے"۔

اگر تبلیغ کا مقصد صرف زبانی کلامی سمجھانا ہو تو مخالفت کم ہو گی لیکن اگر اِس کا ہدف منکرات کا خاتمہ ہو تو لوٹ مار اور عیاشیاں کرنے والے مخالفت کی آخری حد تک جا کر، ظلم و ستم کی انتہا کرتے ہوئے رکاوٹ بنیں گے اور گویا صبر کا مرحلہ شدید ترین صورت اختیار کر جائے گا۔

ایک اہم نتیجہ :

ایمانِ حقیقی کا لازمی مظہر ہے عملِ صالح، عملِ صالح کا لازمی تقاضا ہے تواصی بالحق اور تواصی بالحق کا لازمی نتیجہ ہے تواصی بالصبر۔ اِسی طرح اِس کی عکسی صورت بھی بالکل درست ہے یعنی تواصی بالصبر کا مرحلہ پیش نہیں آیا تو یہ علامت ہے تواصی بالحق سے گریز کی، تواصی بالحق سے گریز حتمی ثبوت ہے عمل میں کمی کا اور عمل میں کمی یقینی ثبوت ہے ایمانِ حقیقی سے محرومی کا۔ گویا سورۃ العصر کی روشنی میں صراط مستقیم کے چار سنگ ہائے میل (Mile Stones) ہیں یعنی ایمان، عمل صالح، تواصی بالحق اور تواصی بالصبر۔

مریضانہ عدم توازن کی دو صورتیں:

i. اپنے ہی نفس کے تزکیہ میں لگے رہنا اور دوسروں کی اصلاح کی کوشش سے خود غرضانہ اور مجرمانہ غفلت برتنا یعنی راہبانہ تصورِ نیکی۔ ایک حدیث میں ایسا طرزِ عمل اختیار کرنے والوں کے لیے شدید وعید بیان ہوئی ہے:

اَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى جِبْرَئِيْلَ اَنِ اقْلِبْ مَدِيْنَةَ كَذَا وَكَذَا بِاَهْلِهَا قَالَ فَقَالَ يَا رَبِّ اِنَّ فِيْهِمْ عَبْدَكَ فُلَانًا لَمْ يَعْصِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ قَالَ فَقَالَ اِقْلِبْهَا عَلَيْهِمْ فَاِنَّ وَجْهَهٗ لَمْ يَتَمَعَّرْ فِيَّ سَاعَةً قَطُّ (۱)

"اللہ تعالیٰ نے حکم دیا جبرائیل علیہ السلام کو کہ فلاں شہر کو مع اُس کے باشندوں کے اُلٹ دو۔ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے پروردگار! اُن لوگوں میں تو تیرا فلاں بندہ بھی ہے جس

(۱) شعب الایمان للبیهقی، کتاب التاسع والثلاثون من شعب الإیمان، باب أحادیث فی وجوب الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر، ۳۳۳، عن جابرؓ

نے پلک جھپکنے کے دوران (یعنی ایک لمحہ) بھی تیری نافرمانی نہیں کی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:
اُس شہر کو دیگر باشندوں کے ساتھ اُس پر بھی الٹ دو، کیوں کہ (شہر والوں کے کرتوتوں پر)
میری خاطر اُس کا چہرہ ایک گھڑی بھی متغیر نہیں ہوا"۔

غور کیجیے ایک شخص تقویٰ کی اِس انتہا پر ہے کہ پلک جھپکنے میں بھی اللہ کی نافرمانی نہیں کر رہا، لیکن دوسروں کو نافرمانیوں سے نہ روکنے کی وجہ سے اللہ کے غضب کا شکار ہو گیا۔

ii. عدم توازن کی دوسری صورت یہ ہے کہ اپنی ذات کو فراموش کر کے دوسروں کو وعظ و نصیحت کرنا اور تحریکی کاموں میں سرگرم ہونا۔ ایسے لوگوں کو اللہ نے یوں تنبیہ فرمائی:

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ

(البقرۃ2:44)

"کیا تم لوگوں کو نیکی کرنے کی تلقین کرتے ہو اور اپنے آپ کو فراموش کیے دیتے ہو
حالانکہ تم (اللہ تعالیٰ کی) کتاب بھی پڑھتے ہو۔ تو کیا تم سوچتے نہیں ہو؟"

اللہ تعالیٰ ہمیں ہر قسم کے عدم توازن سے بچائے اور اُن لوگوں میں شامل فرمائے جو ایمان لائے، اچھے عمل کرتے رہے، مل جل کر حق کی تاکید کی اور باہم صبر و استقامت کی تلقین کرتے رہے۔ آمین!

درسِ دوم:

آیۂ بِرّ (سورۃ البقرۃ 2 آیت 177)

"حقیقتِ برّ و تقویٰ"

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ وَ لٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ الْكِتٰبِ وَ النَّبِيّٖنَ ۚ وَ اٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنَ وَ ابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَ السَّآئِلِيْنَ وَ فِي الرِّقَابِ ۚ وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَ الْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَ الصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ وَ حِيْنَ الْبَاْسِ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝

ترجمہ:

لَيْسَ الْبِرَّ... نیکی یہی نہیں ہے... اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ... کہ تم پھیر لو اپنے چہرے... قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ... مشرق اور مغرب کی طرف... وَ لٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ... بلکہ نیکی تو اُس کی ہے... اٰمَنَ بِاللّٰهِ... جو ایمان لایا اللہ پر... وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ... اور آخرت کے دن پر... وَ الْمَلٰٓئِكَةِ... اور فرشتوں پر... وَ الْكِتٰبِ... اور کتابوں پر... وَ النَّبِيّٖنَ... اور نبیوں پر... وَ اٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ... اور اُس نے دیا مال باوجود اِس کی محبت کے... ذَوِي الْقُرْبٰى... قرابت داروں کو... وَ الْيَتٰمٰى... اور یتیموں کو... وَ الْمَسٰكِيْنَ... اور محتاجوں کو... وَ ابْنَ السَّبِيْلِ... اور مسافروں کو... وَ السَّآئِلِيْنَ... اور مانگنے والوں کو... وَ فِي الرِّقَابِ... اور گردنوں کے چھڑانے میں... وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ... اور اُس نے نماز قائم کی... وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ... اور اُس نے زکوٰۃ دی... وَ الْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ... اور وہ پورا کرنے والے ہیں اپنے عہد کو... اِذَا عٰهَدُوْا... جب بھی عہد کریں... وَ الصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ... اور بالخصوص صبر کرنے والے سختیوں میں... وَ الضَّرَّآءِ...

اور تکالیف میں . . . وَ حِیْنَ الْبَاْسِ . . . اور لڑائی کے وقت . . . اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا . . . یہی لوگ سچے ہوئے . . . وَ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ . . . اور یہی لوگ متقی ہیں۔

تمہیدی نکات:

1. منتخب نصاب کے حصّہ اوّل کا درسِ دوم سورۃ البقرۃ 2 آیت 177 کے بیان پر مشتمل ہے۔
2. یہ ایک طویل آیت ہے جو سورۃ العصر میں بیان شدہ نجات کی چار شرائط کو نہایت عمدگی سے اِس طرح واضح کر رہی ہے کہ:

i. ایمان کی وضاحت میں پانچ ایمانیات کا ذکر ہے یعنی اللہ، آخرت، فرشتوں، کتابوں اور انبیاء پر ایمان۔ گویا سورۃ العصر میں ایمان ایک بند کلی کی طرح تھا اور اِس آیت میں اِس کلی سے ایک ایسا پھول برآمد ہوا ہے جس کی پانچ پتیاں ہیں۔

ii. عملِ صالح کے ضمن میں تین اعمال کا بیان آیا ہے یعنی انسانی ہمدردی کے تحت ناداروں کی مالی امداد، عبادات کا اہتمام اور جملہ معاملات میں عہد کی پاسداری۔

iii. اِس آیت میں تواصی بالحق کا ذکر بین السطور موجود ہے۔ یہ آیت جنگ کے موقع پر صبر کا ذکر کر رہی ہے اور جنگ ہوتی ہی اُس وقت ہے جب تواصی بالحق کے ذریعہ باطل کو چھیڑا جائے۔

iv. تواصی بالصبر کے ذیل میں صبر کے تین مواقع بیان کیے جا رہے ہیں یعنی سختیوں، تکالیف اور جنگ کے دوران صبر۔

3. اِس آیت کا موضوع ہے "نیکی کا جامع تصور"۔ اِس موضوع کی اہمیت یہ ہے کہ دنیا میں بسنے والا ہر انسان اپنے ضمیر کے اطمینان اور معنوی و روحانی زندگی کی بقاء و تسلسل کے لیے نیکی کا کوئی نہ کوئی تصور اختیار کرنے پر مجبور ہے۔ ایک طرف انسان بعض غلط کام کر رہا ہوتا ہے جن کی وجہ سے ضمیر ملامت کرتا ہے لیکن دوسری طرف نیکی کی کوئی خاص صورت اختیار کر کے ضمیر کی خلش کو کم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ بقولِ شاعر: ؏

بقدرِ پیمانۂ تخیل، سرور ہر دل میں ہے خودی کا
اگر نہ ہو یہ فریبِ پیہم تو دم نکل جائے آدمی کا

معاشرے میں نیکی کے مختلف تصورات پائے جاتے ہیں۔ایسے طبقات جو معاشرے میں برے سمجھے جاتے ہیں اُن کا اپنا تصورِ نیکی ہوتا ہے اور جو طبقات اچھی شہرت کے حامل ہوتے ہیں، وہ اپنا تصورِ نیکی رکھتے ہیں۔

برے طبقات کے حوالے سے نوٹ کیجیے کہ ڈاکے ڈالنے والے لوٹے ہوئے مال سے یتیموں اور بیواؤں کی مدد کرتے ہیں، جیب کترے اپنی حدود سے باہر واردات کو ناجائز تصور کرتے میں اور دن بھر کی کمائی استاد کے سامنے پیش نہ کرنے کو خیانت سمجھتے ہیں، غنڈہ عناصر کسی مظلوم کی حمایت میں جان پر کھیل جاتے ہیں، عصمت فروش ،گلوکاراور ڈراموں و فلموں میں فحاشی کاارتکاب کرنے والے اداکار مزارات پر حاضر ہو کر نذرانے پیش کرتے ہیں، ربیع الاوّل میں نعتیں پڑھتے ہیں، محرم میں مرثیہ خوانی کرتے ہیں اور آفات کے موقع پر کثیر رقم کے ذریعہ مالی امداد کرتے ہیں۔

اچھی شہرت کے حامل افراد میں مذہبی طبقہ ہے جو عبادات میں تو مستعد ہوتا ہے لیکن کاروباری معاملات میں حلال و حرام کا خیال نہیں رکھتا، معاشرے کے ذمہ دار شہری اپنے پیشہ ورانہ فرائض باقاعدگی اور امانت داری سے ادا کرتے ہیں لیکن عبادات کو ذاتی مسئلہ قرار دے کر زیادہ اہمیت نہیں دیتے، سماجی کارکن خدمتِ خلق کے کاموں میں فعال ہوتے ہیں اور اسی کو عبادات کا حاصل کہہ کر، عبادات سے پہلو تہی کرتے ہیں، واعظین دوسروں کو نیکی کی تلقین کرتے ہیں لیکن اپنے لیے بے عملی کے حیلے تراش لیتے ہیں۔اِن تمام تصورات میں موجود مشترک غلطی ہے نیکی کا جزوی تصور۔ نیکی انسانی ہمدردی، عبادات اور معاملات میں دیانت داری کا مجموعہ ہے لیکن ہم نے اِس کی وحدت کو پارہ پارہ کر کے کئی اجزاء میں تقسیم کر دیا، بقولِ اقبال: ؎

اٹھائے کچھ ورق لالہ نے، کچھ نرگس نے، کچھ گل نے
چمن میں ہر طرف بکھری ہوئی ہے داستاں میری

نیکی کے حوالے سے مختلف تصورات کو ایک تمثیلی واقعہ کے ذریعہ سمجھا جا سکتا ہے۔ایک بستی میں چند نابینا رہتے تھے۔اُس بستی میں ایک ہاتھی آیا اور سب لوگ اُسے دیکھنے کے لیے جمع ہوگئے۔یہ نابینا بھی ہاتھی کے پاس گئے تاکہ اُسے چھو کر اُس کے بارے میں کوئی تصور قائم کریں۔اُن میں سے جس کے ہاتھ میں ہاتھی کی دُم آئی ،اُس نے کہا ہاتھی ایک رسی کی مانند ہے۔جس کا ہاتھ ٹانگ پر لگا اُس نے کہا ہاتھی ستون کی طرح ہے۔جس نے اُس کے پیٹ پر ہاتھ پھیرا،اُس کا خیال تھا کہ ہاتھی ڈھول کے مثل ہے۔جس کا ہاتھ کان پر پڑا،اُس نے ہاتھی کو ایک پردے سے تمثیل دی۔

قرآنِ حکیم میں جزوی نیکی اختیار کرنے کے حوالے سے شدید وعید بیان کی گئی ہے:

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ (البقرۃ2: 85)

"کیا تم کتابِ (الٰہی) کے بعض احکامات کو تو مانتے ہو اور بعض کو نہیں مانتے، تو جو لوگ تم میں سے ایسی حرکت کریں، اُن کی سزا اِس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے کہ دنیا کی زندگی میں تو رُسوائی ہو اور قیامت کے دن سخت ترین عذاب میں ڈال دیئے جائیں اور جو تم کرتے ہو اللہ اُس سے غافل نہیں ہے"۔

سورۃ البقرۃ2 کی آیت زیرِ درس نیکی کا ایک جامع تصور بیان کر رہی ہے اور نیکی کے جملہ پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے یعنی نیکی کیا ہے؟ روحِ نیکی کیا ہے؟ نیکی کے لیے جذبۂ محرکہ کیا ہے؟ نیکی کے عملی مظاہر کیا ہیں؟ اِن مظاہر میں ترجیحات کیا ہیں؟ اور نیکی کی چوٹی کیا ہے؟

4. اِس آیت کے پس منظر میں تحویلِ قبلہ کا واقعہ ہے۔جب نبی اکرم ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو اللہ تعالیٰ نے وحیٔ خفی کے ذریعہ آپ ﷺ کو حکم دیا کہ نماز کے دوران اپنا رخ بیت المقدس کی طرف رکھیے۔اِس حکم کا مقصد مہاجر صحابہ رضی اللہ عنہم کا امتحان لینا تھا جنہیں مسجدِ حرام سے شدید محبت تھی کہ آیا وہ اپنی محبت کو ترجیح دیتے ہیں یا اللہ کے رسول ﷺ کی اتباع کرتے

ہوئے مسجدِ حرام کے بجائے بیت المقدس کو قبلہ بنا لیتے ہیں۔سورۃ البقرۃ2 آیت 143 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ مَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِیْ كُنْتَ عَلَیْهَاۤ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ یَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَیْهِ ؕ وَ اِنْ كَانَتْ لَكَبِیْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِیْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ"

"اور ہم نے نہیں مقرر کیا وہ قبلہ جس پر کہ (اے نبی ﷺ) آپ تھے مگر اِس لیے تاکہ ہم ظاہر کر دیں کہ کون ہے جو رسول ﷺ کی پیروی کرتا ہے؟ اُس کے برعکس جو اپنی ایڑھیوں کے بل رُخ پھیر لیتا ہے اور یقیناوہ بہت بھاری (حکم) تھا سوائے اُن لوگوں کے جنہیں اللہ نے ہدایت دی"۔

جب مہاجر صحابہ رضی اللہ عنہم کا امتحان اچھی طرح سے ہو گیا تو ہجرت کے 16 ماہ بعد تحویلِ قبلہ کا حکم اِن الفاظ میں وارد ہوا:

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَ حَیْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ (البقرۃ2:144)

"(اے نبی ﷺ) ہم دیکھ رہے ہیں آپ ﷺ کے چہرے کا بار بار اُٹھنا آسمان کی طرف پس ہم پھیرے دیتے ہیں آپ ﷺ کے چہرے کو اُس قبلہ کی طرف کہ جس سے آپ ﷺ محبت کرتے ہیں، تو پھیر لیجیے اپنے چہرے (رخ) کو مسجدِ حرام کی طرف اور (اے مسلمانو!) تم جہاں کہیں پر بھی ہو پس پھیر لو اپنے چہروں کو اُس (مسجدِ حرام) کی طرف"۔

یہود کو تحویلِ قبلہ کے حکم سے شدید صدمہ ہوا۔اُن کا قبلہ بیت المقدس تھا اور اب مسلمانوں کے لیے اُسے تبدیل کر دیا گیا۔اُنہوں نے ایک بھرپور مخالفانہ مہم شروع کر دی کہ اسلام عجیب دین ہے کہ اِس میں قبلہ کا تعین ہی نہیں ہے۔پہلے قبلہ تھا بیت المقدس اور اب مسجدِ حرام کو قبلہ بنا دیا گیا ہے۔جو نمازیں بیت المقدس کی طرف رُخ کر کے پڑھی گئیں آیا وہ قبول ہوئیں یا نہیں؟ جو زندہ ہیں وہ تو اپنی نمازیں دہرا لیں گے لیکن مرحومین کی نمازوں کا کیا ہو گا؟ کچھ سادہ لوح مسلمان بھی اِس مخالفانہ مہم سے متأثر ہو کر شکوک و شبہات کا شکار ہو گئے۔اللہ نے یہود کے

اعتراضات اور ان کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے شکوک و شبہات کا ازالہ اِس طرح فرمایا:

i. قبلہ کا تعین صرف اِس لیے کیا گیا ہے تاکہ مسلمانوں میں ایک مرکزیت اور وحدت قائم ہو ورنہ اللہ تعالیٰ کسی سمت میں مقید نہیں بلکہ ہر طرف ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

وَ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ (البقرۃ2: 115)

"اور اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق اور مغرب پس تم جہاں بھی رخ کرو گے پس وہیں (متوجہ) پاؤ گے اللہ کا رخِ انور۔ بے شک اللہ بڑی وسعت والا اور سب کچھ جاننے والا ہے"۔

ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود ۔۔۔ قبلہ کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں

ii. اہمیت کسی رُخ کی نہیں اللہ کے حکم کی ہے۔ جس نے اللہ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے نماز پڑھی بیت المقدس کی طرف، اللہ اُس کا ایمان ہر گز ضائع نہیں فرمائے گا:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ (البقرۃ2: 143)

"اور اللہ تمہارا ایمان (یعنی نمازیں) ضائع کرنے والا نہیں ہے"۔

ایمان کا اولین مظہر نماز ہے، گویا اللہ نمازیں ضائع کرنے والا نہیں ہے۔

iii. اللہ نے سورۃ البقرۃ2 کی آیت 144 کے بعد آیات 149 اور 150 میں دوبارہ تحویلِ قبلہ کے حکم کو دہرایا تاکہ مسلمانوں کو اِس حکم کی اہمیت کا اندازہ ہو:

وَ مِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَ اِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَ مِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَ حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ

"اور آپ ﷺ جہاں کہیں سے نکلیں پس پھیر لیجیے اپنے چہرے (رخ) کو مسجدِ حرام کی طرف اور یقیناً یہ (حکم) حق ہے آپ ﷺ کے رب کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ غافل نہیں ہے اُس (عمل) سے جو تم سب کر رہے ہو اور (اے نبی ﷺ) آپ جہاں

کہیں سے نکلیں تو اپنے چہرے کو پھیر لیجیے مسجدِ حرام کی طرف اور (اے مسلمانو!) تم جہاں کہیں بھی ہو پس اپنے رخ پھیر لیا کرو مسجدِ حرام کی طرف"۔

iv. اِس کے بعد آیت زیرِ درس میں فرمایا گیا کہ تم نے مشرق و مغرب کی طرف رُخ کرنے کو کچھ زیادہ ہی اہمیت دے دی ہے حالانکہ یہ نیکی کا ایک ظاہری پہلو ہے۔ نیکی کے ظاہر کی اہمیت اپنی جگہ لیکن زیادہ اہمیت نیکی کی حقیقت کی ہے۔ اِس آیت میں نیکی کے صرف ظاہر کو اہمیت دینے کی گمراہی کی نفی کر کے نیکی کے جملہ پہلوؤں کو واضح کیا گیا ہے۔

آیت پر غور و فکر

"بِرّ" (نیکی) کی حقیقت:

لَيْسَ الْبِرَّ... نیکی یہی نہیں ہے... اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ... کہ تم پھیر لو اپنے چہرے... قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ... مشرق اور مغرب کی طرف... وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ... بلکہ نیکی تو اُس کی ہے جو ایمان لایا...

- لفظ "اَلْبِرَّ" کا مادہ ہے ب ر ر۔ اِس مادے سے بننے والے الفاظ میں اطمینان و سکون کا مفہوم پایا جاتا ہے، مثلاً عربی میں "اَلْبَرُّ" خشکی کو کہتے ہیں اور سمندر سے خشکی پر آ کر انسان ایک سکون محسوس کرتا ہے۔ نیکی کرنے سے بھی انسان کو سکون ملتا ہے، لہٰذا اِس کے لیے عربی میں لفظ "اَلْبِرُّ" استعمال ہوتا ہے۔ اِس کے برعکس برائی کرنے سے دل میں ایک خلش پیدا ہوتی ہے۔ جیسا کہ ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَا حَاكَ فِي نَفْسِكَ وَكَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ (۱)

"نیکی حسنِ اخلاق ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے جی میں گھٹن پیدا کرے اور تو ناپسند کرے کہ لوگ اِسے جان لیں"۔

اِسی طرح آپ ﷺ نے ایک صحابی حضرت وابصہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا :

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالآدَابِ، باب تَفْسِيرِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ عن نوّاس بن سمعانؓ

جِئْتَ تَسْأَلُنِيْ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَجَمَعَ أَنَامِلَهُ فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِهِنَّ فِيْ صَدْرِيْ وَيَقُوْلُ يَا وَابِصَةُ اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ وَاسْتَفْتِ نَفْسَكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اَلْبِرُّ مَا اطْمَأَنَّتْ اِلَيْهِ النَّفْسُ وَالْاِثْمُ مَا حَاكَ فِي النَّفْسِ وَتَرَدَّدَ فِي الصَّدْرِ وَاِنْ اَفْتَاكَ النَّاسُ وَاَفْتَوْكَ (۱)

"کیا تم مجھ سے نیکی اور گناہ کے بارے میں دریافت کرنا چاہتے ہو؟ صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا جی ہاں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو ملا کر میرے سینے پر مارا اور تین مرتبہ ارشاد فرمایا: اپنے دل سے پوچھ لو اور اپنے نفس سے پوچھ لو! نیکی وہ ہے جس سے جی کو چین حاصل ہوتا ہے اور گناہ وہ ہے جو جی میں گھٹن پیدا کرے اور سینہ میں کھٹک محسوس ہو اگرچہ لوگ تجھے اُس کے جواز کا فتویٰ دے دیں"۔

- لَيْسَ الْبِرَّ کا مفہوم ہے کہ نیکی یہی نہیں ہے یعنی قبلہ کی طرف رُخ کرنا بھی نیکی ہے۔ قبلہ کی طرف رُخ کرنے سے پوری دنیا کے مسلمانوں میں ایک نظم اور باہمی وحدت کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ نہیں فرمایا کہ مشرق و مغرب کی طرف رُخ کرنا کوئی نیکی نہیں۔ البتہ صرف اِسی کو نیکی سمجھ لینا نیکی کا محدود تصور ہے۔
- وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ کے الفاظ ظاہر کر رہے ہیں کہ نیکی کا انحصار عمل کے بجائے عمل کرنے والے پر ہے۔ مثال کے طور پر نماز کی ادائیگی ایک عمل ہے۔ یہ عمل نیکی ہے اگر نماز ادا کرنے والا اِسے خالصتاً اللہ کی رضا کے حصول کے لیے انجام دے رہا ہے۔ اگر نماز پڑھنے والا ریاکاری کر رہا ہے تو اُس کی نماز نیکی نہیں بلکہ بدترین گناہ یعنی شرک ہے۔ ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

مَنْ صَلّٰى يُرَاءِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ (۲)

"جس نے دکھاوے کے لیے نماز پڑھی اُس نے شرک کیا"۔

نیکی کا ایمان سے تعلق:

(۱) مسند احمد، کتاب بَاقِي مُسْنَدُ الشَّامِيِّينَ، باب حَدِيثُ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ الْأَسَدِيِّ نَزَلَ الرَّقَّةَ، ۱۷۳۲۰

(۲) مسند احمد، کتاب بَاقِي مُسْنَدُ الشَّامِيِّينَ، باب حَدِيثُ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، ۱۶۵۱۷

اٰمَنَ بِاللّٰهِ... جو ایمان لایا اللہ پر... وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ... اور آخرت کے دن پر... وَالْمَلٰٓئِكَةِ... اور فرشتوں پر... وَالْكِتٰبِ... اور کتابوں پر... وَالنَّبِيّٖنَ... اور نبیوں پر...

آیت کے اِس حصّہ میں پانچ ایمانیات کا ذکر ہے یعنی اللہ ،آخرت،فرشتوں،کتابوں اور انبیاء پر ایمان۔البتہ فرشتوں، کتابوں اور انبیاء کا تعلق ایمان بالرسالت سے ہے لہٰذا کہا جاسکتا ہے کہ بنیادی طور پر یہاں ایمانیاتِ ثلاثہ یعنی توحید، آخرت اور رسالت کا ذکر ہے۔

- نیکی کی بحث کا آغاز ایمان کے ذکر سے کرنے کی حکمت یہ ہے کہ :

i. ایمان نیکی کے لیے جذبۂ محرکہ (Motivating Force) ہے۔نیکی کرنے کے لیے محنت بھی کرنی پڑتی ہے اور بعض اوقات مادی اعتبار سے نقصان بھی اُٹھانا پڑتا ہے۔اِس کے برعکس گناہ سے انسان کو لذت بھی حاصل ہوتی ہے اور اکثر وقتی فوائد بھی سمیٹ لیے جاتے ہیں۔ نیکی کا اجر آخرت میں ملے گا اور گناہ کا فائدہ فوری ہاتھ لگ جاتا ہے۔انسان جلد باز ہے اور وہ "تیرہ ادھار" کے بجائے "نونقد" کا سودا کرنے کو ترجیح دیتا ہے،بقولِ غالب ؎

جانتا ہوں ثوابِ طاعت وزہد　　پر طبیعت ادھر نہیں آتی

ایمان وہ جذبۂ محرکہ ہے جو باوجود نقصان کے انسان کو نیکی پر کاربند رکھتا ہے۔اِس کے بھی دو پہلو ہیں۔ایک ہے مثبت جذبۂ محرکہ یعنی اللہ کی رضا کے حصول کے لیے نیکی کی جائے۔ سورۃ اللیل[92] آیات 17 تا 21 میں ارشاد ہوا:

وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿۱۷﴾ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿۲۰﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿۲۱﴾

"اور جو بڑا پرہیز گار ہے وہ (جہنم سے) بچالیا جائے گا۔وہ جو اپنا مال دیتا ہے تاکہ (دنیا کی محبت سے) پاک ہو۔اور اِس لیے نہیں (دیتا) کہ اُس پر کسی کا احسان ہے جس کا وہ بدلا اُتارتا ہے بلکہ اپنے اعلیٰ رب کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے دیتا ہے۔اور عنقریب (اُسے ایسا اجر دیا جائے گا کہ) وہ خوش ہو جائے گا"۔

دوسرا پہلو ہے منفی جذبۂ محرکہ یعنی آخرت میں جواب دہی کا احساس اور اِس کے تحت خوف جو انسان کو نیکی کرنے پر مجبور کر دے۔ سورۃ النازعات[79] آیات 40 اور 41 میں اِس حوالے سے ارشاد ہوا:

وَ اَمَّا مَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ وَ نَہَی النَّفۡسَ عَنِ الۡہَوٰی ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ الۡجَنَّۃَ ہِیَ الۡمَاۡوٰی ﴿۴۱﴾

"اور جو اپنے رب کے سامنے جواب دہی کے احساس سے ڈرتا رہا اور اُس نے اپنے آپ کو نفسانی خواہشات سے روکے رکھا تو جنت ہی اُس کا ٹھکانہ ہے"۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا حکیمانہ قول ہے کہ عبادت کے تین محرکات ہوتے ہیں۔ پہلی عبادت وہ جو جنت کی طلب میں کی جاتی ہے۔ یہ ایک تاجر کی عبادت ہے۔ دوسری وہ جو جہنم کے خوف سے کی جاتی ہے۔ یہ ایک غلام کی عبادت ہے۔ تیسری وہ جو اللہ کی محبت کی وجہ سے کی جاتی ہے۔ یہ بندۂ مومن کی عبادت ہے۔

ii. ایمان نیکی کی روح ہے۔ یہ حقیقت ایمانیاتِ ثلاثہ کے ساتھ نیکی کا ربط سمجھنے سے واضح ہوتی ہے۔ توحید کے اعتبار سے وہی عمل نیکی ہے جس کا مقصد اللہ کی رضا کا حصول ہو، آخرت کے اعتبار سے وہی عمل نیکی ہے جس کا اجر صرف آخرت میں مطلوب ہو اور رسالت کے اعتبار سے وہی عمل نیکی ہے جو سنت کے خلاف نہ ہو۔ اللہ اور آخرت پر ایمان کے ساتھ نیکی کا ربط قرآنِ حکیم میں بار بار بیان ہوا:

وَ یُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسۡکِیۡنًا وَّ یَتِیۡمًا وَّ اَسِیۡرًا ﴿۸﴾ اِنَّمَا نُطۡعِمُکُمۡ لِوَجۡہِ اللّٰہِ لَا نُرِیۡدُ مِنۡکُمۡ جَزَآءً وَّ لَا شُکُوۡرًا ﴿۹﴾ اِنَّا نَخَافُ مِنۡ رَّبِّنَا یَوۡمًا عَبُوۡسًا قَمۡطَرِیۡرًا ﴿۱۰﴾ (الدھر 76: 8-10)

"اور وہ اللہ کی محبت کی وجہ سے محتاجوں اور یتیموں اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔ (اور کہتے ہیں) کہ ہم تمہیں خالص اللہ کی رضا کے لیے کھلاتے ہیں۔ نہ تم سے کسی

بدلہ کے طلب گار ہیں نہ شکر گزاری کے۔ ہم ڈرتے ہیں اپنے رب سے اُس دن کے احساس سے جو سخت اُداس کر دینے والا ہے"۔

وَ مَا تُنۡفِقُوۡنَ اِلَّا ابۡتِغَآءَ وَجۡهِ اللّٰهِ ؕ وَ مَا تُنۡفِقُوۡا مِنۡ خَيۡرٍ يُّوَفَّ اِلَيۡكُمۡ وَ اَنۡتُمۡ لَا تُظۡلَمُوۡنَ ۝ (البقرۃ2: 272)

"اور تم جو بھی انفاق کرو تو کرو اللہ کی خوشنودی کے لیے۔ اور جو مال تم خرچ کرو گے وہ تمہیں پورا پورا دیدیا جائے گا (روزِ قیامت) اور تمہارا کچھ نقصان نہ کیا جائے گا"۔

وَ الَّذِيۡنَ يُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ رِئَآءَ النَّاسِ وَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَ لَا بِالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ وَ مَنۡ يَّكُنِ الشَّيۡطٰنُ لَهٗ قَرِيۡنًا فَسَآءَ قَرِيۡنًا ۝ (النساء4: 38)

"اور جو لوگ مال خرچ کرتے ہیں لوگوں کے دکھانے کے لیے، وہ (درحقیقت) ایمان نہیں رکھتے اللہ پر اور نہ ہی روزِ آخرت پر۔ (ایسے لوگوں کا ساتھی شیطان ہے) اور جس کا ساتھی شیطان ہو تو (کچھ شک نہیں کہ) وہ بُرا ساتھی ہے"۔

ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

اِنَّ اَوَّلَ النَّاسِ يُقۡضٰى يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ عَلَيۡهِ رَجُلُ اسۡتُشۡهِدَ فَاُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهٗ نِعَمَهٗ فَعَرَفَهَا قَالَ: فَمَا عَمِلۡتَ فِيۡهَا؟ قَالَ: قَاتَلۡتُ فِيۡكَ حَتّٰى اُسۡتُشۡهِدۡتُّ قَالَ: كَذَبۡتَ وَلٰكِنَّكَ قَاتَلۡتَ لِاَنۡ يُّقَالَ جَرِيٌّ فَقَدۡ قِيۡلَ ثُمَّ اُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجۡهِهٖ حَتّٰى اُلۡقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الۡعِلۡمَ وَعَلَّمَهٗ وَقَرَاَ الۡقُرۡاٰنَ فَاُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهٗ نِعَمَهٗ فَعَرَفَهَا قَالَ: فَمَا عَمِلۡتَ فِيۡهَا؟ قَالَ: تَعَلَّمۡتُ الۡعِلۡمَ وَعَلَّمۡتُهٗ وَقَرَأۡتُ فِيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ قَالَ: كَذَبۡتَ وَلٰكِنَّكَ تَعَلَّمۡتَ الۡعِلۡمَ لِيُقَالَ عَالِمٌ وَقَرَأۡتَ الۡقُرۡاٰنَ لِيُقَالَ هُوَ قَارِئٌ فَقَدۡ قِيۡلَ ثُمَّ اُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجۡهِهٖ حَتّٰى اُلۡقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ وَّسَّعَ اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاَعۡطَاهُ مِنۡ اَصۡنَافِ الۡمَالِ كُلِّهٖ فَاُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهٗ نِعَمَهٗ فَعَرَفَهَا قَالَ: فَمَا عَمِلۡتَ فِيۡهَا؟ قَالَ: مَا تَرَكۡتُ مِنۡ سَبِيۡلٍ تُحِبُّ اَنۡ يُّنۡفَقَ فِيۡهَا اِلَّا اَنۡفَقۡتُ فِيۡهَا لَكَ قَالَ: كَذَبۡتَ

وَلَـٰكِنَّكَ فَعَلْتَ لِيُقَالَ هُوَ جَوَّادٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَىٰ وَجْهِهِ حَتَّىٰ أُلْقِيَ فِي النَّارِ (۱)

"قیامت والے دن جن لوگوں کا سب سے پہلے فیصلہ کیا جائے گا، اُن میں ایک وہ آدمی ہو گا جو شہید ہو گیا تھا، پس اُسے (بارگاہِ الٰہی میں) پیش کیا جائے گا، اللہ تعالیٰ اُسے اپنی نعمتیں یاد کروائے گا، وہ انہیں پہچان لے گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا، تو نے اِن کی وجہ سے کیا عمل کیا؟ وہ عرض کرے گا، میں نے تیری راہ میں جہاد کیا، یہاں تک کہ شہید ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا، تو نے جھوٹ کہا، تو تو اِس لیے لڑا تھا تاکہ تجھے بہادر کہا جائے، پس تجھے (دنیا میں) بہادر کہہ لیا گیا۔ پس اُس کی بابت حکم دیا جائے گا تو اُسے منہ کے بل گھسیٹا جائے گا اور جہنم میں ڈال دیا جائے گا اور دوسرا وہ شخص ہو گا جس نے (دین کا) علم حاصل کیا اور دوسروں کو سکھلایا اور قرآن پڑھا، پس اُس کو پیش کیا جائے گا، اللہ تعالیٰ اُسے اپنی نعمتیں یاد کروائے گا، وہ انہیں پہچان لے گا، اللہ تعالیٰ پوچھے گا، تو نے اِن کی وجہ سے کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا، میں نے علم سیکھا اور دوسروں کو سکھایا اور تیری رضا کے لیے قرآن پڑھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا، تو نے جھوٹ کہا، تو نے تو علم اِس لیے حاصل کیا تھا تاکہ تجھے عالم کہا جائے اور قرآن اِس لیے پڑھا تاکہ تجھے قاری کہا جائے۔ پس تحقیق تجھے (دنیا میں ایسا) کہہ لیا گیا اور اُس کی بابت حکم دیا جائے گا، پس اُسے منہ کے بل گھسیٹا جائے گا اور جہنم میں ڈال دیا جائے گا اور (تیسرا) وہ شخص ہو گا، جس کو اللہ نے کشادگی عطا فرمائی تھی اور اُسے مختلف قسم کے مال سے نوازا تھا، پس اُسے پیش کیا جائے گا، اللہ تعالیٰ اُسے اپنی نعمتیں یاد کروائے گا، وہ انہیں پہچان لے گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا، تو نے اِن کی وجہ سے کیا عمل کیا؟ وہ عرض کرے گا، میں نے کوئی ایسا راستہ جس میں خرچ کیے جانے کو تو پسند کرتا تھا، نہیں چھوڑا، مگر اِس میں تیری خاطر ضرور خرچ کیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا، تو نے جھوٹ کہا، تو نے تو یہ اِس لیے کیا کہ کہا جائے کہ تو بڑا سخی ہے۔ پس تحقیق تجھے (دنیا میں ایسا) کہہ لیا گیا اور اُس کی

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْإِمَارَةِ، باب مَنْ قَاتَلَ لِلرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ اسْتَحَقَّ النَّارَ عن عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؓ

بابت حکم دیا جائے گا، پس اُسے منہ کے بل گھسیٹا جائے گا اور جہنم میں ڈال دیا جائے گا"۔

رسالت کے اعتبار سے یہ بات اہم ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کی سنت ہی نیکی کو ایک متوازن نمونہ اور معین صورت عطا کرتی ہے۔اِس نکتہ کی وضاحت بخاری و مسلم کی ایک روایت میں سامنے آتی ہے:

جَاءَ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ إِلَى بُيُوتِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ يَسْأَلُونَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ ﷺ فَلَمَّا أُخْبِرُوا كَأَنَّهُمْ تَقَالُّوهَا فَقَالُوا وَأَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ قَدْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ أَحَدُهُمْ أَمَّا أَنَا فَإِنِّي أُصَلِّي اللَّيْلَ أَبَدًا وَقَالَ آخَرُ أَنَا أَصُومُ الدَّهْرَ وَلَا أُفْطِرُ وَقَالَ آخَرُ أَنَا أَعْتَزِلُ النِّسَاءَ فَلَا أَتَزَوَّجُ أَبَدًا فَجَاءَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ أَنْتُمُ الَّذِينَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا أَمَا وَاللهِ إِنِّي لَأَخْشَاكُمْ لِلهِ وَأَتْقَاكُمْ لَهُ لَكِنِّي أَصُومُ وَأُفْطِرُ وَأُصَلِّي وَأَرْقُدُ وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي[1]

"تین آدمی نبی ﷺ کی بیویوں کے گھر آپ ﷺ کی عبادت کا حال و کیفیت پوچھنے آئے۔ جب اُنہیں آپ ﷺ کی عبادت کی کیفیت بتائی گئی تو گویا اُنہوں نے آپ ﷺ کی عبادت کو کم سمجھا۔ پھر اُن لوگوں نے آپس میں کہا کہ ہم کہاں اور نبی ﷺ کہاں یعنی ہمیں آپ ﷺ سے کیا نسبت؟ اللہ تعالیٰ نے تو اُن کے اگلے پچھلے گناہوں کو معاف کر دیا ہے۔ پھر اُن میں سے ایک شخص نے کہا میں تو اب تمام رات نماز پڑھا کروں گا۔ دوسرے نے کہا میں ہمیشہ دن کو روزہ رکھا کروں گا اور کبھی دن میں افطار نہیں کروں گا۔ ایک اور نے کہا میں عورتوں سے الگ رہوں گا اور کبھی نکاح نہیں کروں گا۔ اتنے میں اُن کے پاس نبی ﷺ تشریف لائے اور فرمایا تم ہی وہ لوگ ہو

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب النِّکَاحِ، باب التَّرْغِیبِ فِی النِّکَاحِ عن انس بن مالكؓ وصحیح مسلم، کتاب النِّکَاحِ، باب اسْتِحْبَابِ النِّکَاحِ لِمَنْ تَاقَتْ نَفْسُهُ إِلَيْهِ وَوَجَدَ مُؤْنَهُ وَاشْتِغَالِ

جنہوں نے یہ یہ کہا ہے۔ سنو اللہ کی قسم! میں تمہاری نسبت اللہ سے سے زیادہ ڈرتا ہوں اور اُس کی نافرمانی سے بچنے کا زیادہ خیال رکھتا ہوں، مگر (دیکھو) میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور (کسی دن) نہیں بھی رکھتا ہوں اور (رات میں) نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں۔ پس جو شخص میری سنت سے منہ موڑے گا اُس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں"۔

نیکی کا پہلا عملی مظہر

انسانی ہمدردی

وَ اٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّهٖ... اور اُس نے دیا مال باوجود اِس کی محبت کے... ذَوِی الْقُرْبٰی... قرابت داروں کو ... وَالْیَتٰمٰی... اور یتیموں کو ... وَالْمَسٰكِیْنَ... اور محتاجوں کو ... وَابْنَ السَّبِیْلِ ... اور مسافروں کو... وَالسَّآىِٕلِیْنَ... اور مانگنے والوں کو... وَ فِی الرِّقَابِ... اور گردنوں کے چھڑانے میں۔

- نیکی کا اوّلین عملی مظہر ہے انسانی ہمدردی اور اِس کے تحت مستحقین کے لیے اپنی محبوب شے یعنی مال خرچ کرنا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ (آلِ عمران 3: 92)

"تم اصل نیکی نہیں پا سکتے جب تک اُس میں سے خرچ نہ کرو جو تمہیں محبوب ہے"۔

نیکی کے حوالے سے انسانی ہمدردی کا یہ مقام ہے کہ اِسے عبادات سے بھی مقدم کیا گیا۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ (۱)

"جو کوئی دل کی نرمی سے محروم ہو گیا وہ خیر سے محروم ہو گیا"۔

- انفاقِ مال کے حوالے سے مستحقین میں ترجیحات اِس آیت میں بیان شدہ ترتیب کے مطابق ہوں گی۔

i. انسان کے صدقہ و خیرات کے اولین حق دار اِس کے قرابت دار ہیں۔

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالآدَابِ، باب فَضْلِ الرِّفْقِ عن جریرؓ

ii. دوسرے حق دار ہیں یتیم جن کے ساتھ حسنِ سلوک کی اِسلامی تعلیمات میں بہت تاکید کی گئی ہے۔اِس کی ایک وجہ یہ ہے کہ وہ احساسِ محرومی کا شکار نہ ہوں۔یہ احساسِ محرومی نہ صرف اُن کے لیے بھی تکلیف دہ ہوتا ہے بلکہ پورے معاشرے کے امن و امان کے لیے بھی۔تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ جو بچے بچپن میں احساسِ محرومی کا شکار ہوتے ہیں وہی بڑے ہو کر ردِّ عمل کے طور پر جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں۔نبی کریم ﷺ نے یتیم کی کفالت کرنے والوں کو بہت اجر و ثواب اور جنت میں اپنی رفاقت کی خوشخبری دی ہے۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِي الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى وَفَرَّجَ بَيْنَهُمَا شَيْئًا[1]

"میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا، جنت میں اِس طرح ہوں گے اور آپ ﷺ نے اپنی انگشت شہادت اور درمیان والی انگلی کے درمیان کشادگی فرمائی (یعنی قریب ہونے کے باوجود، درجات میں فرق و تفاوت ہوگا)"۔

iii. یتیموں کے بعد حق ہے ایسے مساکین کا جو باوجود کوشش کے یا کسی معذوری کی وجہ سے اپنی ضروریات پوری نہ کر سکتے ہوں۔

iv. اگر کسی مسافر کو دورانِ سفر کوئی احتیاج لاحق ہو جائے تو قرآنِ حکیم میں آٹھ بار تلقین کی گئی کہ اُس کی مدد کی جائے۔

v. سائلین یعنی مانگنے والوں سے مراد ایسے لوگ ہیں جو عادتاً یا پیشہ کے طور پر نہیں بلکہ کسی وقتی پریشانی کی وجہ سے سوال کرنے پر مجبور ہو گئے ہوں۔اِس طرح کے لوگ اپنی عزتِ نفس کا سودا کر کے اگر سوال کریں تو اُن کی مدد کرنی چاہیے۔البتہ پیشہ ور بھکاریوں کی مدد کرنا مناسب نہیں کیونکہ اِس سے کسبِ حلال کے لیے کوشش نہ کرنے اور محنت سے جی چرانے کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الطَّلَاقِ، باب اللِّعَانِ عن سهلؓ

vi. گردنوں کے چھڑانے سے مراد غلاموں کو آزاد کرانا اور کسی قرض یا تاوان سے کسی کو نجات دلانا ہے۔

نیکی کا دوسرا عملی مظہر

عبادات کا اہتمام

وَ اَقَامَ الصَّلٰوۃَ ... اور اُس نے نماز قائم کی ... وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ ... اور اُس نے زکوٰۃ دی ...

- عبادات میں سے یہاں ذکر ہے نماز اور زکوٰۃ کا۔ یہ دو بنیادی عبادات ہیں جن کا ذکر قرآنِ حکیم میں بار بار آیا ہے۔ نماز کے ذریعہ انسان اللہ کی طرف بار بار متوجہ ہوتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکۡرِیۡ (طٰہٰ 20:14)

"اور قائم کرو نماز میری یاد کے لیے"۔

زکوٰۃ کے ذریعہ دل سے مال یعنی غیر اللہ کی محبت نکلتی ہے اور انسان کے باطن کی صفائی ہوتی ہے۔

خُذۡ مِنۡ اَمۡوَالِہِمۡ صَدَقَۃً تُطَہِّرُہُمۡ وَ تُزَکِّیۡہِمۡ بِہَا (التوبۃ 9:103)

"اُن کے مال میں سے (اے نبی ﷺ) صدقات قبول کیجیے۔ (اِس طرح) اُنہیں پاک کیجیے (گناہوں سے) اور صاف کیجیے (اُن کا دل دنیا کی محبت سے)"۔

گویا نماز اور زکوٰۃ دونوں ہی قربِ الٰہی کے حصول کا ذریعہ ہیں۔

- عبادات میں پہلے ذکر ہے نماز کا جو کہ ذریعہ ہے ایمان یعنی روحِ نیکی کی آبیاری کا:

سرکشی نے کر دیے دھندلے نقوشِ بندگی
آؤ سجدے میں گریں لوحِ جبیں تازہ کریں

نماز کے بعد ذکر ہے زکوٰۃ کا جو ذریعہ ہے نیکی کے مظہرِ اوّل یعنی جذبۂ اِنفاق کی آبیاری کا۔

- اِس آیت میں پہلے انفاق کا ذکر ہے اور پھر زکوٰۃ کا۔ اِسی آیت کو دلیل بناتے ہوئے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ فِی الۡمَالِ لَحَقًّا سِوَی الزَّکٰوۃِ (۱)

"یقیناً مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی (مستحقین) کا حق ہے"۔

---

(۱) سنن ترمذی، کتاب الزَّکَاۃِ عَنْ رَسُولِ اللہِ ﷺ، باب مَا جَاءَ أَنَّ فِي الْمَالِ حَقًّا سِوَى الزَّكَاةِ

نیکی کا تیسرا عملی مظہر

معاملات میں ایفائے عہد

وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ... اور وہ پورا کرنے والے ہیں اپنے عہد کو... اِذَا عٰهَدُوْا... جب بھی عہد کریں...

نیکی کا تیسرا مظہر یہ ہے کہ عہد کرنے کے بعد اُس کی پاسداری کی جائے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَ اَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا (بنی اسرائیل 17:34)

"اور عہد کو پُورا کرو بلاشبہ عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا"۔

نبی اکرم ﷺ نے وعدہ خلافی کو منافق کی ایک نشانی قرار دیا:

اٰيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ: اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ، وَاِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ زَادَ فِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ وَاِنْ صَامَ وَصَلّٰى وَزَعَمَ اَنَّه مُسْلِم(۱)

"منافق کی تین نشانیاں ہیں۔ جب بات کرے، جھوٹ بولے۔ جب وعدہ کرے، اُسے پورا نہ کرے اور جب اُس کے پاس امانت رکھوائی جائے تو وہ خیانت کرے"۔ مسلم کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں۔ "اگرچہ وہ روزے رکھے اور نماز پڑھے اور گمان رکھے کہ وہ مسلمان ہے"۔

نیز آپ ﷺ کا یہ ارشاد بھی ہے:

لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهٗ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَه(۲)

"جو امانت کی پاسداری نہیں کرتا اُس کا ایمان ہی نہیں، جو وعدہ پورا نہیں کرتا اُس کا کوئی دین نہیں"۔

- تمام معاملاتِ انسانی تحریری یا غیر تحریری معاہدوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ اِس آیت اور متذکرہ بالا ارشاداتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں ہم پر اِن کا احترام لازم ہے۔ معاہدوں کی تین اقسام ہیں:

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الْإِيمَانِ، باب عَلَامَةِ الْمُنَافِقِ و صحیح مسلم، کتاب الْإِيمَانِ، باب بَيَانِ خِصَالِ الْمُنَافِقِ عن ابی ہریرۃؓ

(۲) مسند احمد، کتاب بَاقِي مُسْنَدِ الْمُكْثِرِينَ، باب مُسْنَدُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ، ۱۱۹۳۵

i. **اپنے آپ سے عہد:** جیسے کسی نیکی کا ارادہ کرنا، گناہوں پر توبہ کرنا، کوئی قسم اُٹھا لینا یا کوئی نذر مان لینا۔

ii. **بندوں سے عہد:** جیسے حقوق العباد کی ادائیگی مثلاً والدین، اولاد، شوہر یا بیوی اساتذہ اور پڑوسیوں وغیرہ کے حقوق۔ ملازمت، کاروبار یا دیگر پیشہ ورانہ معاہدات وغیرہ۔

iii. **اللہ سے عہد:** کلمہ پڑھ کر ہم نے اللہ کے ساتھ جنت کے عوض مال اور جان لگانے کا سودا کر لیا ہے:

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَ يُقْتَلُوْنَ (التوبۃ9:111)

"اللہ نے مومنوں سے اُن کی جانیں اور اُن کے مال خرید لیے ہیں (اور اِس کے) عوض میں اُن کے لیے جنت (تیار کی) ہے، یہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں تو قتل کرتے بھی ہیں اور قتل کئے بھی جاتے ہیں"۔

اِس عہد کا تقاضا ہے کہ قتال فی سبیل اللہ کے مرحلہ تک پہنچنے کی بھرپور تیاری کی جائے۔ انفرادی زندگی بسر کرنے سے یہ مرحلہ کبھی نہیں آئے گا۔ اِس کے لیے ضروری ہے کہ اقامتِ دین کی جدوجہد میں مصروف کسی جماعت سے وابستہ ہو کر فعال طریقہ سے کام کیا جائے تاکہ تحریک تصادم کے مرحلہ تک پہنچ سکے۔ نبی اکرم ﷺ نے 15 برس تک یہ تیاری کی۔ دعوت کے ذریعہ ایک جماعت فراہم کی اور تربیت کے ذریعہ اُسے مستحکم کیا۔ نبوت کے ظہور کے 15 برس بعد بدر کے معرکہ سے قتال فی سبیل اللہ کا سلسلہ شروع ہوا۔ مسلم شریف میں روایت ہے:

مَنْ مَّاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهٖ نَفْسَهٗ مَاتَ عَلٰى شُعْبَةٍ مِّنْ نِّفَاقٍ (۱)

"جسے موت آئی اِس حال میں کہ اُس نے نہ جنگ کی اور نہ اُس کے دل میں کبھی اِس کی خواہش پیدا ہوئی تو گویا وہ نفاق کی ایک شاخ پر مرا"۔

آیت کے اگلے حصّہ میں اللہ کی راہ میں جنگ کا ذکر آ رہا ہے۔

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْإِمَارَةِ، باب ذَمِّ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِالْغَزْوِ عن ابی ھریرۃؓ

نیکی کا چوتھا عملی مظہر

معرکۂ حق و باطل میں ثابت قدمی

وَالصّٰبِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ... اور بالخصوص صبر کرنے والے سختیوں میں... وَالضَّرَّآءِ ... اور تکالیف میں ... وَحِیْنَ الْبَاْسِ... اور لڑائی کے وقت ... اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا... یہی لوگ سچے ہوئے ... وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ... اور یہی لوگ متقی ہیں۔

- آیت کے اِس حصّہ میں صابرون کے بجائے لفظ "صابرین" آیا ہے۔اِس لفظ کا یہ خاص اسلوب یعنی اِس کی حالتِ نصب (objective case) ظاہر کرہیں ہے کہ نیک انسان کی یہ امتیازی شان کہ وہ حق و باطل کے معرکہ میں حصّہ لے اور بدی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اِس کا مقابلہ کرے،اللہ کے نزدیک انتہائی اہم ہے۔اِسی لیے اِس لفظ کا ترجمہ کیا گیا ہے "بالخصوص صبر کرنے والے"۔
- دیگر مذاہب اور فلسفہ ہائے اخلاق میں لڑائی کو نیکی کے منافی سمجھا جاتا ہے لیکن اِسلام کے فلسفۂ اخلاق میں نیکی کی چوٹی ہے باطل سے پنجہ آزمائی۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ (الصف61:4)

"بلاشبہ اللہ تو محبت کرتا ہے اُن سے جو جنگ کرتے ہیں اُس کی راہ میں جم کر صف در صف گویا کہ وہ ہیں سیسہ پلائی ہوئی دیوار"۔

معلوم ہوا کہ اللہ کے محبوب بندے وہ ہیں جو منظم صورت میں اور ڈٹ کر اللہ کی راہ میں یعنی اُس کے دین کے غلبہ کے لیے اِس طرح جنگ کریں گویا کہ وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند ہیں۔

- اِسلام راہبانہ تصوّرِ نیکی کی نفی کرتا ہے اور نیکی کا ایک حرکی یعنی Dynamic تصوّر پیش کرتا ہے بقولِ اقبال:

نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسمِ شبیری — کہ فقرِ خانقاہی ہے فقط اندوہ و دلگیری

اسلام کے فلسفۂ اخلاق میں خانقاہی نظام کے برعکس اعلیٰ ترین نیکی وہ عمل ہے جو قتال فی سبیل اللہ کی طرف لے جائے۔ اللہ کی محبت محض تسبیح و تحمید اور ذکر و اذکار سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ اُس کے لیے نقدِ جان ہتھیلی پر رکھ کر میدانِ جنگ میں آنا ہوتا ہے۔ قرآن اللہ والے اُن کو قرار دیتا ہے جو اللہ کی راہ میں پامردی کے ساتھ جنگ کرتے ہیں۔ سورۃ آلِ عمران[3] آیت 146 میں ارشاد ہوا:

وَ كَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَاۤ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ مَا ضَعُفُوْا وَ مَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾

"اور کتنے ہی نبی ایسے گزرے ہیں کہ جن کے ساتھ مل کر اللہ والوں نے جنگ کی ہے تو جو مصیبتیں اُن پر اللہ کی راہ میں واقع ہوئیں اُن کے سبب اُنہوں نے نہ تو ہمت ہاری اور نہ بزدلی دکھائی، نہ (کافروں سے) دبے۔ اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے (ڈٹ جانے) والوں سے محبت کرتا ہے"۔

اِسی طرح سورۃ الاحزاب[33] آیت 23 میں ایسے جواں مردوں کی مدح یوں بیان کی گئی:

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَ مَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ (الاحزاب[33]: 23)

"مومنوں میں وہ جواں مرد بھی ہیں جنہوں نے سچ کر دکھایا وہ عہد جو اُنہوں نے اللہ سے کیا تھا تو اُن میں کچھ ایسے ہیں جو اپنی نذر پیش کر چکے اور کچھ ایسے ہیں کہ انتظار کر رہے ہیں اور اُنہوں نے (اپنے عہد کی بات کو) ذرا بھی نہیں بدلا"۔

ایک نیک، سچا اور متقی انسان کون ہے؟

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا . . . یہی لوگ سچے ہوئے . . . وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ . . . اور یہی لوگ متقی ہیں۔

آیت کے آخری حصّہ میں حصر کا اسلوب اختیار کرتے ہوئے اعلان کیا گیا کہ ایک نیک، سچا اور متقی انسان وہ ہی ہے جو اِس آیت میں بیان شدہ تمام باتوں پر عمل پیرا ہو۔ صرف خدمتِ خلق کرنے والا سماجی کارکن ہو سکتا ہے، محض عبادات بجالانے والا عابد ہو سکتا ہے، معاملات کی حد تک میں عہد پورا کرنیوالا ذمہ دار ہو سکتا ہے، فقط نظامِ باطل کے خلاف تحریک میں حصّہ لینے والا تحریکی کارکن تو ہو سکتا ہے لیکن ایک نیک، سچا اور متقی انسان صرف وہ ہے جس کی نیکی میں اخلاصِ نیت ہو، وہ انسان دوست ہو، عبادت گزار ہو، معاملات میں کھرا ہو اور حق و باطل کے معرکہ میں ثابت قدمی سے حق کا ساتھ دینے والا ہو۔

درسِ سوم:

سورۃ لقمان 31 آیات 12 تا 19 (رکوع 2)

"مقامِ عزیمت"

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَ مَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ كَفَرَ
فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾ وَ اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَ هُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ
الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ وَ وَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّ
فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾ وَ اِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰۤى اَنْ
تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا وَ صَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۫ وَّ اتَّبِعْ
سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ يٰبُنَيَّ اِنَّهَاۤ
اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ
بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۶﴾ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَ اْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ انْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ
وَ اصْبِرْ عَلٰى مَاۤ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۚ﴿۱۷﴾ وَ لَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَ لَا
تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ وَ اقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَ
اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿۱۹﴾

ترجمہ:

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ ... اور یقیناً ہم نے دی لقمان کو دانائی ... اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ ... کہ کر شکر اللہ کا ... وَ مَنْ يَّشْكُرْ ... اور جو کوئی بھی شکر کرتا ہے ... فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ... تو وہ شکر کرتا ہے اپنے ہی لیے ... وَ مَنْ كَفَرَ ... اور جس نے ناشکری کی ... فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾ ... تو بے

شک اللہ کسی کا محتاج نہیں اور بذاتِ خود محمود ہے۔ وَ اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ ... اور جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا ... وَهُوَ يَعِظُهٗ ... اور وہ اُسے نصیحت کر رہے تھے ... يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ... اے میرے بیٹے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو ... اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ... بے شک شرک بہت بڑی ناانصافی ہے۔ وَ وَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ ... اور ہم نے انسان کو وصیت کی اُس کے والدین کے بارے میں ... حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ ... اٹھایا اُس کو اُس کی ماں نے ... وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ ... تکلیف پر تکلیف جھیل کر ... وَّ فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ ... اور اُس کا دودھ چھڑانا ہے دو سالوں میں ... اَنِ اشْكُرْ لِيْ ... کہ کر شکر میرا ... وَ لِوَالِدَيْكَ ؕ ... اور اپنے والدین کا ... اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ ... میرے پاس ہی لوٹنا ہے ... وَ اِنْ جَاهَدٰكَ ... اور اگر وہ دونوں تجھ سے جہاد کریں ... عَلٰۤى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ ... کہ تو شرک کرے میرے ساتھ ... مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ... جس کے لیے تیرے پاس کوئی علم نہیں ... فَلَا تُطِعْهُمَا ... تو اُن کا کہنا نہ مان ... وَ صَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ... اور دنیا میں اُن کا ساتھ دے بھلے طریقے سے ... وَ اتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ... اور پیروی کر اُس کے راستے کی جس نے رُخ کیا میری طرف ... ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ ... پھر میرے پاس ہی تم سب کو لوٹنا ہے ... فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ ... تو میں تمہیں بتادوں گا جو کچھ تم کرتے رہے۔ يٰبُنَيَّ ... اے میرے بیٹے! ... اِنَّهَاۤ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ ... اگر ہو کوئی عمل رائی کے دانے کے برابر ... فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ ... پھر وہ کیا جائے کسی چٹان میں ... اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ ... یا آسمانوں میں ... اَوْ فِي الْاَرْضِ ... یا زمین میں ... يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ... اللہ اُسے لے آئے گا ... اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ یقیناً اللہ باریک بین اور باخبر ہے۔ يٰبُنَيَّ ... اے میرے بیٹے! ... اَقِمِ الصَّلٰوةَ ... قائم کر نماز ... وَ اْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ ... اور حکم دے نیکی کا ... وَ انْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ ... اور روک برائی سے ... وَ اصْبِرْ عَلٰى مَاۤ اَصَابَكَ ... اور صبر کر اُس پر جو تجھ پر بیتے ... اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۚ ... بے شک یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے۔ وَ لَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ ... اور نہ پھُلا اپنے گال لوگوں کے سامنے ... وَ لَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ... اور نہ زمین میں چل اتراتا ہوا ... اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۚ ... بے شک اللہ پسند نہیں کرتا خود کو کچھ سمجھنے والے

اور بڑائی کرنے والے کو۔ وَ اقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ ... اور میانہ روی اختیار کر اپنی چال میں ... وَ اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ... اور پست رکھ اپنی آواز کو ... اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ ... بے شک آوازوں میں سب سے بری آواز ... لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ ... یقیناً گدھے کی آواز ہے۔

تمہیدی نکات:

1. منتخب نصاب کے حصّہ اوّل کا درسِ سوم سورۃ لقمان[31] کے دوسرے رکوع یعنی آیات 12 تا 19 کے مطالعہ پر مشتمل ہے۔
2. رکوع کسی سورۃ کا وہ حصّہ ہے جس میں ایک مضمون کے بیان کی تکمیل ہو جاتی ہے اور اِس کے ذریعہ سے نماز کی ایک رکعت میں قرآنِ حکیم کا مناسب حصّہ تلاوت کیا جا سکتا ہے۔
3. سورۃ لقمان[31] کے اِس رکوع میں سورۃ العصر میں بیان شدہ نجات کی شرائط ایک نئے اسلوب میں اِس طرح واضح کی گئی ہیں :

i. ایمان کی وضاحت میں اللہ پر ایمان کا ذکر اِس طرح وارد ہوا کہ اللہ کا شکر ادا کرنے کا حکم آیت 12 میں ہے، اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنے کا حکم آیت 13 میں ہے اور اللہ کی چار صفات (غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ، لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ) کا بیان آیات 12 اور 16 میں آیا ہے۔ آخرت پر ایمان کے ذیل میں اِلَیَّ الْمَصِیْرُ (میری طرف ہی لوٹنا ہے) کے الفاظ آیت 14 میں آئے ہیں، اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (پھر میرے پاس ہی تم سب کو لوٹنا ہے تو میں تمہیں بتا دوں گا جو کچھ تم کرتے رہے) کی خبر آیت 15 میں دی گئی اور اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ (اگر ہو کوئی عمل رائی کے دانے کے برابر پھر وہ کیا جائے کسی چٹان میں یا آسمانوں میں یا زمین میں اللہ اُسے لے آئے گا) کی حقیقت آیت 16 میں بیان ہوئی ہے۔ ایمان بالرسالت کا بیان اِس مقام پر نہیں ہے اور نہ ہی اُن تفصیلات کا ذکر ہے جن کا علم کسی رسول کے ذریعہ ہوتا ہے۔

ii. عملِ صالح کے ضمن میں والدین کے حقوق اور بالخصوص ماں کا حق آیت 14 میں بیان ہوا ہے۔ عبادات میں سے نماز کا ذکر آیت 17 میں آیا ہے۔ حسنِ سیرت کے دو پہلوؤں عاجزی اور میانہ روی کا ذکر آیات 18 اور 19 میں ہے۔

iii. تواصی بالحق کے حوالے سے "امر بالمعروف" اور "نہی عن المنکر" کا بیان آیت 17 میں ہے۔

iv. تواصی بالصبر کا ذکر آیت 17 میں ہے۔ اِس آیت میں نہی عن المنکر کے رد عمل میں آنے والی تکالیف پر صبر اور اِس کے لیے درکار ہمت و حوصلہ کا بیان ہے۔

4. سورۃ لقمان کے دوسرے رکوع کی آٹھ میں سے چھ آیات حضرت لقمان کے تعارف اور اُن کی تعلیمات کے بیان پر مشتمل ہیں۔ حضرت لقمان کی شخصیت کے حوالے سے قابلِ ذکر نکات حسبِ ذیل ہیں:

- بعض مفسرین کی تحقیق یہ ہے کہ حضرت لقمان یمن کے بادشاہ تھے جبکہ کچھ کی رائے یہ ہے کہ وہ سوڈان کے حبشی النسل غلام اور پیشے کے اعتبار سے بڑھئی تھے۔
- حضرت لقمان نبی نہیں تھے، البتہ اِس میں اختلاف ہے کہ کسی نبی کے پیروکار تھے یا نہیں۔ اِس رکوع کے مضامین کی داخلی شہادت ہے کہ کسی نبی کے پیروکار نہیں تھے۔ اِس رکوع میں نہ ایمان بالرسالت کا تذکرہ ہے اور نہ ایمان و عمل کے حوالے سے اُن تفصیلات کا بیان ہے جن کا علم کسی رسول ہی کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔
- حضرت لقمان ایک حکیم اور دانا انسان تھے۔ اُن کے اقوال اہلِ عرب اپنے کلام اور خطبات میں بطورِ دلیل پیش کیا کرتے تھے۔ اِسی لیے اللہ نے اُن کی اپنے بیٹے کے حوالے سے نصیحت، اتمامِ حجت کے لیے اہلِ عرب کے سامنے بیان کر دی کہ دیکھو حضرت لقمان کی تعلیمات بھی وہی تھیں جو آج حضرت محمد ﷺ پیش فرما رہے ہیں۔
- اللہ نے حضرت لقمان کو یہ اعزاز بخشا کہ قرآنِ حکیم کی ایک پوری سورۃ آپ کے نام سے موسوم کر دی۔ آپ کے علاوہ صالحینِ غیرِ انبیاء میں سے یہ شرف حضرت مریمؑ اور مومنِ آلِ فرعون کو بھی حاصل ہوا۔

5. یہ درس انسان کی فطرتِ سلیمہ کی ترجمانی کے موضوع پر ہے۔ حضرت لقمان ایک سلیم الفطرت انسان تھے جو اپنی زندگی بھر کی متاع یعنی اپنے غور و فکر کا حاصل، اپنے بیٹے کو نصیحت کی صورت میں منتقل کر رہے ہیں، بقولِ اقبال:

؎ یہی کچھ ہے ساقی متاعِ فقیر اِسی سے فقیری میں ہوں میں امیر
مرے قافلے میں لٹا دے اِسے لٹا دے ٹھکانے لگا دے اِسے

6. سورۃ لقمان کے اِس رکوع کی آیات کا تجزیہ اِس طرح سے ہے:

- آیت 12 : حضرت لقمان کا تعارف
- آیات 13، 16-19: حضرت لقمان کی نصیحت یا وصیت کے 8 نکات
- آیات 14-15 : اللہ تعالیٰ کی وصیت

رکوع کے مضامین پر غور

آیت 12: حضرت لقمان کا تعارف

وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ ... اور یقیناً ہم نے دی لقمان کو دانائی ... اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ ... کہ کر شکر اللہ کا ... وَ مَنْ یَّشْكُرْ ... اور جو کوئی بھی شکر کرتا ہے ... فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ... تو وہ شکر کرتا ہے اپنے ہی لیے ... وَ مَنْ كَفَرَ ... اور جس نے ناشکری کی ... فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ﴿۱۲﴾ ... تو بے شک اللہ کسی کا محتاج نہیں اور بذاتِ خود محمود ہے۔

اِس آیت میں بعض اہم اصطلاحات حکمت، شکر، کفر اور اللہ کی دو صفات غنی اور حمید بیان ہوئی ہیں، جن کا فہم آیت کے مضمون کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے۔

حکمت:

- حکمت کا مفہوم سمجھنے سے قبل اِس کی فضیلت و اہمیت کے تین پہلوؤں پر غور کیجیے:

i. سورۃ البقرۃ 2 آیت 269 میں حکمت کو عطیۂ خداوندی اور خیرِ کثیر یعنی بہت بڑی دولت قرار دیا گیا:

یُّؤْتِی الْحِكْمَةَ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَ مَنْ یُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا كَثِیْرًا ؕ

"وہ(اللہ) جسے چاہتا ہے حکمت عطا فرماتا ہے اور جسے حکمت دے دی گئی پس اُسے تو بہت بڑی بھلائی دے دی گئی"۔

ii. حکمت تمہیدِ نبوت ہے یعنی نبوت سے قبل انبیاء کو حکمت دی جاتی ہے:

وَ لَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَیْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا (یوسف12:22)

"اور جب وہ(یوسف علیہ السلام) اپنی جوانی کو پہنچے تو ہم نے اُن کو حکمت اور علم سے نوازا"۔

وَ لَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ اسْتَوٰۤى اٰتَیْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا ؕ (القصص28:14)

"اور جب وہ (موسیٰ علیہ السلام) جوانی کو پہنچے اور بھرپور جوان ہوگئے تو ہم نے اُنہیں حکمت اور علم عطا فرمایا"۔

iii. حکمت مومن کی گم شدہ متاع ہے۔ حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

اَلْكَلِمَةُ الْحِكْمَةُ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ فَحَيْثُ وَجَدَهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا (۱)

"حکمت کی بات مومن کی گمشدہ متاع ہے، وہ اِس کا زیادہ حق دار ہے جہاں کہیں اُسے پائے"۔

- حکمت کے معنی ہیں دانائی۔ اصطلاحی طور پر حکمت شعورِ انسانی کی اُس پختگی کو کہا جاتا ہے جس میں حق و باطل میں تمیز، خیر کی جانب فیصلہ کن میلان اور شر سے نفرت پیدا ہو چکی ہو اور اصابتِ رائے کا شرف حاصل ہو جائے۔ دوسرے الفاظ میں حکمت سے مراد وہ بصیرتِ باطنی ہے جس کے ذریعہ اشیاء کی حقیقت کو دیکھا جاتا ہے۔ مسنون دعا ہے:

اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْاَشْيَاءَ كَمَا هِيَ (۲)

"(اے اللہ!) ہمیں اشیاء کو اِس طرح دکھا جیسی کہ وہ ہیں"۔

؎ دلِ بینا بھی کر خدا سے طلب
آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

---

(۱) سنن ترمذی، کتاب الْعِلْمِ عَنْ رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم، باب مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الْفِقْهِ عَلَى الْعِبَادَةِ عن ابی ہریرۃؓ

(۲) تفسیر رازی، سورۃ الفاتحۃ، آیت،

؎ اے اہلِ نظر ذوقِ نظر خوب ہے لیکن
جو شے کی حقیقت کو نہ دیکھے وہ نظر کیا

اشیاء کی حقیقت نظر آجائے تو پھر ہر شے کو اُس کے صحیح مقام پر رکھا جاتا ہے۔ اِسی لیے حکمت کی ایک تعریف یوں بھی کی جاتی ہے اَلْحِکْمَۃُ وَضْعُ الشَّیْءِ فِیْ مَحَلِّہٖ (حکمت ہے ہر شے کو اُس کے درست مقام پر رکھنا)۔

- کسی شے کی حقیقت کو بیان کرنے کے لیے حکمت کے علاوہ فلسفہ کی اصطلاح بھی اِستعمال کی جاتی ہے لیکن اِن دونوں میں فرق ہے۔ فطرت کی روشنی میں اشیاء پر غور و فکر کا حاصل ہے حکمت اور منطق کی روشنی میں اشیاء پر غور و فکر کا حاصل ہے فلسفہ:

حکمت = فطرت + عقل

فلسفہ = منطق + عقل

عقل کرائے کی وکیل ہے۔ اِسے جس رُخ پر اِستعمال کیا جائے یہ اُسی کے مطابق نتائج دیتی ہے۔ فطرت ہماری روح کی ترجمان ہے اور اِس میں توحید کا تصور، اللہ سے محبت اور اُس کی طرف میلان ودیعت شدہ ہے۔ اِس کی روشنی میں عقل کا اِستعمال انسان کو اشیاء کی حقیقت کا علم دیتا ہے۔

شکر:

- امام راغب اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے مفردات القرآن میں شکر کی تعریف اِس طرح کی ہے:

اَلشُّکْرُ تَصَوُّرُ النِّعْمَۃِ وَاِظْھَارُھَا

"شکر نعمت کو یاد رکھنے اور اِس کے اظہار (یعنی ردِّ عمل) کا نام ہے"۔

- شکر کے تین درجات ہیں:

i. **شکر بالقلب** یعنی دل کی گہرائی سے کسی نعمت و احسان کا اعتراف کرنا۔

ii. **شکر باللسان** یعنی زبان سے کسی نعمت و احسان کا اعتراف کرنا۔

iii. **شکر بالجوارح** یعنی پورے وجود سے کسی نعمت واحسان کا اعتراف کرنا یعنی اپنے کسی عمل سے نعمت کی ناقدری نہ کرنا۔

- وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ (اور یقیناً ہم نے دی لقمان کو دانائی کہ کر شکر اللہ کا) کے الفاظ ظاہر کر رہے ہیں کہ حکمت کا مظہرِ اوّل شکر ہے۔ فطرت اگر سلامت ہے یعنی آلودگی سے پاک ہے تو اِس کا اظہار شکر کی صورت میں ہوتا ہے اور اب عقلِ سلیم کی روشنی میں مُنعِم حقیقی اور محسنِ اصلی یعنی اللہ کی معرفت تک رسائی ہو جاتی ہے۔ گویا کسی انسان کا شکر گزار ہونا اُس کی فطرت کے صحیح ہونے کی علامت ہے۔
- جذبۂ شکر، عبادتِ رب کی حقیقی بنیاد ہے۔ مُنعِم حقیقی اور محسنِ اصلی کی معرفت کے حصول کے بعد انسان میں اُس کی بندگی کی خواہش فطری طور پر پیدا ہوتی ہے:

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ (الرّحمٰن 55:60)

"بھلا نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ اور بھی ہو سکتا ہے؟"

- وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ کے الفاظ شکر کی افادیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ شکر کرنے کا فائدہ خود انسان ہی کو ملتا ہے۔ کسی نعمت پر شکر اُس میں برکت واضافہ کا ذریعہ بنتا ہے:

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ (ابراھیم 14:7)

"اگر تم میرا (یعنی اللہ کا) شکر کروگے تو میں تمہیں اور زیادہ نعمتیں دوں گا اور اگر تم نے ناشکری کی تو میرا عذاب بھی بڑا سخت ہے"۔

شکر کی وجہ سے انسان کی شخصیت کی تعمیر صحیح رخ پر ہوتی ہے۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

مَنْ لَّا يَشْكُرُ النَّاسَ لَا يَشْكُرُ اللّٰهَ (۱)

"وہ اللہ کا شکر ادا نہیں کرتا جو لوگوں کا (اُن کے احسانات پر) شکر گزار نہیں ہوتا"۔

کفر:

کفر کا لغوی مفہوم ہے چھپانا یا انکار کرنا۔ قرآنِ حکیم میں یہ لفظ تین معانی میں استعمال ہوا ہے:

---

(۱) سنن ترمذی، کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ، باب مَا جَاءَ فِي الشُّكْرِ لِمَنْ أَحْسَنَ إِلَيْكَ عن ابی ھریرۃؓ

i. **کفر بمقابلہ شکر:** کفرانِ نعمت کی وجہ ہوتی ہے تکبر۔ کسی کے احسان کا اعتراف کر کے اُس کا شکریہ ادا کرنا انسان کی انا پر ناگوار ہوتا ہے۔

ii. **کفر بمقابلہ اِسلام:** اِسلام کی حقانیت واضح ہونے کے باجود کفر پر اڑے رہنے کی وجہ تعصب ہے۔ ایسا کفر "قانونی کفر" کہلاتا ہے۔

iii. **کفر بمقابلہ ایمان:** ایمان کے مقابلہ میں کفر کی اصطلاح منافقین کے لیے آتی ہے اور اِس کی وجہ ہے دنیا کی محبت۔ ایسا کفر "حقیقی کفر" کہلاتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ثُمَّ کَفَرُوۡا ثُمَّ اٰمَنُوۡا ثُمَّ کَفَرُوۡا ثُمَّ ازۡدَادُوۡا کُفۡرًا لَّمۡ یَکُنِ اللّٰہُ لِیَغۡفِرَ لَہُمۡ وَ لَا لِیَہۡدِیَہُمۡ سَبِیۡلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الۡمُنٰفِقِیۡنَ بِاَنَّ لَہُمۡ عَذَابًا اَلِیۡمَا ﴿۱۳۸﴾

(النساء 4: 137–138)

"بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے پھر اُنہوں نے کفر کیا پھر ایمان لائے پھر اُنہوں نے کفر کیا پھر وہ کفر میں بڑھتے چلے گئے اللہ اُن کو معاف نہ فرمائے گا اور نہ اُنہیں (سیدھے) راستے کی ہدایت دے گا۔ (اے نبی ﷺ) منافقین کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجیے"۔

غنی:

غنی وہ ہستی ہے خود مکتفی (Self-Sufficient) ہو یعنی جو کسی اعتبار سے بھی کسی اور کی محتاج نہ ہو۔ اِس صفت کا حقیقی اطلاق صرف اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مبارکہ پر ہوتا ہے۔

حمید:

حمید وہ ہستی ہے جس کی تعریف از خود ہو رہی ہو۔ اللہ حمید ہے یعنی اُس کا درجۂ کمال بذاتِ خود نمایاں ہے اور اُس کا حسن و جمال از خود ظاہر ہے۔

- اِس آیت میں اللہ نے حضرت لقمان کا تعارف ایک حکیم و دانا انسان کی حیثیت سے کرایا جو اپنے رب کے شکر گزار بندے تھے۔ اللہ نے اُن کی شکر گزاری کا دنیا میں یہ انعام دیا کہ اُن کی نصیحت کو قرآنِ پاک میں نقل فرما کر ایک اعزاز بخشا اور اِسے قیامت تک کے لیے محفوظ کر دیا۔

آیت 13: حضرت لقمان کی نصیحت یا وصیت کا آغاز

وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ... اور جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا... وَهُوَ يَعِظُهٗ... اور وہ اُسے نصیحت کر رہے تھے ... يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ... اے میرے بیٹے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو ... اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ... بے شک شرک بہت بڑی ناانصافی ہے۔

- اِس آیت سے حضرت لقمان کا اپنے بیٹے کے لیے وعظ شروع ہو رہا ہے۔ وعظ کہتے ہیں ایسی نصیحت کو جو دل پر اثر کرے۔ یہاں یہ لفظ مزید اہمیت کا حامل ہے کیوں کہ مخاطب بیٹا ہے جو ہر انسان کو سب سے زیادہ عزیز ہوتا ہے۔ پھر اِس لفظ میں انتہائی زور پیدا ہو جائے گا اگر یہ نصیحت حضرت لقمان نے اپنی وفات کے وقت بیٹے کو وصیت کے طور پر کی ہے۔
- ظلم سے مراد ہے وَضْعُ الشَّیْءِ فِیْ غَیْرِ مَحَلِّهٖ (کسی چیز کو اُس کے اصل مقام سے ہٹا کر درجہ دینا)۔ سب سے بڑا ظلم ہے اللہ کے ساتھ شرک کرنا یعنی کسی کو اُٹھا کر اللہ کے برابر کر دینا یا اللہ کو اُس کے مقام سے نیچے لا کر کسی اور کے برابر کر دینا۔
- شرک صرف اللہ کے ساتھ نہیں بلکہ اپنے ساتھ بھی ظلم ہے کہ انسان اپنی طرح کی مخلوقات کو خدائی کا درجہ دے کر اُن کے سامنے ذلت کے ساتھ اِظہارِ بے بسی و عاجزی کرتا ہے: ؎

  وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے ہزار سجدے سے دیتا ہے آدمی کو نجات

- حضرت لقمان کی اوّلین اور اہم ترین نصیحت ہے "اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو"۔ اِس اہم ترین نصیحت پر تفصیلی بیان کی ضرورت ہے لہٰذا "حقیقت و اقسامِ شرک" کے عنوان سے اِس نصیحت پر علیحدہ سے بحث کی جائے گی۔
- اِس آیت میں مشرک والدین کے لیے ملامت ہے کہ جس ہستی کو تم حکیم و دانا انسان مانتے ہو وہ تو اپنے جگر گوشے کو شرک جیسے ظلم سے بچنے کی تلقین کر رہا ہے اور تم اپنی اولادوں کو شرک پر مجبور کر رہے ہو۔

آیات 14-15: درمیان میں اللہ کی وصیت

وَ وَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ... اور ہم نے انسان کو وصیت کی اُس کے والدین کے بارے میں... حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ... اٹھایا اُس کو اُس کی ماں نے... وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ... تکلیف پر تکلیف جھیل کر... وَّ فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ... اور اُس کا دودھ چھڑانا ہے دو سالوں میں... اَنِ اشْكُرْ لِيْ... کہ کر شکر میرا ... وَ لِوَالِدَيْكَ ؕ... اور اپنے والدین کا... اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝... میرے پاس ہی لوٹنا ہے... وَ اِنْ جَاهَدٰكَ... اور اگر وہ دونوں تجھ سے جہاد کریں... عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ... کہ تو شرک کرے میرے ساتھ... مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ... جس کے لیے تیرے پاس کوئی علم نہیں... فَلَا تُطِعْهُمَا... تو اُن کا کہنا نہ مان... وَ صَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا... اور دنیا میں اُن کا ساتھ دے بھلے طریقے سے... وَ اتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ... اور پیروی کر اُس کے راستے کی جس نے رُخ کیا میری طرف... ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ... پھر میرے پاس ہی تم سب کو لوٹنا ہے... فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝... تو میں تمہیں بتادوں گا جو کچھ تم کرتے رہے۔

- اِن آیات میں اللہ نے حضرت لقمان کی نصیحت کے درمیان بذاتِ خود والدین کے حقوق بیان فرمائے ہیں۔ یہ مناسب نہ تھا کہ حضرت لقمان اپنے بیٹے کو اپنے حقوق سے خود آگاہ فرماتے۔
- یہ آیات ادائیگیٔ حقوق کے ضمن میں ایک فطری ترتیب بیان کرتی ہیں اور حقوق کے درمیان تصادم کی صورت میں معتدل رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ اِس اجمال کی وضاحت یہ ہے کہ:

i. بندوں پر فائق ترین حق اللہ کا ہے لہٰذا اوّل شکر اُسی کا ہے اور پھر والدین کا۔

ii. مخلوق میں فائق ترین حق والدین کا ہے۔ قرآنِ حکیم میں اِس مقام کے علاوہ مزید چار مقامات پر اللہ کے بعد والدین کے حقوق کا ذکر ہے:

وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۫ وَ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا (البقرۃ2: 83)

"اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا اور والدین سے حسنِ سلوک کرنا"۔

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا (النساء4: 36)

"اور (دیکھو) اللہ کی بندگی کرو اور اُس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ اور والدین سے حسنِ سلوک کرو"۔

قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا (الانعام6: 151)

"کہہ دیجیے (اے نبی ﷺ) آؤ میں تمہیں بتاؤں تمہارے رب نے تم پر کیا پابندیاں عائد کی ہیں، یہ کہ تم اُس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ اور والدین سے حسنِ سلوک کرو"۔

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا (بنی اسرائیل17: 23)

"اور تمہارے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم اُس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرو"۔

iii. اللہ اور والدین کے حقوق میں تصادم کی صورت میں والدین کا حقِ اطاعت ساقط ہو جائے گا۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِي مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ(۱)

"مخلوقات میں سے کسی کی اطاعت جائز نہیں اگر اِس سے خالق کی نافرمانی ہو"۔

- والدین کے حقوق کے ضمن میں نبی اکرم ﷺ کے ارشادات ہیں:

لَا يَجْزِي وَلَدٌ وَالِدًا إِلَّا أَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوكًا فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ(۲)

"کوئی بیٹا اپنے والد کا حق ادا نہیں کر سکتا یہاں تک کہ اُسے حالتِ غلامی میں پائے اور پھر آزاد کرا دے"۔

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی، باب۴، رقم۱۴۷۹۵عن عمران بن حصین و سنن الترمذی، کتاب الجهاد عن رسول الله ﷺ، باب ما جاء لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق

(۲) صحیح مسلم، کتاب العتق، باب فضل عتق الوالد، عن ابی هریرةؓ

رَغِمَ أَنْفُ ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُ ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُ قِيلَ مَنْ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ مَنْ أَدْرَكَ أَبَوَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ أَحَدَهُمَا أَوْ كِلَيْهِمَا فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ (۱)

"وہ آدمی ذلیل ہو، وہ خوار ہو"۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ ﷺ کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ بدنصیب جو ماں باپ کو یا دونوں میں سے کسی ایک ہی کو بڑھاپے کی حالت میں پائے پھر (اُن کی خدمت کرکے) جنت حاصل نہ کرلے"۔

رِضَى الرَّبِّ فِي رِضَى الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِي سَخَطِ الْوَالِدِ (۲)

"اللہ کی رضا، والد کی رضا میں اور اللہ کی ناراضی، والد کی ناراضی میں ہے"۔

قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ قَالَ الصَّلَاةُ عَلَى مِيقَاتِهَا قُلْتُ ثُمَّ أَيٌّ قَالَ ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ قُلْتُ ثُمَّ أَيٌّ قَالَ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللهِ (۳)

حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ سب سے اچھا عمل کون سا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا "نماز کو وقت پر ادا کرنا"۔ پوچھا اِس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا کہ "والدین کے حقوق ادا کرنا"۔ پوچھا اِس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا "اللہ کی راہ میں جنگ کرنا"۔

- والدین کے ساتھ حسنِ سلوک یہ ہے کہ:
  - اُن کا دل سے ادب واحترام کیا جائے۔
  - مال وجان سے اُن کی خدمت کی جائے۔
  - شریعت کے دائرے میں اُن کی اطاعت کی پوری کوشش کی جائے۔

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْآدَابِ، باب رَغِمَ أَنْفُ مَنْ أَدْرَكَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا عِنْدَ الْكِبَرِ فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ عن ابی ہریرۃؓ

(۲) سنن الترمذی، کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ عَنْ رَسُولِ اللهِ، باب مَا جَاءَ مِنَ الْفَضْلِ فِي رِضَا الْوَالِدَيْنِ

(۳) صحیح البخاری، کتاب الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ، باب فَضْلِ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ، و صحیح مسلم، کتاب الْإِيمَانِ، باب بَيَانِ كَوْنِ الْإِيمَانِ بِاللهِ تَعَالَى أَفْضَلَ الْأَعْمَالِ عن عبد اللہ بن مسعودؓ

- اُن کی وفات پر نمازِ جنازہ پڑھائی جائے۔
- اُن کی وصیت اور عہد کو ممکن حد تک پورا کیا جائے۔
- اُن کے لیے دعا واستغفار کی جائے۔
- اُن کے اقارب اور دوستوں کے ساتھ حسنِ سلوک کیا جائے۔
- نیک اور پاکیزہ زندگی گزاری جائے تاکہ والدین کے لیے صدقۂ جاریہ بنا جاسکے۔

- آیت 14 میں بھی والدہ کے حق پر زیادہ زور دیا گیا ہے۔اِس حوالے سے ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ صَحَابَتِي قَالَ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ أَبُوْكَ (۱)

"ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ مجھ پر خدمت اور حسنِ سلوک کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا تیری ماں۔اُس نے پوچھا پھر کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا تیری ماں۔اُس نے پوچھا پھر کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا تیری ماں۔ اُس نے پوچھا پھر کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا تیرا باپ"۔

اخلاقی لحاظ سے فائق حق والدہ کا ہے لیکن قانونی لحاظ سے والد کا۔یعنی خدمت میں اوّلین حق والدہ کا لیکن اطاعت میں اولین حق والد کا ہوگا۔

- وَ صَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا (اور دنیا میں اُن کا ساتھ دے بھلے طریقے سے) کے الفاظ رہنمائی کر رہے ہیں کہ والدین کا حقِ اطاعت ساقط ہونے کے باوجود اُن کا حقِ خدمت برقرار رہے گا۔

(۱) صحیح البخاری، کتاب الْأَدَبِ، باب مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ، و صحیح مسلم، کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالآدَابِ، باب بِرِّ الْوَالِدَيْنِ وَأَنَّهُمَا أَحَقُّ بِهِ عن ابی ہریرۃؓ

- اِتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ (اور پیروی کر اُس کے راستے کی جس نے رُخ کیا میری طرف) کا مفہوم ہے کہ انسان کو پیروی کسی ایسی ہستی کی کرنی چاہیے جس کا رُخ اللہ کی طرف ہو۔ اِن الفاظ میں کسی دینی اجتماعیت کے ساتھ منسلک ہونے کی طرف اشارہ ہے۔
- اِلَيَّ الْمَصِيْرُ (میری طرف ہی لوٹنا ہے) اور اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (پھر میرے پاس ہی تم سب کو لوٹنا ہے تو میں تمہیں بتادوں گا جو کچھ تم کرتے رہے) سے واضح ہوتا ہے کہ مختلف حقوق کے درمیان تصادم کی صورت میں صحیح روش اختیار کرنے کے لیے جذبۂ محرکہ ہے آخرت میں جواب دہی کا احساس۔ آخرت میں اولاد اور والدین دونوں اللہ کے روبرو حاضر ہوں گے اور پھر حق و باطل کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔
- آیت 15 میں ضمنی طور پر دو اہم باتیں بیان ہوئی ہیں:

i. وَ اِنْ جَاهَدٰكَ (اور اگر مشرک ماں باپ تجھ سے جہاد کریں) کے الفاظ ظاہر کر رہے ہیں کہ مشرکین بھی جہاد کرتے ہیں۔ گویا جہاد منفی و مثبت دونوں کاموں کے لیے ہوتا ہے۔ اعلیٰ ترین جہاد ہے اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے جہاد کرنا جسے "جہاد فی سبیل اللہ" کہا جاتا ہے۔

ii. مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ (جس کے لیے تمہارے پاس کوئی علم نہیں) کے الفاظ اِس حقیقت پر دلیل ہیں کہ شرک کے لیے نہ کوئی عقلی دلیل ہے اور نہ نقلی یعنی کسی الہامی کتاب سے بھی شرک کو جائز ثابت نہیں کیا جا سکتا۔

آیت 16: حضرت لقمان کی نصیحت کا دوسرا نکتہ

يٰبُنَيَّ... اے میرے بیٹے! ... اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ... اگر ہو کوئی عمل رائی کے دانے کے برابر... فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ... پھر وہ کیا جائے کسی چٹان میں... اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ... یا آسمانوں میں... اَوْ فِي الْاَرْضِ... یا زمین میں... يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ... اللہ اُسے لے آئے گا... اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ یقیناً اللہ باریک بین اور باخبر ہے۔

- حضرت لقمان علیہ السلام کی نصیحت کا دوسرا نکتہ یہ ہے کہ اعمالِ انسانی محفوظ ہیں اور یہ نتیجہ خیز ہوں گے۔ ایک سلیم الفطرت انسان غور و فکر کے ذریعہ اِس نتیجہ تک پہنچ جاتا ہے کہ کائنات میں ہر

شے بامقصد ہے۔اِسی طرح ہمارے باطن میں جو نیکی و بدی کا شعور ہے، وہ بھی بلا مقصد نہیں ہے۔ نیک عمل پر ہمیں باطنی مسرت ہوتی ہے اور برے عمل پر ہم ایک خلش محسوس کرتے ہیں۔ نیکی اور بدی کے حوالے سے مختلف احساسات مکافاتِ عمل کی دلیل ہیں کیوں کہ اِس دنیا میں نتائج اِس کے برعکس نظر آتے ہیں۔ دنیا میں نیکی کی جزااور بدی کی سزا حقیقی مناسبت سے نہ ملتی ہے اور نہ مل سکتی ہے۔ نیکی و بدی کے حوالے سے ہماری متضاد باطنی کیفیات کے بامقصد ہونے کا تقاضا ہے کہ ایک دن ایسا ہو جس میں نیکوکاروں کو اُن کی نیکیوں کے تناسب سے بھرپور انعام اور ظالموں کو اُن کی برائیوں کی مناسبت سے بھرپور سزا ملے۔اِسی لیے شاعر نے کہا ہے کہ :

گندم از گندم بروید جو ز جو　　از مکافاتِ عمل غافل مشو

- حضرت لقمان نے آخرت کے بارے میں وہ تفاصیل بیان نہیں کیں جن کا علم ایک نبی کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔اِس سے محسوس ہوتا ہے کہ شاید اُن تک کسی نبی کی دعوت نہیں پہنچی۔

آیت 17: حضرت لقمان کی نصیحت کا تیسرا چوتھا اور پانچواں نکتہ

يٰبُنَيَّ... اے میرے بیٹے!... اَقِمِ الصَّلٰوةَ... قائم کر نماز... وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ... اور حکم دے نیکی کا... وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ... اور روک برائی سے... وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ... اور صبر کر اُس پر جو تجھ پر بیتے ... اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝... بے شک یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

- حضرت لقمان علیہ السلام کی نصیحت کا تیسرا نکتہ ہے قیامِ صلوٰۃ یعنی اللہ سے مسلسل لو لگائے رکھنا۔ اصطلاحی طور پر لفظ صلوٰۃ، عبادت کی اُس معین صورت اور طریقۂ کار کے لیے آتا ہے جو انبیاء کرام علیہم السلام سکھاتے ہیں اور جس کو اردو میں نماز کہا جاتا ہے۔اگر حضرت لقمان کسی نبی کے پیروکار تھے تو یہاں لفظ صلوٰۃ اپنے اصطلاحی معنی میں ہے۔البتہ اگر حضرت لقمان تک کسی نبی کی دعوت نہیں پہنچی تو یہاں لفظِ صلوٰۃ لغوی معنی میں ہے۔ صلوٰۃ کے لغوی معنی ہیں دعا یا اللہ سے لو لگانے کا وظیفہ۔ قرآنِ حکیم میں لفظ صلوٰۃ لغوی معنی میں بھی استعمال ہوا ہے:

وَ مِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ یُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ یَتَّخِذُ مَا یُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ (التوبۃ9:99)

"اور ان بدویوں میں کچھ لوگ (ایسے بھی) ہیں جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ (راہِ حق میں) خرچ کرتے ہیں اُسے اللہ کے ہاں تقرب اور رسول ﷺ کی دُعاؤں کا وسیلہ بناتے ہیں"۔

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَ تُزَكِّیْهِمْ بِهَا وَ صَلِّ عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ (التوبۃ9:103)

"(اے نبی ﷺ!) اِن لوگوں کے مال سے صدقات قبول کیجیے۔ (اِس طرح) اُنہیں پاک کیجیے (گناہوں سے) اور صاف کیجیے (اُن کا دل دنیا کی محبت سے)۔ نیز اُن کے لیے دُعائے خیر کیجیے۔ بلاشبہ آپ ﷺ کی دُعا اُن کے لیے باعثِ تسکین ہے"۔

صحیح مسلم کی ایک حدیثِ قدسی میں صلوٰۃ کا لفظ سورۃ فاتحہ کے لیے آیا ہے جو کہ ایک جامع دعا ہے۔ صلوٰۃ کا عمل دورِ جاہلیت میں مشرکین کے ہاں بھی تھا:

وَ مَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَیْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّ تَصْدِیَةً ؕ (الانفال8:35)

"اور نہیں ہوتی اُن کی نماز اللہ کے گھر کے پاس مگر سیٹیاں اور تالیاں بجانا"۔

سورۃ النور 24 آیت 41 میں جملہ مخلوقات خصوصاً پرندوں کے وظیفہ کے لیے صلوٰۃ ہی کا لفظ آیا ہے:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ الطَّیْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَ تَسْبِیْحَهٗ (النور24:41)

"کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ کی تسبیح کرتی ہیں وہ تمام مخلوقات جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور پر پھیلائے ہوئے پرندے بھی اور سب اپنے وظیفہ اور تسبیح کے طریقے سے واقف ہیں"۔

- حضرت لقمان کی نصیحت کا چوتھا نکتہ ہے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا اہتمام کرنا۔ معروف سے مراد ہے ایسا کام جس کی پہچان فطرت میں ودیعت شدہ ہے۔ منکر کہتے ہیں ایسے کام کو جس کا فطرت انکار کرتی ہے۔ گویا فطرتِ انسانی اندھی اور بہری نہیں بلکہ نیکی اور بدی کی الہامی تمیز سے

مزین ہے:

اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَ الْاِثْمُ مَا حَاكَ فِي نَفْسِكَ وَكَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ(۱)

"نیکی حسنِ اخلاق ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے جی میں گھٹن پیدا کرے اور تو ناپسند کرے کہ لوگ اِسے جان لیں"۔

- ایک بہت بڑا مغالطہ ہے کہ تبلیغ کے معاملے میں صرف امر بالمعروف کافی ہے حالانکہ قرآنِ حکیم میں اِس مقام کے علاوہ نو مقامات پر امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا ذکر ایک ساتھ آیا ہے:

i. سورۃ النحل16 آیت 90 میں شانِ باری تعالیٰ بیان ہوئی:

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْاِحْسَانِ وَ اِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَ يَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ

"اللہ عدل، حسنِ سلوک اور قرابت داروں کو دیتے رہنے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی (کے کاموں)، بری باتوں اور ظلم و زیادتی سے منع فرماتا ہے"۔

ii. سورۃ الاعراف7 آیت 157 میں نبی اکرم ﷺ کی شان بیان کی گئی:

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ

"جو ہمارے رسول ﷺ یعنی نبی امی ﷺ کی پیروی کریں گے جن (کے ذکر) کو وہ تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پائیں گے۔ وہ اُنہیں نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے"۔

iii. سورۃ التوبۃ9 آیت 71 میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی شان بیان ہوئی:

وَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالآدَابِ، باب تَفْسِيرِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ عن نوّاس بن سمعانؓ

"اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے ساتھی ہیں کہ اچھے کام کرنے کو کہتے اور بُری باتوں سے منع کرتے ہیں"۔

iv. سورۃ آلِ عمران 3 آیات 113-114 میں صالحین اہلِ کتاب کے اوصاف بیان کیے گئے:

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

"اہلِ کتاب میں سے کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو (راہِ راست پر) قائم ہیں، راتوں کو اللہ کی آیات پڑھتے ہیں اور اُس کے حضور سر بسجود ہوتے ہیں، اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں، بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں"۔

v. سورۃ التوبۃ 9 آیت 67 میں منافقین کا طرزِ عمل بیان کیا گیا:

اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ

"منافق مرد اور منافق عورتیں (سب) ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں، برائی کا حکم دیتے ہیں اور بھلائی سے روکتے ہیں"۔

vi. سورۃ آل عمران 3 آیت 110 میں اُمتِ مسلمہ کا فرضِ منصبی بیان کیا گیا:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

"(مسلمانو) تم بہترین جماعت ہو جو لوگوں (کی رہنمائی) کے لیے پیدا کی گئی ہے۔ تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو"۔

vii. سورۃ آل عمران 3 آیت 104 میں اُمتِ مسلمہ کے لیے فلاح کا یقینی ذریعہ بتایا گیا:

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

"چاہیے کہ تم میں سے ایک جماعت ہو جو خیر کی طرف بلائے، نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور یہ ہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں"۔

viii. سورۃ الحج[22] آیت 41 میں اصحابِ اقتدار کے فرائض بیان کیے گئے:

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَ اَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

"(یہ مسلمان ایسے ہیں کہ) اگر ہم اُنہیں زمین میں اقتدار بخشیں تو وہ نماز قائم کریں گے، زکوٰۃ دیں گے، (لوگوں کو) نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے منع کریں گے"۔

ix. سورۃ التوبۃ[9] آیت 112 میں سرفروش اہل ایمان کے اوصافِ حمیدہ بیان کیے گئے:

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ النَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ الْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

"وہ توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد کرنے والے، دُنیوی لذتوں کو ترک کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے، برائی سے روکنے والے اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرنے والے ہیں اور ایسے مومنین کو آپ خوشخبری سنا دیجیے"۔

- احادیثِ مبارکہ میں نہی عن المنکر کو خصوصی اہمیت دی گئی ہے:

مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَ ذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ(۱)

"تم میں سے جو کوئی کسی برائی کو دیکھے پس اُسے چاہیے کہ اِسے اپنے ہاتھ سے روک دے، پھر اگر وہ اِس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنی زبان سے روک دے، پھر اگر وہ اِس کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنے دل میں اِسے برا سمجھے اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے"۔

(۱) صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب بَيَانِ كَوْنِ النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ مِنَ الْإِيمَانِ ... عن ابی سعیدؓ

- حضرت لقمان کی نصیحت کا پانچواں نکتہ ہے صبر کرنا اُن تکالیف پر جو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے نتیجہ میں لازماً پیش آکر رہتی ہیں۔ باوجود مخالفت کے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ استقامت سے جاری رکھنا بڑا مشکل کام ہے، اِسی لیے حضرت لقمان نے کہا اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ (بے شک یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے!)

آیت 18: حضرت لقمان کی نصیحت کا چھٹا نکتہ

وَ لَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ... اور نہ پُھلا اپنے گال لوگوں کے سامنے... وَ لَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا... اور نہ زمین میں چل اتراتا ہوا... اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾... بے شک اللہ پسند نہیں کرتا خود کو کچھ سمجھنے والے اور بڑائی کرنے والے کو۔

حضرت لقمان کی نصیحت کا چھٹا نکتہ ہے تکبر اور بڑائی سے بچنا۔ تکبر کی علامت یہ ہے کہ انسان دوسروں کو حقیر سمجھے اور اُن سے سیدھے منہ بات نہ کرے۔ نبی اکرم ﷺ سے پوچھا گیا کہ تکبر کیا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اَلْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ (۱)

"تکبر ہے حق کو قبول نہ کرنا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا"۔

اِس آیت میں فرمایا گیا کہ زمین پر اتراتے ہوئے مت چلو۔ انسان کی چال تکبر کے اظہار کی ایک علامت ہوتی ہے۔ سورۃ بنی اسرائیل 17 میں یہ مضمون اِس طرح آیا ہے:

وَ لَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَ لَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾

(بنی اسرائیل 17: 37)

"اور زمین پر اکڑ کر مت چلو بے شک تم زمین کو پھاڑ نہیں سکتے اور نہ پہاڑوں کی چوٹی تک پہنچ سکتے ہو"۔

شیطان ہمارا کھلا دشمن ہے۔ اوّل تو وہ ہمیں نیکی سے دور رکھنے کی کوشش کرتا ہے اور اگر ہم کوئی نیکی کر ہی لیں تو اِس پر گھمنڈ پیدا کر کے اِسے ضائع کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ (۱)

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْإِيمَانِ، باب تَحْرِيمِ الْكِبْرِ وَبَيَانِهِ... عن عبد اللہ بن مسعودؓ

"وہ ہر گز جنت میں داخل نہیں ہو گا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبّر ہو گا"۔

آیت 19: حضرت لقمان کی نصیحت کا ساتواں اور آٹھواں نکتہ

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ ... اور میانہ روی اختیار کر اپنی چال میں ... وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ... اور پست رکھ اپنی آواز کو ... اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ ... بے شک آوازوں میں سب سے بری آواز ... لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ... یقیناً گدھے کی آواز ہے۔

- حضرت لقمان کی نصیحت کا ساتواں نکتہ ہے میانہ روی اختیار کرنا ظاہری چال میں اور پوری زندگی کی روش میں۔ ظاہری اعتبار سے جس طرح اکڑ کر چلنا درست نہیں اِس طرح اپنے زہد اور تقویٰ کے اظہار کے لیے مریضوں کی طرح جھک کر چلنا بھی منع ہے۔ اِسی طرح زندگی کے جملہ فکری و عملی معاملات میں بھی انتہا پسندی سے بچنا چاہیے۔
- حضرت لقمان کی نصیحت کا آٹھواں نکتہ ہے بحث کے دوران آواز پست رکھنا اور دلیل کے مقابلہ میں بلند آواز کے ذریعہ غالب آنے کی کوشش نہ کرنا۔ البتہ ضرورت کے تحت آواز بلند کرنا منع نہیں ہے مثلاً خطابت یا تدریس کے دوران، اذان کہتے ہوئے یا کسی کو متوجہ کرنے کے لیے اونچی آواز اختیار کی جاسکتی ہے۔

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْإِيمَانِ، باب تَحْرِيمِ الْكِبْرِ وَبَيَانِهِ ... عن عبد اللہ بن مسعودؓ

درسِ چہارم:

حقیقت واقسامِ شرک

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

وَ اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِہٖ وَ ھُوَ یَعِظُہٗ یٰبُنَیَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰہِ ؕ
اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۳﴾

ترجمہ:

وَ اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِہٖ... اور جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا... وَ ھُوَ یَعِظُہٗ... اور وہ اُسے نصیحت کر رہے تھے... یٰبُنَیَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰہِ... اے میرے بیٹے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو... اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۳﴾... بے شک شرک کرنا بہت بڑی ناانصافی ہے۔(لقمان31:13)

موضوع کو سمجھنے کی اہمیت:

1. سورۃ لقمان31 کی آیت 13 میں شرک کو سب سے بڑا ظلم قرار دیا گیا۔ قرآنِ حکیم میں ہر جگہ ظلم سے مراد شرک ہے بشرطیکہ سیاق وسباق کوئی اور مفہوم متعین نہ کریں۔ سورۃ الانعام6 کی آیات 81 اور 82 میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مشرکین سے حسبِ ذیل گفتگو بیان کی گئی ہے:

وَ كَیْفَ اَخَافُ مَاۤ اَشْرَكْتُمْ وَ لَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰہِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِہٖ عَلَیْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَھُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَھُمُ الْاَمْنُ وَ ھُمْ مُّھْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾

"اور میں اُن چیزوں سے کیوں ڈرنے لگا جن کو تم نے (اللہ کا) شریک ٹھہرا رکھا ہے جب کہ تم اِس بات سے نہیں ڈرتے کہ تم نے اللہ کے ساتھ ایسی چیزوں کو شریک ٹھہرایا ہے جن (کے معبود ہونے) کی کوئی سند اُس نے تم پر نازل نہیں کی۔ پھر دونوں فریقوں میں سے

کون سا (فریق) امن (واطمینان سے رہنے) کا زیادہ حقدار ہے؟ (بتاؤ) اگر تم علم رکھتے ہو۔ (حقیقت میں تو) امن (واطمینان) اُنہی لوگوں کے لیے ہے اور وہی راہِ راست پر ہیں جو (اللہ پر) ایمان لائے اور جنہوں نے اپنے ایمان میں ظلم کی آمیزش نہیں کی"۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اِس آیت میں ظلم سے مراد شرک ہے۔(۱)

2. شرک کے گناہ کے لیے معافی نہیں اِلّا یہ کہ توبہ کرلی جائے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَ يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۭ (النساء4: 48، 116)

"اللہ یہ کبھی معاف نہیں کرے گا کہ اُس کے ساتھ (کسی کو) شریک کیا جائے۔ اِس کے سوا جس گناہ کو چاہے گا معاف کردے گا"۔

3. شرک کرنے والے کے لیے جنت حرام کردی گئی ہے:

اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَ مَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ (المائدۃ5: 72)

"بے شک جس کسی نے اللہ کے ساتھ (کسی کو) شریک ٹھہرایا تو اللہ نے اُس پر جنت حرام کردی اور اُس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کے لیے کوئی بھی مددگار نہ ہوگا"۔

4. شرک کا اِرتکاب اللہ پر ایمان رکھنے والوں کی اکثریت کرتی ہے:

وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ۝ (یوسف12: 106)

"اُن میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں رکھتے مگر یہ کہ وہ شرک بھی کیے جاتے ہیں"۔

5. شرک ایک ایسا ہمہ گیر جرم ہے جو ہر دور میں ایک نئی صورت اختیار کرلیتا ہے۔

6. قرآنِ کریم نے چھ بار حضرت ابراہیم علیہ السلام کو سب سے بڑا اعزاز و سند دی کہ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے)۔ گویا شرک سے بچنا اِس قدر مشکل ہے کہ جس نے ایسا کرلیا اُس کے لیے کئی بار تحسین کے کلمات بیان ہوئے۔

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب أَحَادِيثِ الْأَنْبِيَاءِ، باب قَوْلِ اللهِ تَعَالَى وَاتَّخَذَ اللهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا

حقیقتِ شرک:

مخلوقات میں سے کسی کو کسی بھی اعتبار سے اللہ کے برابر کر دینا شرک ہے۔اِس کی ایک صورت تو یہ ہوتی ہے کہ اللہ کے ساتھ کوئی کمزوری وابستہ کر کے،اُسے اُس کے مقامِ رفیع سے اُتار کر مخلوقات کے برابر کر دیا جاتا ہے۔دوسری صورت میں مخلوقات میں سے کسی کے مقام و مرتبہ کو اتنا بڑھا دیا جاتا ہے کہ اُسے اٹھا کر اللہ کے برابر کر دیا جاتا ہے۔مشرک وہ نہیں ہے جو اللہ کو نہ مانے بلکہ مشرک وہ ہے جو اللہ کو مانے لیکن اُس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرادے۔

اِقسامِ شرک:

- **تقسیمِ اوّل: شرکِ جلی اور شرکِ خفی**

شرکِ جلی سے مراد ہے واضح شرک جیسے اللہ کے سوا کسی اور کو پکارنا۔شرکِ خفی سے مراد ہے پوشیدہ شرک جیسے کوئی عمل اللہ کی رضا کے لیے نہیں بلکہ دکھاوے کے لیے کرنا۔

- **تقسیم دوم: شرکِ نظری اور شرکِ عملی**

شرکِ نظری سے مراد ہے عقیدہ کا شرک جیسے اللہ کے سوا کسی اور کو کارساز سمجھنا۔شرکِ عملی سے مراد ہے عمل کا شرک جیسے کسی بادشاہ کے سامنے سجدۂ تعظیمی کرنا۔

- **تقسیم سوم: شرک فی المعرفہ اور شرک فی الطلب**

شرک فی المعرفہ سے مراد ہے اللہ کی پہچان میں شرک جیسے اللہ کو بھی دُنیوی بادشاہوں پر قیاس کرنا۔شرک فی الطلب سے مراد ہے اللہ کے سوا کسی اور شے کو مطلوب و مقصود بنا لینا جیسے دولت کے حصول کے لیے اللہ کے احکامات کی پرواہ نہ کرنا۔

- **تقسیم چہارم: شرک فی الذات، شرک فی الصفات اور شرک فی الحقوق**

اِس تقسیم کو ہم ذرا تفصیل سے سمجھیں گے۔

1. شرک فی الذات (جلی اور بدترین نیز اعتقادی/شعوری شرک)

مخلوقات میں سے کسی کو اللہ مان لینا یا اللہ کا ہم جنس قرار دے دینا شرک فی الذات ہے۔ اِس شرک کا ارتکاب اُن لوگوں نے بھی کیا جو اپنی نسبت کسی نبی یا الہامی کتاب سے قائم کرتے ہیں اور اُن لوگوں نے بھی جن کے مذہب کی بنیاد کسی فلسفہ پر ہے۔

انبیاء یا الہامی کتب پر ایمان رکھنے والوں کا شرک

i. یہودیوں اور عیسائیوں نے انبیاء کرام علیہم السلام کو اللہ کا بیٹا قرار دیا:

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ِابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ (التوبۃ9:30)

"اور یہودی کہتے ہیں کہ حضرت عزیر علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں"۔

قرآنِ حکیم میں اِس شرک کی نفی بار بار اور بعض مقامات پر بڑی شدت کے ساتھ کی گئی:

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا (بنی اسرائیل17: 111)

"(اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) کہہ دیجیے ساری تعریف اللہ ہی کے لیے جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا"۔

الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّ لَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝ (الکھف18: 4-5)

"جو کہتے ہیں اللہ (بھی) اولاد رکھتا ہے، اِس (دعوے) پر کوئی دلیل نہ تو اُن کے پاس ہے نہ اُن کے باپ دادوں کے پاس (تھی)۔ بڑی (ہی سخت) بات ہے جو اُن کے منہ سے نکلتی ہے۔ وہ محض جھوٹ بولتے ہیں"۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَ لَمْ يُوْلَدْ ۝ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ (سورۃ الاخلاص)

"(اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) کہہ دیجیے وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے، نہ اُس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا، اور نہ کوئی اُس کا ہمسر ہے"۔

اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ (الانعام6: 101)

"اُس کے اولاد کہاں سے ہو سکتی ہے جب کہ اُس کی بیوی ہی نہیں"۔

وَ قَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ﴿۸۹﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَ تَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿۹۰﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿۹۱﴾ وَ مَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿۹۲﴾ (مریم19: 88-92)

"اور وہ کہتے ہیں کہ رحمان نے ایک بیٹا بنا رکھا ہے۔ بڑی ہی سخت بات تم لوگ (گھڑ کر) لائے ہو! قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑیں (اِس بات سے) کہ لوگوں نے رحمان کے لیے بیٹا ہونے کا دعویٰ کیا! رحمان کے شایانِ شان نہیں کہ وہ (کسی کو) بیٹا بنائے"۔

ii. مشرکینِ مکہ نے فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں قرار دیا:

وَ يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَ لَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ (النحل16: 57)

"اور یہ (مشرکین) اللہ کے لیے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں، سبحان اللہ، (اللہ کے لیے بیٹیاں!) اور خود اِن کے لیے وہ (بیٹے) جس کے یہ بڑے خواہش مند ہیں"۔

قرآنِ حکیم میں اِس شرک کی نفی بھی بار بار کی گئی:

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَ لَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾ (النجم53: 21-22)

"کیا تمہارے لیے ہوں بیٹے اور اللہ کے لیے بیٹیاں؟ یہ تو بڑی ہی بے ڈھنگی تقسیم ہے"۔

اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَ اتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ (بنی اسرائیل17: 40)

"کیا تمہارے رب نے تمہیں مخصوص کر لیا بیٹوں کے لیے اور خود فرشتوں کو بیٹیاں بنا لیا؟ بڑی ہی سخت بات تم لوگ کہہ رہے ہو"۔

فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنٰتُ وَ لَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّ هُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَ اِنَّهُمْ

لَكٰذِبُوْنَ ۝ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ۝ مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

(الصّٰفّٰت37:149-157)

"تو(اے نبی ﷺ)اِن سے پوچھئے کہ تمہارے رب کے لیے تو بیٹیاں ہوں اور اِن کے لیے بیٹے؟ کیا ہم نے فرشتوں کو مؤنث بنایا تھا اور یہ دیکھ رہے تھے؟ خوب سُن لو، وہ یہ بات جھوٹ بنا کر کہتے ہیں کہ اللہ کی اولاد ہے اور وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ کیا (اللہ نے) بیٹوں پر بیٹیوں کو ترجیح دی؟ تمہیں کیا ہوا ہے؟ کیسے فیصلے کرتے ہو؟ کیا تم سوچتے نہیں ہو؟ یا تمہارے پاس کوئی کھلی سند ہے تو لے آؤ اپنی کتاب (بطورِ سند) اگر تم سچے ہو"۔

اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّ اَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ۝ وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۝ (الزخرف43:16-17)

"کیا اللہ نے اپنی مخلوقات میں سے (اپنے لیے تو) بیٹیاں (پسند کر) لیں اور تم لوگوں کو بیٹوں سے نوازا؟ اور جب اِن لوگوں میں سے کسی کو اُس چیز (یعنی بیٹی) کی خوشخبری دی جاتی ہے جس کی تہمت وہ رحمان پر رکھتا ہے تو (مارے غم کے) اُس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ اندر ہی اندر گھٹتا رہتا ہے"۔

اُمتِ محمد یہ ﷺ کی اِس شرک سے حفاظت:

الحمد للہ! امت محمد یہ ﷺ شرک فی الذات سے محفوظ رہی اور اِس کے کسی بھی قابلِ ذکر مکتبۂ فکر نے اِس شرک کا ارتکاب نہیں کیا، حالانکہ اِس امت کی اپنے نبی ﷺ سے محبت ہمیشہ مثالی رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے امت محمد یہ ﷺ کی اِس شرک سے خصوصی حفاظت فرمائی، ورنہ ختمِ نبوت کے بعد کون آکر امت کی اصلاح کرتا؟ اِس خصوصی حفاظت کے مظاہر یہ ہیں :

- قرآنِ حکیم میں بار بار انبیاء کرام علیہم السلام خصوصاً نبی اکرم ﷺ کی بشریت کو نمایاں کیا گیا:

قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (ابراھیم14:11)

"اُن کے رسولوں نے اُن سے کہا کہ بے شک ہم تمہاری ہی طرح کے آدمی ہیں"۔

قُلْ سُبْحَانَ رَبِّیْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ (بنی اسرائیل17: 93)

"(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے پاک ہے میرا رب، میں نہیں ہوں مگر ایک آدمی اور رسول"۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ (الکھف18: 110)

"(اے نبی ﷺ!) کہہ دیجیے کہ میں تو بس ایک انسان ہوں جیسے تم البتہ (فرق یہ ہے کہ) میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود (وہی) ایک معبود ہے"۔

- قرآنِ کریم میں چند مقامات پر نبی اکرم ﷺ سے اندازِ کلام بظاہر سخت ہے :

عَبَسَ وَ تَوَلّٰۤی ۙ﴿۱﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی ؕ﴿۲﴾ وَ مَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّهٗ یَزَّكّٰۤی ۙ﴿۳﴾ اَوْ یَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰی ؕ﴿۴﴾ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی ۙ﴿۵﴾ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰی ؕ﴿۶﴾ وَ مَا عَلَیْكَ اَلَّا یَزَّكّٰی ؕ﴿۷﴾ وَ اَمَّا مَنْ جَآءَكَ یَسْعٰی ۙ﴿۸﴾ وَ هُوَ یَخْشٰی ۙ﴿۹﴾ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰی ۚ﴿۱۰﴾ (عبس80: 1-10)

"اُنہوں نے تیوری چڑھائی اور رُخ پھیر لیا (اِس لیے) کہ ایک نابینا اُن کے پاس آیا اور (اے نبی ﷺ) آپؐ کو کیا معلوم شاید (آپؐ کی توجہ سے) وہ سنورتا یا وہ (آپؐ) سے نصیحت حاصل کرتا اور نصیحت اُسے فائدہ پہنچاتی۔ بھلا جو شخص بے پروائی برتتا ہے اُس کی طرف آپ ﷺ خوب توجہ کرتے ہیں حالانکہ اگر وہ نہ سنورے تو آپ ﷺ پر کچھ (الزام) نہیں۔ اور جو آپ ﷺ کے پاس دوڑ کر آتا ہے اور وہ (اللہ سے) ڈرتا بھی ہے تو آپ ﷺ اُس سے بے اعتنائی برتتے ہیں"۔

وَ اِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۫ وَ اِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِیْلًا ﴿۷۳﴾ وَ لَوْ لَاۤ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَیْهِمْ

شَيْـًٔا قَلِيْلًا ۝ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَ ضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل 17: 73-75)

"اور (اے نبی ﷺ!) اِن لوگوں نے تو اِس میں کوئی کسر نہیں اُٹھار کھی تھی کہ آپ ﷺ کو دور کر دیں اُس (کلام کی تبلیغ) سے جو ہم نے آپ ﷺ کی طرف وحی کیا ہے تاکہ آپ ﷺ اِس کی جگہ دوسری باتیں ہماری طرف منسوب کر دیں اور اِس صورت میں وہ آپ ﷺ کو دوست بنا لیتے اور اگر ہم نے آپ ﷺ کو ثابت قدم نہ رکھا ہوتا تو ضرور آپ ﷺ اُن کی طرف مائل ہو جاتے۔ پھر ہم آپ ﷺ کو زندگی اور موت کا دُگنا عذاب چکھاتے اور آپ ﷺ ہمارے مقابلے میں کسی کو مددگار نہ پاتے"۔

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ (القصص 28: 56)

"(اے نبی ﷺ!) آپ ﷺ جس کو چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے، مگر اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہی ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے"۔

وَ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ (الانعام 6: 35)

"اور اگر اُن کی رُوگردانی آپ ﷺ پر گراں گزرتی ہے تو اگر آپ ﷺ کے بس میں ہے تو زمین کے اندر (کوئی) سرنگ تلاش کر لیں یا آسمان میں سیڑھی (لگا کر) کوئی (فرمائشی) معجزہ اُن کے لیے لے آئیں (مگر پھر بھی یہ انکار ہی کریں گے) اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا لہٰذا آپ ﷺ جذباتی نہ ہوں"۔

مندرجہ بالا مقاماتِ قرآنی اِس حقیقت کو ظاہر کرتے ہیں کہ:

اَلرَّبُّ رَبٌّ وَاِنْ تَنَزَّلَ وَالْعَبْدُ عَبْدٌ وَاِنْ تَرَقّٰ

"رب، رب ہی ہے خواہ کتنا قریب اتر آئے اور بندہ بندہ ہی ہے خواہ کتنے بلند درجے پر پہنچ جائے"۔

- قرآنِ کریم میں چند مقامات پر نبی اکرم ﷺ کی عاجزی کا ذکر ہوا ہے:

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَا سْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ۭ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ (الاعراف7:188)

"(اے نبی ﷺ!) کہہ دیجیے میں اختیار نہیں رکھتا اپنے لیے نفع و نقصان کا سوائے اِس کے جو اللہ چاہے۔ اگر مجھے غیب کا علم ہوتا تو بہت سے فائدے حاصل کر لیتا اور مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔ میں تو محض خبردار کرنے والا اور بشارت دینے والا ہوں اُن لوگوں کو جو ایمان لائیں"۔

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۭ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (الانعام6:17)

"(اے نبی ﷺ!) اگر اللہ آپؐ کو کوئی تکلیف دے تو اُس کے سوا کوئی اُسے دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ آپؐ کو کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر قادر ہے"۔

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّىْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ (الانعام6:50)

"(اے نبی ﷺ!) کہہ دیجیے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، اور نہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ میں تو بس اُسی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے"۔

قُلْ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ۝ قُلْ اِنِّىْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝ (الجن72:21-22)

"(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے میں تمہارے لیے نہ کسی نقصان کا اختیار رکھتا

ہوں نہ کسی بھلائی کا۔ کہہ دیجیے کہ اللہ (کے غضب) سے مجھے کوئی پناہ نہیں دے سکتا اور نہ اُس کے سوا میں کوئی پناہ پاتا ہوں"۔

- نبی اکرم ﷺ کا صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ گھل مل جانا، ہر مہم میں قدم بقدم شریک ہونا اور تمام بشری مشقتیں برداشت کرنا۔

امت محمدیہ ﷺ کے کسی بھی قابل ذکر مکتبۂ فکر نے شرک فی الذات کا ارتکاب نہیں کیا، البتہ بعض شاعروں نے اپنے اشعار میں نبی اکرم ﷺ کو ہی خدا قرار دیا:

؎ وہی جو مستوئ عرش تھا خدا ہو کر
اتر پڑا وہ مدینہ میں مصطفی بن کر

؎ مدینہ کی مسجد میں منبر کے اوپر
بغیر ع کا اِک عرب ہم نے دیکھا

فلسفیانہ مذاہب کے پیروکاروں کا شرک

فلسفیانہ مذاہب کے پیروکار یہ تو تسلیم کرتے ہیں کہ کوئی ایک ہستی ہے جو اِس کائنات کی خالق ہے لیکن کائنات کے تخلیقی عمل یا خالق اور کائنات کے تعلق کے حوالے سے شرک کر بیٹھتے ہیں۔ اُن کے شرک کی اقسام حسبِ ذیل ہیں:

i. **دوئی یا ثنویت** (Duality) یعنی خالقِ کائنات اور مادہ دونوں قدیم ہیں۔ خالق نے پہلے سے موجود مادہ سے کائنات کی مختلف اشیاء کو تخلیق کیا۔

ii. **تثلیث** (Trinity) یعنی خالق، مادہ اور روح تینوں قدیم ہیں۔ خالق نے مادہ سے مختلف مخلوقات بنائیں اور اُن میں روح ڈال کر زندہ کر دیا۔

iii. **ہمہ اوست** (Pantheism) یعنی خالق نے تحلیل ہو کر کائنات کی صورت اختیار کر لی جیسے برف تحلیل ہو کر پانی بن جاتی ہے۔ گویا کائنات میں موجود ہر شے ہی خالق یعنی خدا کا ظہور ہے۔

iv. **حلول و اتحاد** یعنی خالق، کائنات میں اِس طرح تحلیل ہو گیا جیسے چینی پانی میں حل ہو جاتی ہے۔

v. **اوتار کا عقیدہ** (God Incarnation) یعنی خالق، کائنات بنا کر کسی انسان میں حلول کر گیا اور ایسے انسان کو اوتار کہا جاتا ہے۔

2. شرک فی الصفات (خفی اور علمی نیز غیر شعوری شرک)

- اِس شرک کے لاحق ہونے کا سبب اللہ اور مخلوق کی صفات کے لیے مشترک الفاظ کے استعمال سے پیدا ہونے والا مغالطہ ہے۔ اِس مغالطہ سے بچنے کے لیے یہ بنیادی حقیقت پیشِ نظر رہنی چاہیے کہ:

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ (الشوریٰ 42:11)

"اُس (اللہ) کی تو مثال کی مانند بھی کوئی شے نہیں"۔

- اگر حسبِ ذیل تین حقائق پیشِ نظر رہیں تو اِس شرک سے حفاظت ہو سکتی ہے:
  - i. اللہ کی تمام صفات ذاتی ہیں جبکہ جملہ مخلوقات کی صفات عطائی ہیں۔
  - ii. اللہ کی تمام صفات مطلق یعنی لامحدود ہیں جبکہ جملہ مخلوقات کی صفات محدود ہیں۔
  - iii. اللہ کی تمام صفات قدیم ہیں یعنی ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ کے لیے کامل ہیں جبکہ جملہ مخلوقات کی صفات حادث و فانی اور ارتقاء پذیر ہیں۔
- چھ صفات کو اللہ کی بنیادی صفات قرار دیا جاتا ہے اور عام طور پر ان صفات کے حوالے ہی سے شرک کا امکان پیدا ہوتا ہے:

i. ارادہ	ii. علم	iii. قدرت
iv. حیات	v. کلام	vi. وجود

i. ارادہ:

اللہ بھی ارادہ فرماتا ہے اور ہم بھی ارادہ کرتے ہیں لیکن ہمارا ارادہ اللہ کے ارادے کے تابع ہوتا ہے اور اِس کی تکمیل بغیر اللہ کی منظوری کے ممکن نہیں۔ ارشاداتِ باری تعالیٰ ہیں:

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (التکویر 81:29)

"اور تم نہیں چاہ سکتے جب تک اللہ یعنی تمام جہانوں کا رب نہ چاہے"۔

وَ لَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۲۳ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ

(الکھف18: 23-24)

"اور کسی کام کے بارے میں کبھی ایسا نہ کہو کہ میں اِس کو ضرور کل کروں گا مگر (یوں کہا کرو) اگر اللہ چاہے"۔

ii. علم:

اللہ بھی علم رکھتا ہے اور ہم بھی لیکن اللہ ہر شے کے کل کا علم رکھتا ہے:

یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ یَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ (التغابن64: 4)

"وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو اور اور وہ واقف ہے اُن رازوں سے جو سینوں میں ہیں"۔

یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ وَ هُوَ مَعَكُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝

(الحدید57: 4)

"وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اُس میں سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اُس میں چڑھتا ہے اور وہ تمہارے ساتھ ہے خواہ تم کہیں بھی ہو اور جو کچھ بھی تم کرتے ہو اُسے وہ دیکھتا ہے"۔

یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ۝۱۱۰

(طٰہٰ20: 110)

"وہ لوگوں کے اگلے پچھلے حالات کو جانتا ہے اور لوگ اُس کے علم کا احاطہ نہیں کر سکتے"۔

وَ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ وَ مَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَ لَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ

وَ لَا رَطْبٍ وَّ لَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ (الانعام6: 59)

"اور اُس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جو کچھ بحر و بر میں ہے، وہ سب کا علم رکھتا ہے، اور (درخت سے) کوئی پتہ نہیں گرتا مگر یہ کہ وہ اُسے جانتا ہے، اور زمین کی تاریکیوں (کے پردوں) میں کوئی دانہ نہیں اور نہ کوئی خشک و تر (چیز) ہے مگر (یہ کہ سب) ایک کتاب میں (درج) ہیں"۔

وَ مَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّ مَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّ لَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَ مَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَ لَا فِي السَّمَآءِ وَ لَاۤ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَ لَاۤ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۱﴾ (یونس10: 61)

"اور (اے نبی ﷺ!) آپؐ جس حال میں بھی ہوتے ہیں اور قرآن میں سے جو کچھ بھی پڑھتے ہیں اور (اے لوگو!) جو کام بھی تم کرتے ہو ہم تم کو دیکھتے رہتے ہیں جب تم اُس میں مشغول ہوتے ہو۔ اور تمہارے رب (کی نظر) سے ذرہ برابر بھی (کوئی چیز) پوشیدہ نہیں، نہ زمین میں نہ آسمان میں، نہ چھوٹی نہ بڑی، مگر یہ کہ سب ایک واضح کتاب میں (درج) ہیں"۔

ہمارے علم کی کیفیت تو یہ ہے کہ :

وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ (البقرۃ2: 255)

"اور وہ احاطہ نہیں کر سکتے اللہ کے علم میں سے کچھ بھی مگر وہی جتنا وہ چاہے"۔

نبی اکرم ﷺ کو اور اُن کے توسط سے ہمیں دعا سکھائی گئی:

رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا (طٰہٰ20: 114)

"اے میرے رب زیادہ کر دے میرے علم کو"۔

علمِ غیب کا مسئلہ:

نبی اکرم ﷺ کو علمِ غیب حاصل تھا یا نہیں، اس حوالے سے ہمارے ہاں ایک

اختلاف پایا جاتا ہے۔اِس اختلاف کی وجہ علمِ غیب کی دو مختلف تعریفیں ہیں:

i. علمِ غیب وہ علم ہے جس تک عام انسانوں کی رسائی ممکن نہ ہو لیکن وہ انبیاء کرام علیہم السلام کو عطا کیا جائے جیسے ارشاداتِ باری تعالیٰ ہیں:

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۭ (آلِ عمران3: 44)

"(اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی کر رہے ہیں"۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ (آلِ عمران3: 179)

"اور اللہ تمہیں غیب سے آگاہ کرنے والا نہیں ہے لیکن وہ چُن لیتا ہے رسولوں میں سے جس کو چاہے"۔

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰي غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ (الجن72: 26-27)

"(اللہ) غیب کا جاننے والا ہے پھر وہ کسی کو غیب سے آگاہ نہیں کرتا سوائے اِس کے کہ چُن لیتا ہے کسی رسول کو"۔

ii. علمِ غیب وہ علم ہے جو مخلوقات میں سے کسی کو بھی نہیں دیا گیا۔جو علم کسی نبی یا رسول کو دے دیا گیا اب وہ غیب کا علم نہیں رہا۔علمِ غیب کا جاننے والا صرف اللہ ہے جیسے ارشاداتِ قرآنی ہیں:

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ (الانعام6: 59)

"اور اُس (اللہ) کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا"۔

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ (الانعام6: 50)

"(اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجیے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس

اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں"۔

وَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَیْبُ لِلّٰهِ

(یونس10: 20)

"اور (یہ لوگ جو) کہتے ہیں کہ اُنؐ پر اُن کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہ اتاری گئی، تو (اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے کہ غیب (کی خبر) تو بس اللہ ہی کے لیے ہے"۔

قُلْ لَّا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰهُ (النمل27: 65)

"(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے کہ آسمانوں اور زمین میں موجود کوئی بھی غیب نہیں جانتا سوائے اللہ کے"۔

قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَیْبَ لَا سْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَیْرِ ۛۚ وَ مَا مَسَّنِیَ السُّوْٓءُ ؕ

(الاعراف7: 188)

"(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے میں اختیار نہیں رکھتا اپنے لیے نفع ونقصان کا سوائے اِس کے جو اللہ چاہے۔ اگر مجھے غیب کا علم ہوتا تو بہت سے فائدے حاصل کر لیتا اور مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچتی"۔

متوازن رائے یہ ہے کہ کل علمِ غیب صرف اللہ کے پاس ہے، البتہ وہ اِس میں سے کچھ انبیاء کرام علیہم السلام کو دیتا ہے تاکہ اُنہیں پختہ یقین حاصل ہو جائے:

وَ كَذٰلِكَ نُرِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ﴿۷۵﴾ (الانعام6: 76)

"اور اِسی طرح ہم نے دکھائے ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کے عجائبات تاکہ وہ ہو جائیں (کامل) یقین کرنے والوں میں سے"۔

iii. قدرت :

اللہ بھی اختیار رکھتا ہے اور ہم بھی اختیار رکھتے ہیں لیکن اللہ کل اور لا محدود اختیار کا مالک ہے۔ اللہ سورۃ البروج[85] آیت 16 کے مطابق فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ہے یعنی کر گزرنے والا ہے جو وہ چاہے۔ اِس کے برعکس ہمارا اختیار جزوی، محدود اور ہر وقت اللہ کے اختیار کے تابع ہے۔ قرآنِ حکیم میں یہ حقیقت اِس طرح بیان ہوئی:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (آلِ عمران 3: 26-27)

(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے اے اللہ! ساری بادشاہی کے مالک، تو جسے چاہے سلطنت دے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے، تو جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے۔ (ہر طرح کی) بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور تو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ تو ہی جاندار کو بے جان میں سے نکالتا ہے اور تو ہی بے جان کو جاندار میں سے نکالتا ہے اور تو جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے"۔

وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (الانعام 6: 17)

"(اے نبی ﷺ) اگر اللہ آپ ﷺ کو کوئی تکلیف دے تو اُس کے سوا کوئی اُسے دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ آپ ﷺ کو کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر قادر ہے"۔

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (یوسف12: 21)

"اور اللہ اپنے حکم (کے نافذ کرنے) پر قادر ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے"۔

دعائے استخارہ میں ہم اللہ کے علم وقدرت کے قطعی ہونے کا اعتراف اِس طرح کرتے ہیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ مَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ (۱)

"اے اللہ! میں آپ سے آپ کے علم کی بدولت بھلائی چاہتا ہوں اور آپ کی قدرت کی برکت سے طاقت مانگتا ہوں اور آپ سے بڑا فضل چاہتا ہوں۔ کیونکہ آپ طاقت رکھتے ہیں اور میں کمزور ہوں اور آپ جانتے ہیں اور میں نادان ہوں اور آپ چھپی ہوئی چیزیں بھی جانتے ہیں۔ الٰہی! اگر آپ کے علم میں میرا یہ کام بہتر ہے میرے دین، دنیا اور انجام کار کے اعتبار سے تو مقدر اور آسان کر دیجیے اِسے میرے لیے پھر مجھے اِس میں برکت عطا کیجیے اور اگر آپ کے علم میں یہ کام بُرا ہے میرے، دین، دنیا اور انجام کار کے اعتبار سے تو دُور کر دیجیے اِسے مجھ سے اور مجھے اِس سے اور مقدر کر دیجیے میرے لیے خیر جہاں کہیں ہو پھر مجھے اِس پر راضی کر دیجیے"۔

iv. حیات:

اللہ بھی زندہ ہے اور ہم بھی، لیکن ہماری زندگی اللہ کی عطا کردہ ہے:

(۱) صحیح البخاری، کتاب الدَّعَوَاتِ، باب الدُّعَاءِ عِنْدَ الِاسْتِخَارَةِ عن جابرؓ

ع لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے
اپنی خوشی آئے نہ اپنی خوشی چلے

ہماری حیات غذا، پانی، ہوا، حرارت، آرام اور نیند کی محتاج ہے جبکہ اللہ کی حیات اِن میں سے کسی شے کی حاجت مند نہیں۔ آیت الکرسی میں ارشاد ہوا:

اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ

"وہ بذاتِ خود زندہ ہے اور دوسروں کو بھی زندہ رکھے ہوئے ہے، نہ اُس کو اونگھ آتی ہے اور نہ نیند"۔

وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ

"اُس کا اقتدار (حکومت) آسمانوں اور زمین کی تمام وسعتوں پر چھایا ہوا ہے اور اُن کی نگرانی اُس کو تھکاتی نہیں ہے"۔

وَ لَقَدۡ خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَیۡنَہُمَا فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ وَّ مَا مَسَّنَا مِنۡ لُّغُوۡبٍ (قٓ 50:38)

"اور ہم نے چھ دنوں میں پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے اور تکان نے ہمیں چھوا (تک) نہیں"۔

وَ ہُوَ یُطۡعِمُ وَ لَا یُطۡعَمُ ؕ (الانعام 6:14)

"وہ (اللہ) کھانے کو دیتا ہے جبکہ اُسے کھلائے جانے کی ضرورت نہیں"۔

۷. کلام :

اللہ بھی کلام فرماتا ہے اور ہم بھی کلام کرتے ہیں۔ ہم جب بھی بات کرتے ہیں اللہ ہماری بات سنتا ہے لیکن ہم اِس قابل نہیں کہ اللہ ہم سے براہِ راست کلام فرمائے اور ہم اِس کی تاب لا سکیں:

وَ مَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنۡ یُّکَلِّمَہُ اللّٰہُ اِلَّا وَحۡیًا اَوۡ مِنۡ وَّرَآیِٔ حِجَابٍ اَوۡ یُرۡسِلَ رَسُوۡلًا فَیُوۡحِیَ بِاِذۡنِہٖ مَا یَشَآءُ ؕ (الشوریٰ 42:51)

"اور کسی انسان کے لیے ممکن نہیں کہ اللہ اُس سے کلام کرے مگر الہام کے

ذریعے یا پردے کے پیچھے سے یا وہ کسی فرشتے کو (اُس کے پاس) بھیجتا ہے اور وہ اللہ کے حکم سے جو کچھ اللہ کو منظور ہوتا ہے وحی کرتا ہے"۔

جس طرح اللہ کی تجلیات کا ادراک ہمارے حواس کی سرحدوں سے پرے ہے اِسی طرح ہم اللہ کا کلام سننے کی تاب بھی نہیں لا سکتے۔ کلام متکلم کی صفت اور اُس کی جملہ صفات کا مظہر ہوتا ہے۔ اللہ کے کلام کی وہی تاثیر ہے جو تاثیر اُس کی ذات کی تجلی کی ہے۔ اِس حقیقت کو سورۃ الحشر 59 آیت 21 اور سورۃ الاعراف 7 آیت 143 کے تقابلی مطالعے سے سمجھا جا سکتا ہے۔ سورۃ الحشر 59 آیت 21 میں ارشاد ہوا:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝۲۱

"اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے دبا اور پھٹا جاتا ہے اور یہ باتیں ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ فکر کریں"۔

وَ لَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَ كَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْۤ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَ لٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ

(الاعراف 7: 143)

"اور جب موسیٰ علیہ السلام ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت پر (کوہِ طور پر) پہنچے اور اُن کے رب نے اُن سے کلام کیا تو کہنے لگے کہ اے اللہ! مجھے (اپنا جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار (بھی) کروں۔ اللہ نے فرمایا کہ تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے، ہاں پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو اگر یہ اپنی جگہ قائم رہا تو تم مجھے دیکھ سکو گے۔ جب اُن کے رب نے پہاڑ پر تجلی ڈالی تو اُس کو کر دیا ریزہ ریزہ اور موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو کر گر پڑے"۔

vi. وجود:

اللہ کا بھی وجود ہے اور جملہ مخلوقات کا بھی لیکن اللہ کے وجود کے مقابلہ میں جملہ مخلوقات کا وجود نہ ہونے کے برابر ہے۔ معرفتِ الٰہی کا آخری درجہ یہ ہے کہ ذاتِ باری تعالیٰ کے وجود کے سوا ہر شے کا وجود وہمی اور خیالی محسوس ہو۔ اِس درجہ پر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ سے مراد ہے لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللہُ ۔ فلسفۂ وحدت الوجود، وجودِ باری تعالیٰ کے بارے میں اِسی تصور کو پیش کرتا ہے۔ شیخ احمد سرہندی المعروف مجددِ الفِ ثانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

كُلُّ مَا فِي الْكَوْنِ وَهْمٌ اَوْ خِيَالٌ اَوْ عَكْوْسٌ فِي الْمَرَايَا اَوْ ظِلَالٌ

"جو کچھ جہان میں ہے وہ کوئی وہم یا خیال ہے یا کسی آئینہ میں عکس ہے یا سایہ ہے"

غالب نے اِسی تصور کو یوں بیان کیا:

ہستی کے مت فریب میں آجائیو اسد
عالم تمام حلقۂ دامِ خیال ہے!

ایک بہت بڑا مغالطہ یہ ہے کہ ہمہ اوست کے عقیدے اور وحدت الوجود کے فلسفہ کو ہم معنی سمجھ لیا جاتا ہے اور ایسے بزرگوں کے بارے میں سوئے ظن پیدا ہو جاتا ہے جو وحدت الوجود کے فلسفہ کو پیش کرنے والے ہیں۔ ہمہ اوست کے عقیدے میں کائنات کا وجود حقیقی تسلیم کیا جاتا ہے جب کہ وحدت الوجود میں کائنات کو وہمی یا خیالی تصور کیا جاتا ہے اور حقیقی وجود صرف ذاتِ باری تعالیٰ کا سمجھا جاتا ہے۔

شرک فی الصّفات کی ایک صورت مادّہ پرستی:

شرک فی الصفات کی ایک صورت ہے مادہ پرستی۔ دورِ حاضر میں انسانوں کی اکثریت اِس شرک میں مبتلا ہے۔ اِس شرک کے مظاہر ہیں:

i. معجزات کا انکار:

مادے کی صفات کو مستقل اور دائمی مان لیا گیا اور یہ سمجھ لیا گیا کہ مادی قواعد وضوابط بنانے

کے بعد معاذاللہ، اللہ خود بھی اِن کا پابند ہو گیا اور اب ان میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتا۔ اس سوچ کے زیرِ اثر قرآنِ حکیم میں بیان کردہ اِن معجزات کو تسلیم نہیں کیا جاتا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ نے نہیں جلایا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا مارنے پر دریا کے بیچوں بیچ بالکل خشک راستہ وجود میں آگیا اور دونوں اطراف پانی نے پہاڑ کی صورت اختیار کر لی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت بغیر والد کے ہوئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسمانی طور پر سفرِ معراج کی سعادت حاصل فرمائی۔ اِن معجزات کی خود ساختہ عقلی توجیہات کی جاتی ہیں۔

ii. اسباب پر انحصار:

اسباب سے خوف و امید اور اسباب پر بھروسہ بھی شرک ہے جسے شرک فی التوکل کہا جاتا ہے۔ توحید کا لب لباب یہ ہے کہ اسباب اختیار کیے جائیں لیکن توکل صرف اور صرف اللہ کی ذات پر کیا جائے۔ یہی ہدایتِ ربانی کا خلاصہ ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

وَ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَ جَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۝ (بنی اسرائیل 17: 2)

"اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اُسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنایا کہ میرے سوا کسی اور پر توکل نہ کرو"۔

iii. حد سے زیادہ خود اعتمادی:

اپنے علم، ذہانت، دور اندیشی، منصوبہ بندی اور محنت پر بھروسہ کرنا بھی شرک ہے۔ اللہ کا حکم تو یہ ہے کہ :

وَ لَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۫ وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَ قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ۝

(الکھف 17: 23-24)

"اور کسی کام کے بارے میں کبھی ایسا نہ کہو کہ میں اِس کو ضرور کل کروں گا مگر (یوں کہا کرو) اگر اللہ چاہے اور یاد کرو اپنے رب کو جب بھی بھول جاؤ اور کہو ممکن ہے میرا

رب اس سے بہتر راہ مجھے سجھادے"۔

قارون اِسی شرک میں مبتلا تھا:

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ (القصص28:78)

"(قارون) بولا یہ (مال و دولت) تو مجھے میرے ذاتی علم سے ملا ہے"۔

مادہ پرستی ہی دراصل دجالی فتنہ ہے جس کا مؤثر ترین رد، سورۃ الکھف میں بیان ہوا ہے۔ کئی احادیثِ مبارکہ میں اِس سورۃ کے حفظ اور جمعہ کے دن اِس کی تلاوت کو دجالی فتنہ سے حفاظت کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔

3. شرک فی الحقوق (خفی ترین اور عملی شرک)

شرک فی الحقوق سے مراد ہے شرک فی العبادت کیونکہ اللہ نے بندوں سے صرف ایک ہی حق ادا کرنے کا تقاضا کیا ہے اور وہ ہے "عبادت"۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ (طٰہٰ20:14)

"بے شک میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس میری عبادت کرو"۔

شرک فی الحقوق سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ عبادت صرف اللہ کی کی جائے۔ اِس حوالے سے ضروری ہے کہ لفظ عبادت کی اہمیت اور مفہوم کو سمجھا جائے۔

عبادت کی اہمیت:

- اللہ نے اپنی عبادت کو جنات اور انسانوں کی تخلیق کا مقصد قرار دیا:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۝ (الذاریات51:56)

"میں نے جنوں اور انسانوں کو نہیں بنایا مگر اِس لیے کہ وہ میری عبادت کریں"۔

ع زندگی آمد برائے بندگی
زندگی بے بندگی شرمندگی

- قرآنِ حکیم میں سورۃ الفاتحۃ1 اور سورۃ البقرۃ2 کی ابتدائی بیس آیت میں کوئی حکم نہیں بلکہ خبریہ انداز میں چند اہم امور سے آگاہ کیا گیا۔ قرآنِ حکیم کا اوّلین حکم سورۃ البقرۃ2 کی آیت 21 میں آیا جس میں پوری نوعِ انسانی کو اللہ کی عبادت کی تلقین کی گئی:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۙ﴿۲۱﴾

"اے لوگو! عبادت کرو اُس رب کی جس نے تمہیں پیدا کیا اور اُن کو بھی جو تم سے پہلے گزرے تاکہ تم بچ سکو (عذاب سے)"۔

- قرآنِ حکیم میں تمام رسولوں کی ایک ہی دعوت بیان کی گئی کہ "اللہ کی عبادت کرو"

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ

(الاعراف7:59،65،73،85، ھود11:50،61،84)

"اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، کیونکہ اُس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے"۔

- قرآنِ حکیم میں مجموعی طور پر 33 بار اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیا گیا۔

عبادت کا مفہوم:

i. لغوی مفہوم:

عَبَدَ – یَعْبُدُ کا لغوی مفہوم ہے جُھک جانا، پست ہو جانا، بچھ جانا، مطیعِ فرمان ہو جانا۔ عَبْدٌ عربی میں کہتے ہیں غلام کو۔ ارشاداتِ باری تعالیٰ ہیں:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ (البقرۃ2:178)

"اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم پر مقتولوں کے معاملہ میں بدلہ لینا فرض کر دیا گیا ہے۔ آزاد کے بدلہ آزاد اور غلام کے بدلہ غلام"۔

فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَ قَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۚ﴿۴۷﴾ (المؤمنون23:47)

"تو اُنہوں (یعنی فرعون اور اُس کے سرداروں) نے کہا کہ کیا ہم اِن دونوں (یعنی موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام) کی بات مانیں جبکہ اِن کی قوم ہماری غلام ہے"۔

عبادت کے لغوی معنی ہیں غلامی۔ جس طرح غلام ہر وقت اور ہر معاملہ میں اپنے آقا کے حکم پر عمل کرنے کا پابند ہوتا ہے، اِسی طرح اللہ کی عبادت کا مطلب ہے ہر وقت اور زندگی کے ہر معاملہ

میں اللہ کی اطاعت کرنا۔ فارسی میں غلام کو "بندہ" کہتے ہیں:

ع تمیزِ بندہ و آقا فسادِ آدمیت ہے

حذر اے چیرہ دستاں سخت ہیں فطرت کی تعزیریں

ے ایک ہی صف میں کھڑے ہوگئے محمود و ایاز

نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

لہٰذا فارسی میں عبادت کے لغوی مفہوم کے لیے مناسب لفظ ہے "بندگی"۔

ے بندگی میں گھٹ کے رہ جاتی ہے اِک جوئے کم آب

اور آزادی میں بحرِ بیکراں ہے زندگی

ii. اصطلاحی مفہوم:

عبادت کا اصطلاحی مفہوم بڑے جامع انداز سے بیان کیا حافظ ابنِ قیم □ نے:

اَلْعِبَادَةُ تَجْمَعُ اَصْلَيْنِ: غَايَةُ الْحُبِّ مَعَ غَايَةُ الذُّلِّ وَالْخُضُوْعِ

"عبادت دو چیزوں کو جمع کرتی ہے ایک انتہائی محبت اور دوسرے انتہائی عاجزی کے ساتھ پست ہو جانا"۔

گویا غلامی مجبوری کے ساتھ ہوتی ہے لیکن عبادت کی جاتی ہے دلی آمادگی کے ساتھ۔ عبادت کا اصطلاحی مفہوم ہے شوق اور محبت کے جذبے کے ساتھ معبود کے سامنے بچھ جانا۔ اگر معبود حکم نہیں دے سکتا تو اُس کی صرف پوجا ہو گی اور اگر حکم دے سکتا ہے تو اُس کی اطاعت بھی کرنی ہو گی۔ معبودِ حقیقی یعنی اللہ کی عبادت یہ ہے کہ اللہ کے سامنے عاجزی اختیار کرتے ہوئے اُس کے ہر حکم پر پورے ذوق و شوق کے ساتھ عمل کرنا۔

عبادت = اطاعت کُلی + محبتِ قلبی

اللہ کی اطاعتِ کلی عبادت کا جسم ہے:

فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ (الزمر 39: 2-3)

"پس اللہ کی عبادت کرو اپنی اطاعت کو اُس کے لیے خالص کرتے ہوئے۔ جان لو کہ اللہ کے لیے ہے خالص اطاعت"۔

اللہ سے محبتِ قلبی اُس کی عبادت کی روح ہے:

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ (البقرۃ2:165)

"اور جو ایمان لائے وہ اللہ کی محبت میں بڑے پکے ہوتے ہیں"۔

؎ شوق ترا اگر نہ ہو میری نماز کا امام میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب

؎ جو سجدے میں دل بھی جھکے گا نہ ماہر وہ کچھ اور شے ہے عبادت نہ ہو گی

غلامی اور ملازمت کے فرق پر غور کرنے سے عبادت کا وسیع مفہوم واضح ہوتا ہے۔ ملازمت کسی خاص کام اور معین وقت کے لیے ہوتی ہے جبکہ غلام کو ہر کام میں اور ہر وقت اپنے آقا کی اطاعت کرنا ہوتی ہے۔

عبادت کا محدود تصور:

عبادت کا محدود تصور یہ ہے کہ اِسے محض عبادات، تہواروں اور خوشی و غمی کے حوالے سے چند رسومات تک محدود سمجھا جاتا ہے۔ قرآنِ حکیم اِس تصور کی نفی کرتا ہے:

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝ (البینۃ98:5)

"اور ان کو اِس کے سوا کوئی حکم نہیں دیا گیا تھا کہ اللہ کی عبادت کریں، اپنی اطاعت کو صرف اُسی کے لیے خالص کر کے بالکل یکسو ہو کر اور نماز قائم کریں اور زکوۃ ادا کریں اور یہی (طرزِ عمل) ہے بالکل سیدھا دین"۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (الحج22:77)

"اے لوگو جو ایمان لائے ہو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی عبادت کرو اور بھلائی کے کام کرو تاکہ تم فلاح پاؤ"۔

مندرجہ بالا آیاتِ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کا علیحدہ حکم ہے اور عبادات کا علیحدہ۔ گویا عبادت سے مراد صرف عبادات نہیں۔ سورۃ یٰسٓ[36] آیات 60 اور 61 میں فرمایا:

اَلَمۡ اَعۡهَدۡ اِلَيۡكُمۡ يٰبَنِىۡۤ اٰدَمَ اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوا الشَّيۡطٰنَ‌ ۚ اِنَّهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِيۡنٌ ۙ﴿۶۰﴾ وَّ اَنِ اعۡبُدُوۡنِىۡ‌ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿۶۱﴾

"اے بنی آدم! کیا میں نے تم سے عہد نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرو وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور یہ کہ میری عبادت کرو یہ سیدھا راستہ ہے"۔

اِس آیت میں عبادت کا مفہوم اطاعت اور پیروی ہی ہو سکتا ہے کیونکہ شیطان کے لیے عبادات تو کوئی انجام نہیں دیتا۔

عبادت میں شرک:

قرآن حکم دیتا ہے عبادت میں شرک نہ کرو:

فَمَنۡ كَانَ يَرۡجُوۡا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلۡيَعۡمَلۡ عَمَلًا صَالِحًا وَّ لَا يُشۡرِكۡ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

(الکھف[18]: 110)

"پس جو کوئی اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھتا ہے اُسے چاہیے کہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی دوسرے کو شریک نہ کرے"۔

شرک فی العبادت سے مراد ہے شرک فی الاطاعت اور شرک فی المحبت۔

شرک فی الاطاعت:

نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِيْ مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ(۱)

"مخلوقات میں سے کسی کی اطاعت جائز نہیں اگر اس سے خالق کی نافرمانی ہو"۔

- انفرادی سطح پر ہماری اکثریت اللہ کے بجائے نفس کی اطاعت کرتی ہے:

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی، باب۴، رقم۱۷۹۵عن عمران بن حصین و سنن الترمذی، کتاب الجهاد عن رسول اللہ ﷺ، باب ما جاء لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۙ﴿۴۳﴾ (الفرقان25: 43)

"(اے نبی ﷺ) کیا آپؐ نے اُس شخص (کے حال) پر بھی نظر کی جس نے اپنی خواہش (نفس) کو اپنا معبود بنالیا ہے؟ تو کیا آپ اس پر نگہبان بنیں گے؟"

ع نفسِ ما ہم کم تر از فرعون نیست

لیک اُو را عون ایں را عون نیست

- اجتماعی سطح پر اللہ کے بجائے انسانوں کے بنائے ہوئے نظام اور قانون کی اطاعت کی جا رہی ہے، حالانکہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

لَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ (بنی اسرائیل3: 111)

"حکومت میں اُس (اللہ) کا کوئی شریک نہیں ہے"۔

وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ (الکھف18: 26)

"اور وہ (اللہ) اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتا"۔

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ (یوسف12: 40)

"حکومت تو بس ایک اللہ ہی کی ہے۔ اُس کا حکم ہے کہ اُس کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو"۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾ (المائدۃ5: 44)

"اور جو اللہ کی نازل کی ہوئی (کتاب) کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے تو ایسے ہی لوگ کافر ہیں"۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ (المائدۃ5: 45)

"اور جو اللہ کی نازل کی ہوئی (کتاب) کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے تو ایسے ہی لوگ ظلم کرنے والے ہیں"۔

ظلم سے مراد ہے اللہ کے ساتھ شرک کرنا اور نوعِ انسانی پر زیادتی کرنا۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴۷﴾ (المائدۃ5: 47)

"اور جو اللہ کی نازل کی ہوئی (کتاب) کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے تو ایسے ہی لوگ فاسق ہیں"۔

اِس وقت ہم ایک کافرانہ، مشرکانہ، ظالمانہ اور باغیانہ نظام کے تحت زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اوّلین اور اہم ترین کام نظام کی تبدیلی کی جدوجہد ہے۔

باطل کے اقتدار میں تقویٰ کی آرزو
کتنا حسیں فریب ہے جو کھا رہے ہیں ہم

- درمیانی سطح پر خلافِ شریعت امور میں شوہر، والدین، اساتذہ، افسرانِ بالا، سرداروں، مذہبی پیشواؤں، سیاسی رہنماؤں اور حکام کی اطاعت بھی شرک ہے۔

وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَ كُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۝ (الاحزاب33: 67)

"اور (دوزخ والے) کہیں گے کہ اے ہمارے رب، ہم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کا کہنا مانا اور اُنہوں (ہی) نے ہمیں گمراہ کیا"۔

کلی تقلید صرف اللہ کے رسول ﷺ کی جائز ہے لہٰذا کسی غیرِ رسول کی جامد تقلید بھی شرک ہے۔ عیسائیوں نے حلال و حرام کا اختیار اپنے مذہبی پیشواؤں کو دے کر اُن کی اطاعت کی لہٰذا اللہ نے اِسے شرک قرار دے کر فرمایا:

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَ رُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (التوبة9: 31)

"اُنہوں نے اپنے علماء و صوفیاء کو رب بنالیا اللہ کو چھوڑ کر"۔

شرک فی المحبت:

اللہ سے شدید محبت ایمانِ حقیقی کا اہم اور اولین تقاضا ہے :

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (البقرة2: 165)

"اور اہلِ ایمان تو (سب سے) بڑھ کر صرف اللہ ہی کو محبوب رکھتے ہیں"۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗٓ (المائدة5: 54)

"اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر گیا تو اللہ ایسی قوم کو لے آئے گا جس سے وہ محبت کرے گا اور وہ اُس (اللہ) سے محبت کرے گی"۔

- انفرادی سطح پر ہماری اکثریت مال کی محبت کو اللہ کی محبت پر ترجیح دیتی ہے۔ اِس حوالے سے ارشادِ

نبوی ﷺ ہے:

تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَعَبْدُ الدِّرْهَمِ[1]

"ہلاک ہو گیا درہم ودینار کا بندہ"۔

- اجتماعی سطح پر موجودہ دور میں وطن کی محبت ہر چہار طرف غالب نظر آتی ہے۔ بقول علامہ اقبال:

اِس دور میں مے اور ہے جام اور ہے جم اور ساقی نے بنا کی روشِ لطف و ستم اور
مسلم نے بھی تعمیر کیا اپنا حرم اور تہذیب کے آزر نے ترشوائے صنم اور

اِن تازہ خداؤں میں بڑا سب سے وطن ہے
جو پیرہن اِس کا ہے وہ مذہب کا کفن ہے

یہ بت کہ تراشیدۂ تہذیبِ نوی ہے غارت گرِ کاشانۂ دینِ نبویؐ ہے
بازو ترا توحید کی قوت سے قوی ہے اِسلام ترا دیس ہے تو مصطفوی ہے

نظارۂ دیرینہ زمانے کو دکھا دے
اے مصطفوی خاک میں اِس بت کو ملا دے

اقوامِ جہاں میں ہے رقابت تو اِسی سے تسخیر ہے مقصودِ تجارت تو اِسی سے
خالی ہے صداقت سے سیاست تو اِسی سے کمزور کا گھر ہوتا ہے غارت تو اِسی سے

اقوام میں مخلوقِ خدا بٹتی ہے اِس سے
قومیتِ اسلام کی جڑ کٹتی ہے اِس سے

معبودِ حقیقی یعنی اللہ کی طرح معبودِ وطن کے لیے بھی ترانۂ حمد پڑھا جاتا ہے، سلامی پیش کی جاتی ہے اور قنوت یعنی ادب واحترام سے کھڑے ہونے کی رسم ادا کی جاتی ہے۔

- درمیانی سطح پر بیوی، اولاد، مذہبی پیشواؤں اور سیاسی رہنماؤں کی محبت بھی شرک ہے، اگر یہ محبت اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی محبت پر غالب آجائے۔ خلافِ شرع کام کرنے والوں کو اپنا ہیرو یا

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ، باب الْحِرَاسَةِ فِي الْغَزْوِ فِي سَبِيلِ اللهِ عن ابی ھریرۃؓ

آئیڈیل قرار دے کر اُن کا پرستار بننا بھی شرک ہے۔

عبادت میں شرک کی کچھ مزید صورتیں:

i. **مراسمِ عبودیت میں شرک** یعنی رکوع، سجدہ، نذر و نیاز وغیرہ اللہ کے سوا کسی اور کے لیے کرنا۔

ii. **دعا میں شرک** یعنی اللہ کے سوا کسی اور سے دعا کرنا۔ عبادت کے ساتھ دعا کا تعلق نبی اکرم ﷺ نے اِس طرح واضح فرمایا:

اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ(۱)

"دعا عبادت کا مغز ہے"۔

اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةِ(۲)

"دعا ہی اصل عبادت ہے"۔

لہٰذا اللہ کے سوا کسی اور سے دعا کرنا شرک فی العبادت ہے:

وَ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ (الجن72: 18)

"بلاشبہ مسجدیں اللہ کے لیے ہیں تو (اِن میں) اللہ کے ساتھ کسی (اور) کو نہ پکارو"۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿۴﴾ (الفاتحة1: 4)

"(اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں"۔

وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ (المؤمن40: 60)

"(لوگو!) تمہارا رب فرماتا ہے کہ مجھے پکارو میں تمہاری (دُعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے تکبر کی وجہ سے گریز کرتے ہیں عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے"۔

iii. اخلاص میں شرک یعنی عمل کا مقصد اللہ کی رضا کا حصول نہ ہو بلکہ کسی کو دکھانا یا سنانا یا دنیا کا فائدہ حاصل کرنا ہو۔ مسندِ احمد کی روایت ہے:

---

(۱) سنن ترمذی، کتاب الدَّعَوَاتِ عَنْ رَسُولِ اللهِ، باب مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الدُّعَاءِ عن انس بن مالكؓ

(۲) سنن ترمذی، کتاب الدَّعَوَاتِ عَنْ رَسُولِ اللهِ، باب مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الدُّعَاءِ عن النعمان بن بشيرؓ

مَنْ صَلّٰی یُرَاءِیْ فَقَدْ اَشْرَکَ مَنْ صَامَ یُرَاءِیْ فَقَدْ اَشْرَکَ مَنْ تَصَدَّقَ یُرَاءِیْ فَقَدْ اَشْرَکَ(۱)

"جس نے دکھاوے کے لیے نماز پڑھی اُس نے شرک کیا جس نے دکھاوے کے لیے روزہ رکھا اُس نے شرک کیا جس نے دکھاوے کے لیے صدقہ کیا اُس نے شرک کیا"۔

اختتامی باتیں:

1. شرک کی یہ جملہ تفاصیل سامنے آنے کے بعد ہمیں کسی درجہ میں سورۃ یوسف12 آیت106 کا صحیح فہم حاصل ہوتا ہے کہ: وَمَا یُؤْمِنُ اَکْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِکُوْنَ (اُن میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں رکھتے مگر یہ کہ وہ شرک بھی کیے جاتے ہیں)۔
2. مذکورہ بالا تفاصیل، قرآنِ حکیم میں چھ بار حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے اِس سند کے بیان ہونے کی اہمیت واضح کرتی ہیں کہ:

وَمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ

"وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے"۔

ے بر اہیمی نظر پیدا مگر مشکل سے ہوتی ہے
ہوس چھُپ چھُپ کے سینوں میں بنالیتی ہے تصویریں

3. شرک کے بارے میں مذکورہ بالا تفاصیل کے علم سے قبل صرف ایسے لوگ مشرک نظر آتے ہیں جو اللہ کے سوا دوسروں کو مدد کے لیے پکارتے ہیں، بزرگانِ دین کے نام کی نذر و نیاز کرتے ہیں، بزرگانِ دین کے مزارات پر اپنی حاجت روائی کے لیے دعائیں کرنے جاتے ہیں اور ان مزارات پر غیر شرعی رسومات انجام دیتے ہیں۔ مذکورہ بالا تفاصیل جاننے کے بعد انسان کو اپنی فکر دامن گیر ہو جاتی ہے کہ کہیں میں بھی تو مشرکین میں شامل نہیں ہوں۔

کسی مسلمان کو مشرک نہیں کہنا چاہیے:

- ہر علم رکھنے والا عالم نہیں ہوتا، اِسی طرح ہر شرک کرنے والا مشرک نہیں ہوتا۔

---

(۱) مسند احمد، کتاب بَاقِي مُسْنَدُ الشَّامِيِّينَ، باب حَدِيثُ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، ۱۷۱۵۱

- اہلِ کتاب نے بدترین شرک یعنی شرک فی الذات کیا لیکن قرآن میں اُنہیں مشرک نہیں بلکہ اہلِ کتاب کہا گیا:

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ (البقرۃ2: 105)

"نہیں چاہتے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اہلِ کتاب اور مشرکین میں سے کہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے کوئی خیر نازل ہو"۔

اِسی طرح اہلِ کتاب کے کھانے اور اُن کی خواتین کے ساتھ نکاح کو جائز قرار دیا گیا:

اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۖ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۖ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ (المائدۃ5: 5)

"آج تمہارے لیے سب پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں اور اہل کتاب کا کھانا بھی تمہارے لیے حلال ہے اور تمہارا کھانا اُن کے لیے حلال ہے اور پاک دامن مومن عورتیں اور پاک دامن اہلِ کتاب عورتیں بھی (حلال ہیں) جب کہ اُن کا مہر دے دو اور اُن سے عفت قائم رکھنی مقصود ہو نہ کہ کھلی بدکاری کرنی اور نہ چھپی دوستی کرنی اور جو شخص ایمان کے بعد کفر کرے گا تو اُس کا عمل برباد ہو گیا اور وہ آخرت میں نقصان پانے والوں میں سے ہو گا"۔

- درحقیقت ہر گناہ شرک کا مظہر ہے لیکن اللہ نے بعض گناہوں کو شرک قرار نہیں دیا اور اُن کی معافی کا وعدہ فرمایا:

i. کبائر سے بچنے والوں کے صغیرہ گناہ معاف کرنے کی بشارت دی گئی:

اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ۝ (النساء4: 31)

"اگر تم اُن بڑے بڑے گناہوں سے بچتے رہو گے جن سے تمہیں روکا گیا ہے تو ہم تمہاری (چھوٹی) برائیوں کو (تمہارے حساب سے) ساقط کر دیں گے اور تم کو عزت کے مقام میں داخل کریں گے"۔

اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَ الْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ (النجم 53:32)

"(ایسے لوگوں کے لیے) جو بچتے رہے کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے سوائے چھوٹے گناہوں کے، اے نبی ﷺ آپ کے رب کی مغفرت بلاشبہ وسیع ہے"۔

ii. مجبوری میں بقدرِ ضرورت حرام سے استفادہ کی اجازت دی گئی:

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَ مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّ لَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

(البقرة 2:173)

"اُس نے تم پر مردار (جانور) اور خون اور سور کا گوشت حرام کیا ہے اور (نیز) وہ جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو۔ لیکن جو شخص (بھوک سے) بے قرار ہو جائے (جب کہ وہ) حکم عدولی اور حد سے تجاوز کرنے والا نہ ہو تو اُس پر کچھ گناہ نہیں۔ بے شک اللہ غفور و رحیم ہے"۔

iii. بھول اور خطاء یعنی غیر شعوری یا وقتی جذبات کے تحت ہونے والے گناہ کی معافی کے لیے دعا سکھائی گئی :

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ (البقرة 2:286)

"اے ہمارے رب، اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں تو (اُن گناہوں پر) ہماری گرفت نہ فرما"۔

البتہ ایسا گناہ جو جان بوجھ کر اور مستقلاً کیا جائے، بغیر توبہ کے معاف نہیں کیا جائے گا۔

بَلٰى مَنۡ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّ اَحَاطَتۡ بِهٖ خَطِيۡٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۸۱﴾ (البقرة2: 81)

"کیوں نہیں! جس کسی نے بھی ایک بُرائی کمائی اور اُس برائی نے اُسے گھیرے میں لے لیا تو ایسے ہی لوگ دوزخی ہیں، وہ ہمیشہ دوزخ ہی میں رہیں گے"۔

- کسی ایک فرد یا گروہ کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو مشرک قرار دے۔ غیر مسلم قرار دینے کی واحد صورت یہ ہے کہ مسلمانوں کے تمام مکاتبِ فکر مل کر حکومت سے ایسا فیصلہ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔
- ہمیں اپنی فکر کرنی چاہیے اور دوسروں کو ہمدردی کے ساتھ شرک سے بچنے کی تلقین کرنی چاہیے۔

درسِ پنجم :

سورۃ حٰمٓ السجدۃ[41] آیات 30-36

"حظِّ عظیم"

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا وَ اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝ وَ مَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَ عَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَ لَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَ لَا السَّيِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَ بَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ وَ مَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَ مَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَ اِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

ترجمہ:

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ... بے شک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے... ثُمَّ اسْتَقَامُوْا ... پھر ڈٹ گئے... تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ... نازل ہوتے ہیں اُن پر فرشتے... اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا... (یہ کہتے ہوئے) نہ تم ڈرو اور نہ کچھ غم کرو... وَ اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ... اور خوشخبری لو اُس جنت کی جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ... ہم تمہارے دوست ہیں دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں... وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ... اور تمہارے لیے اُس (جنت) میں وہ سب ہوگا جو تمہارے جی چاہیں گے... وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝ اور تمہارے لیے اُس (جنت) میں وہ سب ہوگا جو تم مانگو گے۔ نُزُلًا مِّنْ

غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ... ابتدائی مہمانی ہو گی غفور و رحیم کی طرف سے۔ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ ... اور کس کی بات اچھی ہو گی اُس سے جو بلائے اللہ کی طرف... وَعَمِلَ صَالِحًا... اور عمل کرے اچھا... وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ ... اور کہے میں بھی عام مسلمانوں میں سے ہوں۔ وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ... اور نیکی و بدی برابر نہیں ہوتیں... اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ... جواب دو (بدی کا) اُس طور پر جو بہت اچھا ہو... فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ... تو وہ کہ جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے... كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ایسے ہو جائے گا جیسے گرم جوش دوست۔ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ... اور نہیں ملتی یہ سعادت مگر اُن کو جنہوں نے صبر کیا... وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ... اور نہیں ملتی یہ سعادت مگر اُن کو جو بڑے نصیب والے ہیں۔ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ... اور اگر لگ ہی جائے تجھے شیطان کی طرف سے کوئی چُوک ... فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ... تو پناہ کی التجا کر اللہ سے... اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ بے شک وہ بہت سننے والا اور سب علم رکھنے والا ہے۔

تمہیدی نکات:

1. منتخب نصاب کے حصّہ اوّل کا درسِ چہارم سورۃ حٰمٓ السجدۃ[41] کی سات آیات یعنی آیات 30 تا 36 کے مطالعہ پر مشتمل ہے۔
2. قرآنِ حکیم میں کئی مقامات پر سات آیات میں اہم مضامین بیان ہوئے ہیں مثلاً:
   - سورۃ الفاتحۃ[1] — فطرتِ انسانی کی ترجمانی
   - سورۃ البقرۃ[2] رکوع 5 — بنو اسرائیل کو دعوتِ ایمان و عمل
   - سورۃ المائدۃ[5] رکوع 7 — نفاذ شریعت کی پُرزور تاکید
   - سورۃ المدثر[74] ابتدائی سات آیات — نبی اکرم ﷺ کا فرضِ منصبی
   - سورۃ القلم[68] ابتدائی سات آیات — نبی اکرم ﷺ کے محاسن کا بیان
3. اِس درس میں شامل آیات سے سورۃ العصر میں بیان شدہ نجات کی شرائط ایک نئے انداز میں اِس طرح واضح ہو کر سامنے آتی ہیں:

i. ایمان کی وضاحت میں اللہ پر ایمان کے حوالے سے آیت 30 میں اللہ ہی کو رب تسلیم کرنے کا اعلان ہے اور اللہ کی چار صفات (غَفُوْرٍ ، رَّحِيْمٍ ، سَمِيْعٌ ، عَلِيْمٌ) کا بیان آیات 32 اور 36 میں آیا۔ آخرت پر ایمان کے ذیل میں آیت 30 میں فرمایا گیا وَ اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ (اور خوشخبری لو اُس جنت کی جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے)۔ اِسی طرح آیت 31 میں الفاظ آئے نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ (ہم تمہارے دوست ہیں دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں اور تمہارے لیے اُس (جنت) میں وہ سب ہوگا جو تمہارے جی چاہیں گے اور تمہارے لیے اُس میں وہ سب ہوگا جو تم مانگو گے)۔ آیت 30 میں فرشتوں پر ایمان کا ذکر یوں کیا گیا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ (نازل ہوتے ہیں اُن پر فرشتے)۔ پھر آیت 30 ہی میں ایمان کے حاصل یعنی زوالِ خوف و حزن کا بیان اِس طرح آیا کہ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا (نہ تم ڈرو اور نہ کچھ غم کرو)۔

ii. عملِ صالح کی اصطلاح آیت 33 میں آئی اور اِس سے قبل اِستقامت کا ذکر آیت 30 میں وارد ہوا۔

iii. تواصی بالحق کے حوالے سے "دعوت الی اللہ" کی اصطلاح آیت 33 میں بیان ہوئی۔

iv. تواصی بالصبر کے ذیل میں صبر کا ذکر آیت 35 میں ہوا۔

4. اِس درس میں شامل آیات میں سورۃ العصر میں بیان شدہ لوازمِ نجات کی بلند ترین منازل کا تذکرہ ہے:

- ایمان کی اعلیٰ ترین منزل ہے اللہ ہی کے "رب" ہونے پر یقین۔
- عملِ صالح کی اعلیٰ ترین منزل ہے "اِستقامت"۔
- تواصی بالحق کی اعلیٰ ترین منزل ہے "دعوت الی اللہ"۔
- صبر کی اعلیٰ ترین منزل ہے "برائی کا جواب بھلائی سے دینا"۔

آیات کے مضامین پر غور

آیت 30:

اِنَّ الَّذِیۡنَ قَالُوۡا رَبُّنَا اللّٰہُ ... بے شک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے ... ثُمَّ اسۡتَقَامُوۡا ... پھر ڈٹ گئے ... تَتَنَزَّلُ عَلَیۡہِمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ ... نازل ہوتے ہیں اُن پر فرشتے ... اَلَّا تَخَافُوۡا وَلَا تَحۡزَنُوۡا ... (یہ کہتے ہوئے) نہ تم ڈرو اور نہ کچھ غم کرو ... وَ اَبۡشِرُوۡا بِالۡجَنَّۃِ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ... اور خوشخبری لو اُس جنت کی جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔

اِس آیت میں اللہ کا ایک اہم اسم رب اور ایک اہم اصطلاح استقامت بیان ہوئی ہے۔

رب:

- لفظ رب کا مادہ ہے ر ب ب (ن) جس سے بننے والے مصدر کے معنی ہیں مالک ہونا، بالادست ہونا، انتظام کرنا۔ امام راغب اصفہانی نے مفردات القرآن میں اِس کی وضاحت یوں بیان کی ہے:

  اِنۡشَاءُ الشَّیۡءِ حَالًا فَحَالًا اِلٰی حَدِّ تَمَامٍ

  "کسی شے کو درجہ بدرجہ ابتداء سے آخری حد تک لے جانا"۔

- رب کے ایک معنی ہیں مالک یا آقا۔ سورۃ یوسف[12] آیت 23 میں حضرت یوسف علیہ السلام کے عزیزِ مصر کے بارے میں یہ الفاظ نقل کیے گئے ہیں کہ اِنَّہٗ رَبِّیۡۤ اَحۡسَنَ مَثۡوَایَ – بلاشبہ وہ میرا ایسا آقا ہے جس نے مجھے اچھی طرح رکھا ہے۔

رب کے دوسرے معنی ہیں ضروریات پوری کرنے والا، پروان چڑھانے والا، پروردگار، پالن ہار۔ اللہ تعالیٰ ہی حقیقی رب ہے جو تمام مادّی و روحانی ضروریات پوری فرماتا ہے۔

دونوں مفاہیم میں مطابقت یہ ہے کہ جو مالک ہوتا ہے وہی اپنی ملکیت کی تمام ضروریات بھی پوری کرتا ہے۔

اِستقامت:

- اِستقامت کل تعلیماتِ دینی کا خلاصہ و عطر ہے۔ ارشاداتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں:

عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِاللهِ الثَّقَفِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قُلْ لِيْ فِي الْاِسْلَامِ قَوْلًا لَااَسْاَلُ عَنْهُ اَحَدًا بَعْدَكَ قَالَ: قُلْ اٰمَنْتُ بِاللهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ (۱)

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ اِسلام کے بارے میں کوئی ایسی بات بتایئے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اِس بارے میں کسی اور سے کچھ نہ پوچھوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کہو میں اللہ پر ایمان لایا اور پھر اِس پر ڈٹ جاؤ"۔

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَارِبُوْا وَسَدِّدُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّهُ لَنْ يَّنْجُوَا اَحَدٌ مِّنْكُمْ بِعَمَلِهٖ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: وَلَا اَنْتَ؟ قَالَ: وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَّتَغَمَّدَنِيَ اللهُ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ (۲)

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے "میانہ روی اختیار کرو، غلو نہ کرو اور اِستقامت اختیار کرو اور جان لو تم میں سے کوئی اپنے عمل سے نجات نہ پا سکے گا"۔ سوال کیا گیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی؟ فرمایا "ہاں میں بھی سوائے اِس کے کہ اللہ ڈھانپ لے مجھے اپنی رحمت اور فضل سے"۔

- صوفیاءِ کرام کا قول ہے کہ:

  اَلْاِسْتِقَامَةُ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ كَرَامَةٍ

  "اِستقامت ہزار کرامتوں سے بہتر ہے"۔

- اِستقامت کا لفظ بنا ہے ق و م سے۔ اِس کے لغوی معنی ہیں ڈٹ جانا، جم جانا، جھیلنا، برداشت کرنا۔
- اللہ کی ربوبیت پر اِستقامت کے دو پہلو ہیں:

i. اِستقامتِ ظاہری جس کے مظاہر ہیں:
   - عبادتِ رب یعنی دلی آمادگی کے ساتھ اللہ کی کلی اطاعت کرنا۔
   - امر بالمعروف یعنی اللہ کی مرضی جاری و ساری کرنے کی کوشش کرنا۔
   - نہی عن المنکر یعنی اللہ کی نافرمانی کو مٹانے کے لیے تن من دھن لگانا۔

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْإِيمَانِ، باب جَامِعِ أَوْصَافِ الْإِسْلَامِ

(۲) صحیح مسلم، کتاب صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ، باب لَنْ يَدْخُلَ أَحَدٌ الْجَنَّةَ بِعَمَلِهِ بَلْ بِرَحْمَةِ اللهِ تَعَالَى

ii. اِستقامتِ باطنی جس سے مراد ہے:

- راضی برضائے رب ہونا یعنی اللہ کے ہر فیصلے پر راضی رہنا۔
- اللہ کا شکر کرنا یعنی ہر نعمت کو اللہ ہی کی عطا سمجھنا اور اس پر نہ اترانا
- مَخَافَۃُ اللہ یعنی اللہ ہی سے ڈرنا۔ حدیثِ نبوی ﷺ ہے:

رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللهِ(۱)

"حکمت کی چوٹی اللہ کا خوف ہے"۔

- توکل علی اللہ یعنی اللہ پر بھروسہ کرنا اور اُسی سے امید رکھنا۔

وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾ (التغابن64: 13)

"اور ایمان والوں کو چاہیے کہ اللہ ہی پر بھروسہ رکھیں"۔

- تفویض الامر الی اللہ یعنی تمام معاملات اللہ کے سپرد کرنا۔

وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ (المؤمن40: 44)

"اور میں تو اپنا معاملہ اللہ (ہی) کے سپرد کرتا ہوں"۔

کارسازِ ما بفکرِ کارِما فکرِما در کارِما آزارِما

"ہمارا کارساز ہمارے مسائل کے حل کا دھیان رکھتا ہے۔ ہمارا بذاتِ خود اپنے مسائل کے حل کے بارے میں متفکر ہونا ہمیں پریشان کر دیتا ہے"۔

درج بالا تفصیلات واضح کرتی ہیں کہ "لفظِ استقامت میں ایک قیامت مضمر ہے"۔

- آیت کے اگلے حصّہ میں اللہ کی ربوبیت پر استقامت اختیار کرنے والوں کے بارے میں خبر دی گئی کہ تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ... نازل ہوتے ہیں اُن پر فرشتے۔ نیک لوگوں پر فرشتوں کا نزول نہ صرف آخرت میں ہوگا بلکہ دنیا میں بھی ہوتا ہے جس کے مواقع حسبِ ذیل ہیں:

i. نیکی پر انسان کی حوصلہ افزائی کے لیے۔ اللہ نے انسان پر حملہ آور شر کی ہر نوعیت کی قوت کے مقابلہ میں اُس کی مدد کے لیے اُسی نوعیت کی خیر کی قوت بھی رکھی ہے:

---

(۱) شعب الایمان للبیہقی، کتاب الحادی عشر من شعب الإیمان وھو باب فی الخوف من اللہ، ۷۶۳... عن ابن مسعودؓ

- شر کی باطنی قوت ہے نفسِ امارہ بالسوء (برائی پر ابھارنے والا نفس) اور خیر کی باطنی قوت ہے نفسِ لوامہ (ضمیر)۔
- شر کی ظاہری قوت ہیں فاسقین وفجار اور خیر کی ظاہری قوت ہیں صالحین۔
- شر کی مخفی قوت ہیں شیاطینِ جنّ اور خیر کی مخفی قوت ہیں فرشتے۔

ii. معرکۂ حق و باطل میں اہلِ ایمان کی نصرت کے لیے جیسے غزوۂ بدر میں:

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝ (الانفال 8:9)

"(اور وہ وقت بھی یاد کرو) جب تم نے اپنے رب سے فریاد کی تھی تو اُس نے تمہاری فریاد سن لی تھی (اور فرمایا تھا) کہ ہم یکے بعد دیگرے اترنے والے ایک ہزار فرشتوں سے تمہاری مدد کریں گے"۔

؎ فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو
اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

iii. ایسی محافل پر جن میں قرآنِ حکیم کی تلاوت اور تدریس ہو رہی ہو۔ نبی اکرم ﷺ کا ارشادِ مبارک ہے:

مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِيْ بَيْتٍ مِّنْ بُيُوْتِ اللهِ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللهِ وَيَتَدَارَسُوْنَهُ بَيْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ (۱)

"جب بھی کچھ لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع ہو کر اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے اور آپس میں اِسے سیکھتے اور سکھاتے ہیں تو اُن پر سکون اور اطمینان کا نزول ہوتا ہے اور رحمت اُن پر چھا جاتی ہے اور فرشتے اُن کو گھیر لیتے ہیں اور اللہ اُن کا تذکرہ اپنے مقربین کی محفل میں کرتا ہے"۔

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الذِّکْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ، باب فَضْلِ الِاجْتِمَاعِ عَلَى تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَعَلَى الذِّكْرِ ... عن ابی ہریرۃؓ

iv. نیک لوگوں پر عالم نزع کے وقت۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ (النحل16:32)

"جب فرشتے روحیں قبض کرتے ہیں پاکیزہ لوگوں کی تو کہتے ہیں تم پر سلامتی ہو۔ داخل ہو جاؤ جنت میں اُن اعمال کی وجہ سے جو تم کرتے رہے ہو"۔

- آیت کے اگلے حصّہ میں اللہ کی ربوبیت پر استقامت اختیار کرنے والوں کو فرشتوں کے ذریعہ خوشخبری دی گئی اَلَّا تَخَافُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا... نہ تم ڈرو اور نہ کچھ غم کرو۔ حزن یعنی غم کا تعلق ماضی کے افسوس ناک واقعات سے اور خوف کا تعلق مستقبل کے اندیشوں سے ہوتا ہے۔ زوالِ خوف و حزن کی نعمت اِس یقین کی بنیاد پر حاصل ہوتی ہے کہ ماضی میں جو کچھ ہوا اللہ نے کیا اور مستقبل میں جو ہو گا وہ بھی اللہ ہی کے حکم سے ہو گا۔ اللہ کے ہر فیصلے میں خیر ہی خیر ہے۔ وہ ہمارا ہم سے بڑھ کر خیر خواہ اور ہماری مصلحتوں کا ہم سے بڑھ کر جاننے والا ہے۔ زوالِ خوف و حزن کی نعمت مقامِ ولایت پر حاصل ہوتی ہے:

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ (یونس10:62-63)

"یاد رکھو اللہ کے دوستوں کے لیے نہ تو (کسی طرح کا) خوف ہے اور نہ وہ غمگیں ہوتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور (برائیوں سے) بچتے رہے"۔

آیت 31:

نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ... ہم تمہارے دوست ہیں دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں... وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ... اور تمہارے لیے اُس (جنت) میں وہ سب ہو گا جو تمہارے جی چاہیں گے... وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝ اور تمہارے لیے اُس (جنت) میں وہ سب ہو گا جو تم مانگو گے۔

اِس آیت میں جنت کی حسبِ ذیل تین نعمتوں میں سے دو کا بیان ہے:

i. وہ نعمتیں جن کا تعلق ہماری نفسانی یا جبلی خواہشات کی تسکین سے ہے۔ اِن کے لیے الفاظ

آئے مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ (وہ سب جو تمہارے جی چاہیں گے) جیسے غذا، مشروبات، لباس، جنسی جذبہ کی تسکین وغیرہ۔ یہ نعمتیں بغیر طلب کیے عطا کی جائیں گی۔

ii. وہ نعمتیں جن کا تعلق ہر انسان کے اپنے اپنے ذوق سے ہے اور وہ اُنہیں طلب کرے گا (تَدَّعُوْنَ)۔ طلب کرنے پر یہ نعمتیں فراہم کر دی جائیں گی۔

iii. وہ خاص نعمتیں جن کا تصوّر کرنا اِس دنیا میں ناممکن ہے۔ اِن کے بارے میں سورۃ قٓ[50] آیت 35 میں فرمایا گیا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ (ہمارے پاس مزید بھی ہے)۔ اِن نعمتوں کا بیان اگلی آیت میں آرہا ہے۔

آیت 32:

نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ . . . ابتدائی مہمانی ہوگی غفور و رحیم کی طرف سے۔

عربی میں نَزِیْل کہتے ہیں اِس مہمان کو جو ابھی ابھی سواری سے اترا ہے۔ اِسی طرح نُزُل کہتے ہیں ابتدائی مہمانی کو جو موسم کی مناسبت سے ٹھنڈے یا گرم مشروب کی صورت میں مہمان کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے۔ اصل ضیافت کا اہتمام بعد میں کیا جاتا ہے۔ اِس آیت میں فرمایا جارہا ہے کہ جنت کی مذکورہ بالا دو نعمتیں تو نُزُل کے درجہ میں ہیں اور اصل یعنی تیسری نعمت تو بعد میں عطا کی جائے گی۔

اِس نعمت کے بارے میں ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

قَالَ اللهُ تَعَالٰى اَعْدَدْتُّ لِعِبَادِيَ الصّٰلِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ فَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ[1]

"اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ نعمتیں تیار کی ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے اُن کا ذکر سنا اور نہ ہی کسی دل پر اُن کا خیال گزرا، اگر تم چاہو تو پڑھ لو فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ . . . انسان نہیں جانتے کہ اُن کے لیے کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک پوشیدہ رکھی گئی ہے (سورۃ السجدۃ 32:17)"۔

---

(1) صحیح البخاری، کتاب بَدْءِ الْخَلْقِ، باب مَا جَاءَ فِي صِفَةِ الْجَنَّةِ وَأَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ، و صحیح مسلم، کتاب الْجَنَّةِ وَصِفَةِ نَعِيمِهَا وَأَهْلِهَا . . . عن ابی ہریرۃؓ

آیت 33:

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ . . . اور کس کی بات اچھی ہو گی اُس سے جو بلائے اللہ کی طرف . . . وَعَمِلَ صَالِحًا . . . اور عمل کرے اچھا . . . وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ . . . اور کہے میں بھی عام مسلمانوں میں سے ہوں۔

- اِس آیت میں "دعوت الی اللہ" کو بہترین بات قرار دیا گیا۔انسان کی قوتِ بیان کا سب سے اچھا مصرف یہ ہے کہ وہ اِسے "دعوت الی اللہ" کے لیے استعمال کرے۔ قوتِ بیان بلاشبہ انسان کا اعلیٰ ترین وصف ہے۔سورۃ الرحمٰن کی ابتدائی چار آیات میں ارشاد ہوا:

الرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝

"(اللہ جو) نہایت رحم کرنے والا ہے ، اُسی نے قرآن سکھایا،انسان کو پیدا کیا، اُسے بیان کرنے کی صلاحیت دی"۔

اِس آیت میں چار چوٹی کی چیزیں بیان ہوئیں۔اللہ کی سب سے پیاری شان رحمان،اللہ کا سکھایا ہوا سب سے اعلیٰ کلام قرآن ،اللہ کی سب سے اشرف مخلوق انسان اور انسان کا سب سے نمایاں وصف بیان۔اعلیٰ شے کا استعمال بھی اعلیٰ ہونا چاہیے۔انسان کے لیے قوتِ بیان کا اعلیٰ ترین مصرف ہے قرآن سیکھنا اور سکھانا۔قرآن کے ذریعہ "دعوت الی اللہ" کا عمل نور علیٰ نور ہے۔

- انسان کی قوتِ بیان کے استعمالات دو طرح کے ہیں:

i. منفی استعمال:

- مجلسی برائیاں جیسے غیبت کرنا، بہتان لگانا، چغلی کھانا، طنز کرنا، مذاق اڑانا، طعنے دینا، بُرے القاب چسپاں کرنا وغیرہ۔
- ذاتی مفادات کے لیے جیسے جھوٹے مقدمات کی وکالت کرنا، معاملات میں جھوٹ اور چرب زبانی کے ذریعہ دھوکہ دہی کرنا، مفاد پرست سیاسی قائدین، علماءِ سوء اور دنیادار صوفیاء کا گمراہی پھیلانا وغیرہ۔
- اجتماعیت میں تخریب کے لیے جیسے افواہیں پھیلانا، غلط بیانی کرنا، نجویٰ یعنی قیادت کے خلاف خفیہ مشورے کرنا وغیرہ۔

- شر کی دعوت جیسے وطنی، لسانی یا نسلی عصبیت کی دعوت دینا، فرقہ واریت کا پرچار کرنا، باطل نظریات کی تبلیغ کرنا وغیرہ۔
- گانوں، ڈراموں، فلموں اور نام نہاد ثقافتی سرگرمیوں کے ذریعہ بے حیائی کی دعوت دینا۔

ii. **مثبت استعمال:**

- پیشہ کے طور پر جیسے سچے مقدمات کی وکالت کرنا، اساتذہ کا مفید علوم کے لیے درس و تدریس کرنا، تاجروں کا سچائی اور امانت داری سے خرید و فروخت کرنا، سفارت کاروں کا ملک و قوم کے مفاد کے لیے بات چیت کرنا وغیرہ۔
- خیر کی دعوت جیسے حقوق کے لیے آواز اٹھانا، خدمتِ خلق کی طرف متوجہ کرنا، نظریات، عقائد، رسومات اور اخلاقیات کی اصلاح کے لیے وعظ و نصیحت کرنا، حق کی حمایت میں آواز بلند کرنا۔ اِسی حوالے سے اعلیٰ ترین کام ہے "دعوت الی اللہ" یعنی کسی فرقہ یا مسلک کی طرف نہیں بلکہ توحید اور ہر سطح پر اللہ کی بندگی کی دعوت دینا۔

- دعوت الی اللہ کے لیے چند اہم نکات حسبِ ذیل ہیں :

i. "دعوت الی اللہ" تواصی بالحق کا نقطۂ عروج ہے۔ تواصی بالحق کے ذیل میں چھوٹی چھوٹی اخلاقی نصیحتیں بھی آتی ہیں لیکن اِس کی چوٹی یہ ہے کہ لوگوں کو ایک اللہ ہی کو معبود ماننے کی دعوت دی جائے کیوں کہ نظری اعتبار سے سب سے بڑا حق اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذاتِ مبارکہ ہے:

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَ اَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾ (الحج 22:62)

"اِس لیے کہ اللہ ہی اصل حق ہے اور اُس کے سوا دوسری ہستیوں کو پکارنا بالکل جھوٹ ہے اور بلاشبہ اللہ ہے ہی بلند و بالا بڑائی والا"۔

اور پھر عملی اعتبار سے سب سے بڑا حق یہ ہے کہ انفرادی و اجتماعی ہر سطح پر اللہ کی بندگی کی دعوت دی جائے:

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ (یوسف12: 40)

"حکومت تو بس ایک اللہ ہی کی ہے۔ اُس کا حکم ہے کہ اُس کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو"۔

ii. "دعوت الی اللہ" کا کام مقصدِ امت ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ (آلِ عمران3: 110)

"(مسلمانو!) تم بہترین جماعت ہو جو لوگوں (کی رہنمائی) کے لیے پیدا کی گئی ہے۔ تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو"۔

iii. "دعوت الی اللہ" کا عمل مؤکد ترین سنتِ نبوی ﷺ ہے۔ یہ وہ متفقہ سنت ہے جس پر آپ ﷺ نے ظہورِ نبوت سے لے کر حیاتِ مبارکہ کے آخری سانس تک عمل کیا۔ سورۃ یوسف12 آیت 108 میں ارشاد ہوا :

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ (یوسف12: 108)

"(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے کہ میرا راستہ تو یہ ہے کہ (لوگوں کو) اللہ کی طرف بلاتا ہوں پورے شعور کے ساتھ، میں بھی اور وہ لوگ بھی جنہوں نے میری پیروی کی"۔

سورۃ الاحزاب33 آیات 45 اور 46 میں آپ ﷺ کے اوصافِ حمیدہ سے ایک وصف "داعی الی اللہ" بیان کیا گیا:

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝

"اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو گواہی دینے والا، خوشخبری دینے والا، خبردار کرنے والا، اللہ کے حکم سے اُس کی طرف (لوگوں کو) بلانے والا اور (ہدایت کا) روشن چراغ بنا کر بھیجا ہے"۔

iv. "دعوت الی اللہ" کا اصل محرک لوگوں کی ہمدردی اور خیر خواہی کا جذبہ ہونا چاہیے۔ اِس میں نہ تو اپنی شخصیت کی نمود کا کوئی شائبہ شامل ہونا چاہیے اور نہ طلبِ جاہ کا۔ یہاں تک کہ

حق کی حمایت میں، غیرت و حمیت کے جذبہ کے تحت، اگر کبھی کسی فرد، گروہ یا ادارے پر تنقید کی نوبت آجائے تو اِس میں بھی ہمدردی اور دلسوزی غالب رہے اور ذاتی رنجش یا انتقامِ نفس کا کوئی شائبہ نہ پیدا ہونے پائے۔

لوگوں کے ساتھ ہمدردی اور خیر خواہی کا ایک اہم مظہر رحمت اور شفقت کا وہ جذبہ ہے جو لوگوں کو تکلیف اور مصیبت میں دیکھ کر دل میں پیدا ہوتا ہے اور عملی زندگی میں خدمتِ خلق اور ایثار و انفاق کی صورت میں جلوہ گر ہوتا ہے۔ دعوتِ دین اور خدمتِ خلق کا ایسا چولی دامن کا ساتھ ہے کہ ایک کو دوسرے سے علیحدہ کرنا ممکن نہیں۔ بلاشبہ دین کا وہ داعی جو خادمِ خلق نہ ہو، اپنی دعوت میں دولتِ اخلاص سے محروم ہے۔

v. "دعوت الی اللہ" کے عمل کے لیے "الاقرب فالاقرب" کی تدریج اختیار کرنا ضروری ہے یعنی جس سے جتنی قربت اور محبت داعی کو ہو، دعوت و تخاطب میں اِسی قدر اُسے مقدم رکھا جائے۔ دعوت کا تخاطب لازماً ایک تدریج کے ساتھ داعی کے اپنے نفس سے شروع ہو کر پوری انسانیت کو ہونا چاہیے۔ سب سے پہلے انسان خود اپنی ذات کو دعوت کا مخاطب سمجھے۔ سورۃ المائدۃ 5 آیت 105 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ

"اے ایمان والو! اپنی جانوں کی (گناہوں سے) حفاظت کرو۔ جب تم ہدایت پر ہو تو کوئی گمراہ تمہارا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتا"۔

پھر اپنے اہل و عیال کی تربیت پر توجہ دی جائے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّ قُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ

(التحریم 66:6)

"اے مومنو! بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو جہنم کی آگ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں"۔

اِس کے بعد اپنے قریبی رشتہ داروں کو دعوت دینی چاہیے:

وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۙ (الشعراء 26:214)

"اور اپنے قریب کے رشتہ داروں کو (آخرت کے محاسبہ سے) خبردار کرو"۔

پھر قوم تک دعوت پہنچانے کا عمل ہونا چاہیے:

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ (الاعراف7:59)

"اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اُس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں"۔

اور آخر کار پوری انسانیت کو دین کی دعوت پہنچانے کی کوشش کرنی چاہیے:

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ (البقرۃ2:143)

"اور اِسی طرح ہم نے تمہیں درمیانی امت بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر (دین کے) گواہ بنو"۔

یہ صورت کہ داعی اپنے آپ کو بھول جائے اور نیکی کی ساری دعوت دوسروں کو دیتا رہے یا اپنے خاندان اور کنبے کو تو بھول جائے اور دُور دراز کے لوگوں میں ہدایت کی سوغات بانٹنے کے لیے اُٹھ کھڑا ہو، درست نہیں۔ اِس سلسلے میں یہ بات بھی صحیح نہیں کہ ایک مرحلے کی تکمیل کے بعد ہی دوسرا مرحلہ شروع کیا جائے۔ مطلوب صرف یہ ہے کہ دعوت کے عمل کو ایک فطری تدریج اور حسین تناسب کے ساتھ اپنی ذات، اہل و عیال، کنبے قبیلے اور پھر عوام الناس تک بڑھنا چاہیے۔

vi. "دعوت الی اللہ" کا ہدف ہونا چاہیے اقامتِ دین یعنی پورے نظامِ زندگی پر اللہ کے دین کو غالب کرنا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ (المدثر74:1-3)

"اے لحاف میں لپٹنے والے ﷺ، اٹھیے اور (لوگوں کو عذابِ آخرت سے) آگاہ کیجیے اور اپنے رب کی کبریائی قائم کیجیے"۔

vii. "دعوت الی اللہ" کے لیے قرآنِ حکیم کو ذریعہ بنانا چاہیے۔ ارشاداتِ باری تعالیٰ ہیں :

وَ جَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝ (الفرقان25:52)

"اور (اے نبی ﷺ) قرآن (کے ذریعے) سے اُن سے جہاد کیجیے"۔

فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ (قٓ50:45)

"(اے نبی ﷺ) قرآن کے ذریعے سے نصیحت کرتے رہیے"۔

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾ (مریم 19:97)

"تو (اے نبی ﷺ!) ہم نے اِس (قرآن) کو آپ ﷺ کی زبان میں (اتار کر) آسان کر دیا ہے تاکہ آپ ﷺ اِس کے ذریعہ متقی انسانوں کو خوشخبری دیں اور اِس کے ذریعہ جھگڑالو لوگوں کو (انکار و سرکشی کے نتائج سے) خبردار کر دیں"۔

وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ (الانعام 6:19)

"(کہہ دیجیے) اور یہ قرآن میری طرف اِس لیے وحی کیا گیا ہے کہ اِس کے ذریعہ سے تمہیں اور جس جس کو یہ پہنچے (اللہ کے عذاب سے) خبردار کر دوں"۔

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ (الانعام 6:51)

"اور (اے نبی ﷺ!) آپؐ اِس (قرآن) کے ذریعے سے اُن لوگوں کو (انکار و بد عملی کے نتائج سے) خبردار کیجیے جو اِس بات کا خوف رکھتے ہیں کہ (قیامت کے دن) اپنے رب کے حضور (اِس حال میں) پیش کیے جائیں گے کہ اُس کے سوا نہ کوئی اُن کا دوست ہو گا اور نہ سفارشی شاید کہ وہ متقی بن جائیں"۔

اِسی حوالے سے ارشاداتِ نبوی ﷺ ہیں:

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ (۱)

"تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں"۔

مَنْ دَعَا اِلَيْهِ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (۲)

"جس نے قرآن کی طرف دعوت دی اُسے تو ہدایت دے دی گئی سیدھے راستے کی"۔

- آیت کے اگلے حصّہ میں فرمایا وَعَمِلَ صَالِحًا (اور اُس نے عمل کیا اچھا)۔ دعوت اور عمل کے باہمی تعلق کے حوالے سے حسبِ ذیل نکات قابلِ توجہ ہیں:

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب فَضَائِلِ الْقُرْآنِ، باب خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ ... عن عثمانؓ

(۲) سنن الترمذی، کتاب فضائل القرآن عن رسول اللہ ﷺ، باب ما جاء فی فضل القرآن، و سنن الدارمی، کتاب فضائل القرآن، باب فضل من قرء القرآن

i. عمل دعوت کا لازمی تقاضا ہے۔ اگر عمل نہ کیا جائے تو نہ صرف دعوت کا اثر نہیں ہوتا بلکہ دعوت کا کام کرنے والوں پر لوگوں کا اعتماد ختم ہو جاتا ہے۔ بے عملی گناہ ہے لیکن ایک داعی کی بے عملی اِس لیے بڑا جرم ہے کہ وہ یہ حرکت جان بوجھ کر کرتا ہے۔ قرآنِ حکیم میں اللہ نے دعوت دینے لیکن خود عمل نہ کرنے پر سخت تنبیہ فرمائی:

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝(البقرۃ2:44)

"کیا تم (دوسرے) لوگوں کو نیکی کی تلقین کرتے ہو اور خود کو بھول جاتے ہو جبکہ تم کتاب کی تلاوت کرتے ہو؟ کیا تم سوچتے نہیں ہو؟"

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝(الصّف61:2-3)

"اے لوگو جو ایمان لائے ہو! ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو؟ اللہ کو (یہ) سخت ناپسند ہے کہ تم ایسی بات کہو جو کرتے نہیں"۔

ii. تکمیلِ عمل تک دعوت کے کام کو مؤخر کرنا درست نہیں ہے۔ کوئی شخص یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ میرا عمل درست ہو چکا ہے لہٰذا اب میں دوسروں کو دعوت دے سکتا ہوں۔ یہ شیطان کا حربہ ہے کہ وہ انسان کو اپنے عمل کی مکمل درستگی تک دعوت کے کام سے روکنا چاہتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دعوت بھی عمل میں اصلاح پیدا کرتی ہے۔ معارف القرآن جلد اوّل میں مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ جب مجھے اپنی کسی بری عادت کا علم ہوتا ہے تو میں اِس عادت کی مذمت اپنے مواعظ میں خاص طور سے بیان کرتا ہوں، تاکہ وعظ کی برکت سے یہ عادت جاتی رہے۔

iii. دعوت بلا عمل کے بھی محدود اثرات ہو سکتے ہیں۔ بعض سننے والے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اِس قول کو پیشِ نظر رکھ کر اپنے عمل کی اصلاح کر لیتے ہیں کہ "یہ دیکھو کیا کہا جا رہا ہے؟ یہ نہ دیکھو کون کہہ رہا ہے؟"

- آیت کے آخری حصّہ میں فرمایا قَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (دعوت دینے والا کہے میں بھی عام مسلمانوں میں سے ہوں)۔اِن الفاظ کی افادیت یہ ہے کہ:

i. یہ اللہ کی فرمانبرداری کا اعلان ہے۔خاص طور پر مخالفانہ ماحول میں یہ اعلان ایک کلمۂ عزیمت ہے کہ کوئی دعوت قبول کرے یا نہ کرے میں تو اللہ کی فرمانبرداری اختیار کر رہا ہوں۔

ii. یہ کلمہ تواضع اور انکساری کا بھی اظہار ہے۔دعوت دینے والا وضاحت کر رہا ہے کہ میں خود کو بڑا صاحبِ علم اور پارسا سمجھ کر وعظ و نصیحت نہیں کر رہا بلکہ میں خود بھی عام مسلمانوں میں سے ہوں۔گویا یہ کلمہ تکبر پیدا کرنے کے شیطانی حملے سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔

iii. یہ کلمہ فرقہ وارانہ تقسیم سے اعلان برأت بھی ہے۔داعی واضح کر رہا ہے کہ میری دعوت کسی مسلک یا فرقہ کی طرف نہیں بلکہ اِسلام کے متفق علیہ امور کے حوالے سے ہے۔ داعی کو احتیاط برتنی چاہیے کہ وہ وضع قطع، لباس یا طرزِ عمل کے اعتبار سے ایسے شعائر اختیار نہ کرے جو فرقہ وارانہ شناخت کا باعث بن کر اُسے عام مسلمانوں سے علیحدہ کر دیں۔

آیت 34:

وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ ... اور نیکی و بدی برابر نہیں ہوتیں ... اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ... جواب دو (بدی کا) اُس طور پر جو بہت اچھا ہو ... فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ ... تو وہ کہ جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے ... كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ایسے ہو جائے گا جیسے گرم جوش دوست۔

- اِس آیت میں صبر کی اعلیٰ ترین منزل کا بیان ہے۔کسی کی مخالفت میں خاموش رہنا بھی اور جواب نہ دینا بھی صبر ہے۔اعلیٰ ترین درجہ یہ ہے کہ برائی کا جواب بھلائی سے دیا جائے۔اِس طرزِ عمل سے جانی دشمن بھی گرم جوش دوست بن جاتا ہے۔
- دعوتِ دین کے مرحلہ کا اہم اصول ہے کہ برائی کا بدلہ نہ لیا جائے لیکن اپنے موقف پر ثابت قدم رہا جائے۔اِس روش کو صبرِ محض (Passive Resistance) کہا جاتا ہے۔مخالفت کے جواب میں صبرِ محض کی روش کی حکمت یہ ہے کہ:
  - نظامِ باطل کے پاس انقلابی جماعت کو مکمل طور پر کچلنے کا اخلاقی جواز نہ ہو۔

- دعوت و تبلیغ کے ذریعہ اور برائی کا جواب برائی سے نہ دے کر معاشرے کی خاموش اکثریت کی ہمدردیاں حاصل کر کے اپنی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔
- ساتھیوں کی تربیت کے لیے مہلت لی جا سکے۔
- ساتھیوں میں انتقام کے جذبہ کو پکایا جائے تاکہ وقت آنے پر باطل کے خلاف بھرپور وار کیا جا سکے۔

- صبر محض کی روش دعوتِ دین کے مرحلہ تک ہے۔ جب ساتھیوں کی معتد بہ تعداد فراہم ہو جائے تو پھر اقامتِ دین کا مرحلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اِس مرحلہ میں برائی کا جواب ویسی ہی برائی سے دیا جاتا ہے۔ سورۃ الشوریٰ[42] آیات 39تا42 میں نیک بندوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا گیا:

وَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ وَ جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَ اَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَ لَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۱﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾

"اور جب اُن پر زیادتی کی جاتی ہے تو وہ بدلہ لیتے ہیں۔ اور (جان لو کہ) برائی کا بدلہ ویسی ہی برائی ہے، پھر جو معاف کر دے اور اصلاح کرے تو اُس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے، بے شک وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جو کوئی اپنے اُوپر ظلم ہونے کے بعد (برابر کا) بدلہ لے لے تو ایسے لوگوں پر کوئی الزام نہیں۔ الزام (تو) اُن لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں ناحق زیادتی کرتے پھرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے"۔

سورۃ البقرۃ[2] آیت 191 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ اقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَ اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَ الْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَ لَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾

"اور (جو لوگ تم سے لڑتے ہیں) اُن کو جہاں پاؤ قتل کرو اور جہاں سے اُنہوں نے تم کو

نکالا ہے تم بھی اُن کو (وہاں سے) نکال باہر کرو۔ فتنہ تو قتل سے بھی زیادہ برا ہے، اور مسجد حرام کے قریب جب تک وہ تم سے نہ لڑیں تم بھی اُن سے نہ لڑو۔ پھر اگر وہ تم سے لڑیں تو تم بھی اُن کو قتل کرو، ایسے کافروں کی یہی سزا ہے"۔

سورۃ النحل[16] آیت 126 میں ہدایت دی گئی:

وَ اِنۡ عَاقَبۡتُمۡ فَعَاقِبُوۡا بِمِثۡلِ مَا عُوۡقِبۡتُمۡ بِهٖ ؕ وَ لَئِنۡ صَبَرۡتُمۡ لَهُوَ خَيۡرٌ لِّلصّٰبِرِيۡنَ ﴿۱۲۶﴾

"اور اگر تم اُن سے بدلہ لو تو ویسا ہی بدلہ لو جیسی اُنہوں نے تمہارے ساتھ زیادتی کی ہے اور اگر تم نے صبر کیا تو بلاشبہ صبر کرنے والوں کے لیے یہ ہی بہتر ہے"۔

آیت 35:

وَمَا يُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الَّذِيۡنَ صَبَرُوۡا ۚ ... اور نہیں ملتی یہ سعادت مگر اُن کو جنہوں نے صبر کیا ... وَمَا يُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا ذُوۡ حَظٍّ عَظِيۡمٍ ... اور نہیں ملتی یہ سعادت مگر اُن کو جو بڑے نصیب والے ہیں۔

اِس آیت میں یہ حقیقت بیان کی گئی کہ برائی کے جواب میں خاموش رہنا بھی آسان نہیں لیکن اِس کا جواب بھلائی سے دینا واقعی مشکل، بہت بڑی سعادت اور بڑے نصیب کی بات ہے۔ مکی دور میں نبی اکرم ﷺ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے اس طرزِ عمل کی تابناک مثالیں پیش فرمائیں۔

سلام اُس پر کے جس نے زخم کھا کر پھول برسائے

سورۃ القصص[28] کی آیات 54 اور 55 میں حبشہ سے آنے والے اُن اہلِ کتاب کی خوب تحسین کی گئی جنہوں نے مشرکینِ مکہ کی مخالفت کا جواب بھلائی کے ساتھ دیا:

اُولٰٓئِكَ يُؤۡتَوۡنَ اَجۡرَهُمۡ مَّرَّتَيۡنِ بِمَا صَبَرُوۡا وَ يَدۡرَءُوۡنَ بِالۡحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَ مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ﴿۵۴﴾

وَ اِذَا سَمِعُوا اللَّغۡوَ اَعۡرَضُوۡا عَنۡهُ وَ قَالُوۡا لَنَاۤ اَعۡمَالُنَا وَ لَكُمۡ اَعۡمَالُكُمۡ ۫ سَلٰمٌ عَلَيۡكُمۡ ۫ لَا نَبۡتَغِى الۡجٰهِلِيۡنَ ﴿۵۵﴾

"یہ وہ لوگ ہیں کہ اُن کو دُگنا بدلا دیا جائے گا کیونکہ اُنہوں نے صبر کیا اور برائی کا بدلہ اچھائی سے دیتے ہیں اور جو (مال) ہم نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جب بیہودہ بات سنتے

ہیں تو اُس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے لیے ہمارے اعمال اور تمہارے لیے تمہارے اعمال تم کو سلام ہم جاہلوں سے نہیں الجھتے"۔

آیت36:

وَ اِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ ... اور اگر لگ ہی جائے تجھے شیطان کی طرف سے کوئی چُوک ... فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ... تو پناہ کی التجا کر اللہ سے ... اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۶﴾ بے شک وہ بہت سننے والا اور سب علم رکھنے والا ہے۔

اِس آیت میں آگاہ کیا گیا کہ شیطان کے حملے سے کوئی محفوظ نہیں اور اللہ سے قربت کے اعلیٰ سے اعلیٰ مقام پر پہنچ کر بھی اِس کا خطرہ برقرار رہتا ہے، لہٰذا اللہ کی پناہ میں آنے کے لیے خصوصی دعا کی تلقین کی گئی ہے۔ سورۂ مومنون میں بھی اِسی حوالے سے دعا سکھائی گئی:

وَ قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ﴿۹۷﴾ وَ اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

(المؤمنون[23]: 97-98)

"اور (اے نبی ﷺ) یوں دعا کیجیے کہ اے اللہ! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے اللہ! اِس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آموجود ہوں"۔

FINAL

9/3/2021